رضا نے نیند میں جواب دیا۔۔

رضا دیکھیں تو سہی کس کی کال ہے اگر نہیں دیکھنی تو موبائل مجھے دیں میں دیکھتی ہوں۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیاااا یار صبا سونے بھی نہیں دیتی سکون سے۔۔

یہ کہتے ہوئے جب رضا نے سائیڈ ٹیبل سے موبائل اُٹھایا تو دیکھا موبائل کی سکرین پر صائمہ کا نام لکھا آ رہا تھا۔۔

وہ یہ دیکھتے ہی اُٹھ کر بیٹھ گیا۔۔

میرے دوست کی کال ہے میں سُن کر آتا ہوں۔۔

رضا اُٹھ کر فوراً باہر چلا گیا۔۔

URDU NOVEL BANK

میرے کہنے سے تو اٹھ نہیں رہے تھے اور اب دوست کی کال دیکھتے ہی جناب اُٹھ گئے واہ بھئی انہیں تو دوست سے پیار ہے ہم سے نہیں۔۔

وہ نہیں جانتی تھی رضا اسے دھوکہ دے رہا ہے۔۔۔

رضا فوراً نیچے گیا اور دیکھا کہ میری ساس تو نہیں منڈلا رہی کہیں۔۔

یہاں وہاں دیکھنے کے بعد وہ فوراً صائمہ کے پاس کمرے میں چلاگیا۔۔

کیا ہوا ہے کیوں فون کررہی ہو ؟؟؟

صائمہ جلدی سے رضا کے ساتھ لپٹ گئی۔۔

امی نے مجھے اتنی باتیں سُنائی ہیں اور کہہ رہی ہیں صبح ہوتے ہی تم اپنے گھر جاؤ گی اور رضا امی کبھی بھی ہماری شادی نہیں ہونے دیں گی۔۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

ارے بس اتنی سی بات میری جان۔۔

یہاں بیٹھو۔۔

رضا نے اسے اپنے ساتھ صوفے پر بیٹھایا۔۔

یہاں دیکھوں میری طرف۔۔

URDU NOVEL BANK

تمہیں فکر کرنے کی بالکل بھی ضرورت نہیں ہے میں نے تم سے پہلے بھی بولا ہے میری جان۔۔

رضا میں اب تمہارے بغیر نہیں رہ سکتی۔۔

میں بھی نہیں رہ سکتا تمہارے بغیر۔۔

بہت رات ہوگئی ہے اب تم آرام سے سو جاؤ صبح بات کرتے ہیں ٹھیک ہے۔۔

رضا یہ کہہ کر ابھی صوفے پر سے اٹھا ہی تھا کہ صائمہ نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا۔۔

آج رات میرے پاس ہی سو جاؤ نا پلیز مجھے اکیلی کو ڈر لگ رہا ہے۔۔

،صائمہ نے بیچارہ منھ بناتے ہوئے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

صبا کی آنکھ کُھل گئی تھی جب تمہاری کال آئی تھی مجھے ڈر ہے کہ کہیں وہ نیچے نہ آجائے مجھے دیکھنے۔۔

رضا پلیز۔۔

میں نہیں جانتی کچھ بھی تم میرے پاس ہی رُکو آج رات۔۔

صائمہ ضد کرنے لگی۔۔

اچھا چلو اُٹھو آؤ بیڈ پر۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

صائمہ مسکراتی ہوئی بیڈ پر جا کر لیٹ گئی۔۔

رضا بھی اس کے پاس جا کر لیٹ گیا اور جیسے ہی صائمہ کی آنکھ لگی رضا فوراً اُٹھ کر اوپر اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔

****

بیسٹ آف لک کیپٹن ماہیر کی ٹیم۔۔

،عینا نے رعب دار لہجے میں کہا

بہت شکریہ آپ کا کیپٹن عینا۔۔

،ماہیر نے سیریس انداز میں کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عینا نے سڑے ہوئے ایکسپریشن دیے اور وہاں سے میس کی طرف چلی گئی۔۔

تُم لوگ یہاں کیا کر رہے ہو ؟؟؟

کیا تُم لوگوں کو نہیں معلوم کہ تُم لوگوں کی ٹریننگ کا وقت شروع ہوگیا ہے۔۔۔

تم لوگ اگر کل سے وقت پر نہ اُٹھے تو تم لوگوں کو میں سخت سزا دوں گی یہ بات کان کھول کر سُن لو سب۔۔۔

مجھے یہ بہت اچھی لگتی ہے یار۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس میں اٹیٹیوڈ بہتے مگر پھر بھی میرا دل اس پر آ ٹھہرا ہے--

اس سے پہلے کہ یہ تمہیں کچھ اور کہے چلو یہاں سے--

اسفند طلحہ کو لے کر وہاں سے چلا گیا---

کیا یار تُو تو دیکھنے بھی نہیں دیتا کسی کو--

اب ہم شادی کر کے اپنی بیویوں کو دیکھیں گے یار--

،طلال ہنستے ہوئے کہا

ہاں یار یہ ٹھیک کہا تُو نے--

تینوں اونچی اونچی کہکا لگا کر ہنسنے لگے--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رُکو ذرا میں ماہیر سے مل کر آتا ہوں وہ لوگ جنگ پر جا رہے ہیں---

رُکو ہم بھی آتے ہیں تمہارے ساتھ ہم بھی مل لیں گے--

تینوں بھاگتے ہوئے ماہیر کے پاس پہنچے--

اسفند ماہیر کے گلے لگا--

کامیاب ہوکر لوٹو میرے بھائی ہماری دعائیں تمہارے ساتھ ہیں---

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اپنا بہت خیال رکھنا۔۔۔

،اسفند نے کہا

تم بھی اپنا بہت خیال رکھنا ویسے ہی وقت ملے گھر کال کرلینا۔۔

ٹھیک ہے بے فکر ہو کر جاؤ۔۔۔

بیسٹ آف لک کیپٹن ماہیر۔۔۔

،طلحہ اور طلال نے ماہیر سے ہاتھ ملاتے ہوئے کہا

****

اپنے ابو جان کو کال کر کے بتاؤ کہ تمہاری پھپھو آئی ہوئی ہیں گھر پر جلدی سے گھر آجائیں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،زرین بیگم نے رمشا سے کہا

سب خیریتتو ہے نا امی ؟؟؟

پھپھو ایسے اچانک ؟؟؟

،رمشا نے حیرانگی سے کہا

میں نہیں جانتی کیوں آئی ہیں بس تم جلدی سے اپنے ابو کو بُلاؤ۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یہ کہہ کر زرین بیگم کمرے سے باہر چلی گئیں۔۔

کیا کھائیں گی آپ ؟؟؟

کیا بنواؤں آپ کے لیے۔۔

،زرین بیگم نے بلقیس بیگم کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

جو مرضی بنوا لو اچھا سا اور یہ بتاؤ میرے دونوں بھتیجے کہاں ہیں ؟؟؟

چکر نہیں لگایا کیا انہوں نے ؟؟؟

پھپھو کو تو جیسے وہ بھول ہی گئے ہیں۔۔

،بلقیس بیگم نے طنزیہ انداز میں کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں نہیں ایسی بات نہیں ہے وہ کیسے بول سکتے ہیں بھلا اپنی پھپھو کو۔۔

بس ان کی ٹریننگ ہی بہت سخت چل رہی تھی اسی لیے گھر بھی بہت کم کال کرتے ہیں۔۔

کیسی ہیں پھپھو ؟؟؟

،رمشا نے کہا

میں بالکل ٹھیک ہوں میری بچی شکر ہے کسی کو تو پھپھو یاد ہے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پھپھو آپ تو ہماری جان ہیں کیسے نہ یاد ہوں گی آپ ہمیں--

ازکہ لوگ کہاں ہیں ؟؟؟

انہیں کیوں نہیں لے کر آئیں آپ ؟؟؟

جب بیٹیوں کے رشتے کی بات کرنے جاتے ہیں نا تو انہیں بیٹیوں کو ساتھ لے کر نہیں جایا کرتے--

،بلقیس بیگم نے شرمیلے انداز میں کہا

زرین بیگم کو تو پہلے ہی شک تھا کہ یہ ضرور رشتے کی بات ہی کرنے آئی ہیں اور یہ بات سننے کے بعد ان کا شک یقین میں بدل گیا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ لوگ باتیں کرو میں کچن میں دیکھتی ہوں ذرا کہ کیا بن رہا ہے--

زرین بیگم یہ کہہ کر کچن میں چلی گئیں--

رمشا طاہر بھائی کو کال کرو ان کو بتاؤ کہ پھپھو آئی ہیں گھر آئیں جلدی--

پھپھو میں نے ابو جان کو کال کر دی ہے وہ ذرا کام سے گئے ہوئے ہیں کہہ رہے ہیں آنے میں کچھ وقت لگے گا---

رمشا نے جواب دیا---

URDU NOVEL BANK

اچھا چلو پھر میں حاتم بھائی کے گھر ہو کر آتی ہیں ان سے بھی ملنا بہت ضروری ہے---

ٹھیک ہے پھپھو آپ ہو آئیں---

****

کہاں ہے میرال اسے بُلاؤ ندا بیٹا--

،میرال کے ابو نے کہا

ابو جان میرال تو اپنی دوست کے ہاں گئی ہوئی ہے--

ندا نے جواب دیا---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جب وہ آجائے تو اسے کہہ دینا کہ اپنے سارے ڈاکومنٹس اکٹھے کر کے جلدی سے مجھے دے تاکہ میں آرمی میڈیکل کالج میں اس کے ایڈمیشن کے لیے اپلائے کر دوں--

کیسے پڑھے گی میری بچی اتنا کسی اور فیلڈ میں کروا دیں اس کا ایڈمیشن--

،میرال کی امی نے کہا

میری بیٹی کا خواب ہے آرمی ڈاکٹر بننا اور میں اس کا یہ خواب پورا کروں گا--

میرال کے ابو نے جواب دیا---

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

امی سہی کہہ رہے ہیں ابو اگر اس کا انٹرسٹ ہے تو ہمیں اسے ضرور ڈاکٹر بنانا چاہئیے۔۔

ندا نے کہا،

تم باپ بیٹیاں جو مرضی کرو میں جا رہی ہوں کمرے میں بہت تھک گئی ہوں۔۔

یہ کہہ کر عالیہ بیگم کمرے میں چلی گئیں۔۔

زریار کہاں ہے نظر نہیں آیا آج ؟؟

نا ہی وہ کھانے پر آیا آج ؟؟؟

ابو جان زریار اور میرال دونوں ہی میرال کی دوست کے گھر گئے ہیں میرال کی ایک دوست کو شاید کسی نے اغواہ کرلیا ہے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیاااا ؟؟؟

یہ کب ہوا ؟؟؟

میرال کے ابو نے حیرانگی سے کہا،

ابو جان جس دن میرال لوگوں کا پہلا پیپر تھا اسی دن یہ ہوا ہے۔۔۔

بہت افسوس ہوا مجھے یہ سُن کر۔۔

URDU NOVEL BANK

میرے جاننے والے ہیں میں ان سے بات کرتا ہوں صبح ہی آخر بیٹی کا معاملہ ہے اللہ بچائے ایسے لوگوں سے جو لڑکی کی عزت کا ایک بار بھی نہیں سوچتے ہیں---

جی ابو جان سہی کہا آپ نے زریار بھی ان کی مدد میں لگا ہوا ہے---

ہندا نے کہا

چلو یہ تو بہت اچھی بات ہے جب زریار آئے تو اسے میرے پاس بھیجنا--

جی ابو جان ٹھیک ہے میں بھیج دوں گی---

آپا ابھی تو ہم نے سوچا بھی نہیں ہے اسفند کے رشتے کے بارے میں ابھی ایک دو سال تک سوچیں گے اور میرا یہ ماننا ہے کہ جہاں ہمارے بچے کہیں گے ہم ان کا رشتہ وہاں پر ہی کریں گے--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حاتم شاہ نے دھیمے لہجے میں اپنی بہن بلقیس کو جواب دیا--

بہن کا بھی سوچ لو اس کی بھی بیٹیاں ہیں اور تم اچھے سے جانتے ہو میری بیٹیاں کتنی سگڑھ ہیں کتنی فرمانبردار ہیں کہیں باہر سے لاؤ گے ناجانے کیسی ہوگی تمہاری اور بھابھی کی عزت بھی کرے گی یا نہیں--

URDU NOVEL BANK

حاتم شاہ اور ان کی بیگم بالکل رانیہ بالکل خاموش بیٹھے تھے کیونکہ وہ ابھی اسفند کا رشتہ کرنے کے لیے راضی نہیں تھے۔۔

بھابھی جی سوچ لیں اور سمجھ لیں کہیں بعد میں آپ کو پچھتانہ نہ پڑ جائے۔۔

یہ کہہ کر بلقیس بیگم طاہر شاہ کے گھر جانے کے لیے نکل گئی۔۔

اس کے جانے کے بعد رانیہ بیگم اپنے شوہر حاتم شاہ سے لڑنے لگی کہ میں ہرگز اپنے بیٹے کا رشتہ آپ کی بہن کی لڑکی کے ساتھ نہیں کروں گی۔۔

میرا بیٹا ایک پڑھا لکھا اور سمجھدار انسان ہے میں ہرگز اس کی ناسمجھ بیٹی کو اپنے گھر میں نہیں لاؤں گی اور یہ طاہر بھائی کے گھر بھی اسی سلسلے میں گئی ہے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رانیہ بیگم بہت غصے میں تھی۔۔

میں نے اسے کہہ تو دیا ہے کہ جہاں ہمارا بیٹا کہے گا ہم اس کی شادی وہاں ہی کریں گے تم کیوں پریشان ہو رہی ہے۔۔

،حاتم شاہ نے اپنی بیگم کو سمجھاتے ہوئے کہا

****

کس دوست کی کال تھی رات ؟؟؟

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

آپ اُٹھ کر کہاں گئے تھے رضا ؟؟؟

،صبا نے کپ میں چائے ڈالتے ہوئے کہا

رضا اور زوبیر دونوں ناشتہ کررہے تھے۔۔

کہیں نہیں میں نیچے آگیا تھا کال سننے کہ کہیں شور سے یا میری آواز سے زوبیر کی نیند خراب نہ ہو جائے کیونکہ میرے بیٹے نے اپنی نیند پوری کرکے فریش اُٹھنا ہوتا ہے۔۔۔

،رضا نے زوبیر کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

آج مجھے مارکیٹ بھی جانا ہے کچن کا کچھ سامان ختم ہوگیا ہے کیا آپ مجھے لے جائیں گے شام میں ؟؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،صبا نے کہا

ہاں آفس سے آ کر اگر وقت ملا تو ضرور لے جاؤں گا ورنہ تم ایسا کرنا اپنی امی کو ساتھ لے جاؤ اور جو کچھ چاہئیے ہے لے آؤ اور زوبیر کی فکر مت کرنا میں اسے سکول سے لے آؤں گا۔۔

رضا نے جواب دیا۔۔۔

ہاں یہ ٹھیک رہے گا۔۔

URDU NOVEL BANK

چلو زوبیر بیٹا جلدی سے اپنا بیگ پہنو اور گاڑی میں جا کر بیٹھ جاؤ آپ کے بابا بس آ رہے ہیں چائے پی کر۔۔۔

صائمہ جب سو کر اُٹھی تو اس نے دیکھا رضا تو اس کے پاس ہے ہی نہیں۔۔۔

وہ غصے سے آگ بگولہ ہوگئی۔۔

یہاں وہاں بیڈ پر ہاتھ مارتے ہوئے وہ اپنا موبائل ڈھونڈنے لگی۔۔۔

اُففففف کہاں چلا گیا ہے یہ موبائل ؟؟؟

اس کا موبائل صوفے پر پڑا ہوا تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے جب صوفے پر سے اپنا موبائل اُٹھایا تو دیکھا حماد کی پانچ کالز آئی ہوئیں تھی۔۔

اس کو آج کیسے میری یاد آگئی ؟؟؟

خیر اسے تو میں بعد میں کال کروں گی پہلے میں ذرا میں رضا سے تو پوچھوں کس کی اجازت سے وہ اٹھ کر اس کمرے سے باہر گیا تھا۔۔۔

صائمہ نے رضا کو کال کی تو وہ آفس کی ضروری میٹنگ میں مصروف تھا جس وجہ سے اس نے صائمہ کی کال اٹینڈ نہیں کی۔۔

URDU NOVEL BANK

دوپہر کا ایک بج رہا تھا۔۔۔

صائمہ شاور لے کر جب کمرے سے باہر گئی تو اس کی امی اور صبا مارکیٹ جانے کے لیے نکلنے ہی لگے تھے۔۔

اُٹھ گئی محترمہ۔۔

کیا کھاؤ گی جلدی سے بتا دو پھر امی اور مجھے مارکیٹ کے لیے نکلنا ہے۔۔

،صبا نے کہا

جو مرضی بنا دیں۔۔

،صائمہ نے سڑا ہوا منھ بناتے ہوئے کہا

یہ وقت ہے سو کر اٹھنے کا ہاں؟؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ٹائم دیکھو کیا اپنے سسرال میں بھی اسی طرح سو کر اُٹھتی ہو؟؟؟

،صائمہ کی امی نے تلخ لہجے میں کہا

امی پلیز میرا کوئی موڈ نہیں ہے میرے ساتھ بحث مت کریں۔۔

چھوڑیں امی کوئی بات نہیں یہ اس کے آرام کے ہی تو دن ہیں۔۔۔

،صبا نے اپنی امی کو چُپ کرواتے ہوئے کہا

URDU NOVEL BANK

چلو صبح ہم نکلتے ہیں مارکیٹ کے لیے اس نے جو کچھ کھانا ہوگا خود بنا لے گی۔۔۔

امی بس دو منٹ لگیں گے بنانے میں آپ بیٹھ جائیں۔۔

میں نے کہا نا صبا چلو ابھی اور اسی وقت تمہیں میری بات سمجھ نہیں آئی کیا ؟؟؟

،امی نے سخت لہجے میں کہا

صبا نے سب کچھ وہاں ہی چھوڑ دیا۔۔

صائمہ کچن میں سب کچھ ہے جو کھانا ہے بنا لو ہم بس تھوڑی دیر تک آجائیں گے اور زوبیر بھی آنے والا ہے سکول سے پلیز اسے بھی کچھ کھانے کے لیے دے دینا۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے دے دوں گی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،صائمہ نے منہ بناتے ہوئے کہا

صائمہ اُٹھ کر کچن میں ابھی گئی ہی تھی کہ اس کا موبائل بجنے لگا۔۔

وہ بھاگتی ہوئی کچن سے باہر آئی اور دیکھا تو حماد کی کال تھی۔۔۔

یہ آج ناجانے کیوں کالز کررہا ہے۔۔

جی حماد۔۔

کیسی ہو ؟؟

URDU NOVEL BANK

،حماد نے کہا

میں ٹھیک ہوں تم کیسے ہو ؟؟؟

میں بھی ٹھیک ہوں کیا تمہیں ایک دن بھی میری یاد نہیں آئی کہ میں اپنے شوہر کو ایک کال کرکے اس کا حال پوچھ لوں ؟؟؟

،حماد نے کہا

اگر میں نے نہیں پوچھا تو حماد تم نے کونسا مجھ سے پوچھ لیا تھا ؟؟؟

،صائمہ نے سخت لہجے میں کہا

اپنا انبوکس چیک کرو میڈم میں تمہیں دوبارہ ٹیکسٹ کر چکا ہوں اس دن سے تم نے میرے ایک بھی ٹیکسٹ کا جواب نہیں دیا---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا تو کیا اب تم نے مجھ سے لڑنے کے لیے کال کی ہے حماد ؟؟؟

میں نے تم سے یہ پوچھنے کے لیے کال کی ہے کہ میں کب تمہیں لینے آؤں امی ابو مجھ سے روز پوچھتے ہیں کہ کب آئے گی صائمہ بتاؤ میں انہیں کیا جواب دوں ؟؟؟؟

ابھی مجھے آئے کچھ دن ہی تم میں ہیں جب وہاں ہوتی ہو تو کون سا وہ لوگ میری قدر کر لیتے ہیں---

URDU NOVEL BANK

،صائمہ نے طنزیہ لہجے میں کہا

میں نے یہ تمہاری جلی کٹی باتیں سننے کے لیے کال نہیں کی صرف یہ پوچھنے کے لیے کال کی ہے کہ کب تمہیں لینے آؤں ؟؟؟

،حماد نے سنجیدہ لہجے میں کہا

جب میں نے آنا ہو گا میں تمہیں بتا دوں گی تو مجھے لینے کے لئے آ جانا فلحال میں یہاں پر خوش ہوں---

صائمہ نے جواب دیا---

میں نے تمہیں اتنے اچھے موڈ میں کال کی تھی کہ شاید کچھ دن دور رہ کر بھی تم نے خود کو بدل لیا ہوگا مگر تم تو پہلے سے بھی گئے گزرے نکلی---

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

یہ کہہ کر حماد نے کال بند کردی--

اب بڑی یاد آ رہی ہے اس کے امی ابو کو میری بس بیٹے کے سامنے سچی بنتی ہوگی وہ عالیہ بیگم--

صائمہ نے غصے سے موبائل ٹیبل پر رکھا اور خود کچن میں چلی گئی---

****

URDU NOVEL BANK

بہت جلد پکڑا جائے گا وہ لڑکا ہم نے پولیس کو فوٹیج بھی دے دیا ہے اس میں گاڑی کی نمبر پلیٹ بھی صاف نظر آرہی تھی اور مجھے پورا یقین ہے اس نمبر پلیٹ کی وجہ سے پولیس اسے بہت جلدی ڈھونڈ نکالے گی۔۔۔

ہاں بیٹا تم بالکل ٹھیک کہہ رہے ہو۔۔

اگر آج تم اور سعد نہ یہاں آتے تو شاید ہم کبھی بھی اس فوٹیج تک نا پہنچتے تم دونوں نے بہت محنت کی ہے۔۔۔

،منال کے ابو نے کہا

انکل یہ ہمارا فرض تھا اور اب آپ نے بالکل بھی پریشان نہیں ہونا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زریار نے جواب دیا۔۔۔

ابو آجائیں کھانا کھا لیں آپ نے کل سے کچھ بھی نہیں کھایا۔۔

،امن نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا

نہیں امن مجھے بالکل بھوک نہیں ہے اور نہ ہی میرا کچھ کھانے کو دل کرتا ہے جب تک میں نال واپس نہیں آجاتے میں کچھ بھی نہیں کھاؤں گا۔۔

،منال کے ابو نے اداس لہجے میں کہا

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

انکل اٹھے جلدی سے کھانا کھائیں اگر آپ کھانا نہیں کھائیں گے تو آپ کے اندر ہمت کیسے آئے گی۔۔۔

زریار نے ان کو کھانا کھانے کے لیے فورس کیا۔۔

چلو پھر تم دونوں بھی آؤ ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاتے ہیں۔۔۔

منال کے ابو زریار اور سعد نے سات بیٹھ کر کھانا کھایا۔۔۔

زریار اور سعد دونوں ہی منال کے ابو کو سمجھا رہے تھے۔۔۔

کافی ٹائم ہوگیا ہے گھر جانا چاہئیے۔۔

تمہیں جب بھی ہماری ضرورت ہو بس تم نے مجھے ایک کال کرنی ہے ہم فوراً تمہارے پاس پہنچ جائیں گے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،میرال نے امن سے کہا

ہاں امن میرال بالکل ٹھیک کہہ رہی ہے اور جیسے ہی منال کا کچھ پتہ لگے ہمیں فوراً آگاہ کردینا۔۔

،ساشا نے کہا

امن ساشا اور میرال کے جانے پر اداس ہوگئی تھی۔۔

URDU NOVEL BANK

زریار گاڑی میں بیٹھا ہارن پر ہارن بجائے جا رہا تھا۔۔۔

ساشا تم رات کو اس وقت کیسے جاؤ گی تم ہمارے ساتھ چلو ہم تمہیں اتار دیں گے تمہارے گھر۔۔۔

،میرال نے کہا

نہیں نہیں میرال میں چلی جاؤں گی کوئی مسئلہ نہیں۔۔۔

ساشا نے جواب دیا۔۔۔

دونوں جب گھر سے باہر گئی تو زریار گاڑی میں بیٹھا دونوں کو گھور رہا تھا۔۔۔

ساشا آجاؤ یار ایسے تو نہ کرو۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،میرال نے گاڑی میں بیٹھتے ہوئے کہا

ابھی بھی نا آتی تم سب سے گاڑی میں بیٹھا تمہارا ویٹ کر رہا ہوں تُم لوگوں کی باتیں ہی نہیں ختم ہوتی۔۔

زریار چُپ ہو جاؤ ایک منٹ کے لیے۔۔

ساشا تمہیں یہاں پر کوئی رکشہ نہیں ملنے والا گاڑی میں آ کر بیٹھ جاؤ۔۔۔

کیا یہ اس وقت اکیلی جائے گی ؟؟؟

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،زریار نے میرال کی طرف دیکھتے ہوئے حیرانگی سے کہا

ظاہر ہے اس لیے تو میں اسے کہہ رہی ہوں کہ آ کر گاڑی میں بیٹھ جاؤ مگر اسے تو نہ جانے کیا سوجھ رہی ہے اس وقت اکیلے جانے کی۔۔۔

،میرال نے سرد لہجے میں کہا

اسے بولو فوراً سے پہلے گاڑی میں آ کر بیٹھے۔۔

،زریار نے اونچی آواز میں کہا

میں تو اسے کب سے بول رہی ہوں تم ہی اسے گاڑی سے اتر کر بول دو ایک بار۔۔

زریار گاڑی سے اُترا اور پورے رعب سے ساشا کے پاس جا کر اسے کہا کہ جلدی سے جا کر گاڑی میں بیٹھو۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کے رعب دار لہجے سے ساشا ایک دم ڈر گئی اور فوراً گاڑی میں جا کر بیٹھ گئی۔۔

زریار بھی گاڑی میں آ کر بیٹھ گیا اور گاڑی اسٹارٹ کی۔۔

کیا کل صبح تک پولیس منال کو ڈھونڈ لے گی ؟؟

میرال نے زریار کی طرف دیکھتے ہوئے کہا جو شیشے میں سے ساشا کو دیکھے جا رہا تھا۔۔۔

زریار ساشا کو دیکھنے میں گُم تھا۔۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

زریار کہاں کھوئے ہوئے ہو کیا دیکھ رہے ہو اس شیشے میں تُم ہاں ؟؟؟

،میرال نے زریار کے بازو پر زور سے مُکا مارتے ہوئے کہا

کیا ہے تمہیں سکون سے نہیں بیٹھا جاتا کیا ؟؟؟

میں وہ پیچھے گاڑی کو دیکھ رہا ہوں--

جی جی جی ذرا مجھے وہ گاڑی دیکھانا میں بھی دیکھنا چاہتی ہوں---

،میرال نے مستخرانہ انداز میں کہا

چُپ کرکے بیٹھ جاؤ تم--

ساشا نیچے نظریں کیے بیٹھی ہوئی تھی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تمہیں کیا ہوا ساشا کچھ بول کیوں نہیں رہی تُم ؟؟؟

،میرال نے پیچھے منھ کر کے ساشا کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

یہ میڈم شاید مجھ پر غصہ ہیں--

،زریار نے ہنستے ہوئے کہا

اب تم نے کیا بولا ہے اسے ؟؟؟؟

میرال نے زریار کی طرف غصے سے دیکھا--

URDU NOVEL BANK

میں نے اسے تھوڑا غصے میں بولا کہ گاڑی میں جاکر بیٹھو اسی لیے یہ ناراض ہے۔۔

بالکل بھی شرم نہیں آتی ہے زریار۔۔

سوری کرو اس سے۔۔

تم اچھے سے جانتے ہو کہ لڑکیاں غصہ برداشت نہیں کرتی۔۔

،میرال نے کہا

اوہ اچھا اچھا۔۔۔

تو کیا ہم لڑکے تم لڑکیوں کا گھنٹوں گاڑی میں بیٹھے انتظار کرتے رہیں ؟؟؟؟

زیادہ باتیں نہیں بناؤ اب سوری کرو ساشا سے جلدی۔۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

ارے بھئی میں کیوں سوری کروں میری کیا غلطی ہے ؟؟؟؟

،زریار نے کہا

تم نے ہی اسے ڈانٹا ہے اور ناراض کیا ہے اور اب تم ہی اسے مناؤ گے۔۔

افففففف اللہ یہ میں کہاں پھنس گیا ہوں مجھے تو لگتا ہے میں دنیا میں اس لڑکی سے بس معافی مانگنے آیا تھا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سوری ساشا معاف کردو غلطی ہوگئی آئندہ کبھی بھی ایسے غصے سے بات نہیں کروں گا۔۔

،زریار نے محبت بھرے لہجے میں شیشے سے ساشا کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

یہ ہوئی نا بات میرا اچھا بھائی۔۔

میرال جانتی تھی کہ زریار ساشا کو پسند کرنے لگا ہے مگر وہ بالکل بھی شو نہیں کرواتی تھی کہ و جانتی ہے۔۔

ساشا نے ابھی تک منھ بنایا ہوا تھا۔۔

کم از کم مسکرا ہی دو یار۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،زریار نے پیچھے مڑ کر کہا

میرال زریار کو دیکھ کر ہنسنے لگی۔۔

شرم کرو زریار۔۔

****

چھوڑو مجھے۔۔

تم لوگ جانتے بھی ہو میں کون ہوں ؟؟؟

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

شہمیر خان چیخا۔۔

پولیس نے شہمیر کو اریسٹ کرلیا تھا۔۔

شہمیر خان اپنے دوست کی گاڑی میں اپنے فارم ہاؤس سے واپس آ رہا تھا۔۔

پولیس نہیں جانتی تھی کہ یہ شمش خان کا بیٹا ہے۔۔

شہمیر خان نے خود کو چھڑوانے کی بہت کوشش کی مگر وہ ناکام رہا۔۔

جیل لے جانے کے بعد پولیس نے شہمیر خان کو بہت مارا وہ کافی زخمی بھی ہوچکا تھا۔۔

سخت جان لڑکا جسے اپنی بالکل بھی پروا نہیں تھی اسے یہ زخم بالکل بھی درد نہیں دے رہے تھے جتنا درد اسے منال کے دور جانے سے ہو رہا تھا اس کے دل میں یہی ڈر تھا کہ اس کے ماں باپ منال کو اس کے گھر چھوڑ آئیں گے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کچھ دیر کے بعد دو پولیس والے دوبارہ اندر آئے اور شہمیر خان سے پوچھنے لگے کہ بتادو کہاں چھپا کر رکھا کہ تم نے اس لڑکی کو۔۔

میں نہیں بتاؤں گا تمہیں جو کرنا ہے کرلو۔۔

URDU NOVEL BANK

وہ لڑکی میری محبت ہے میری زندگی ہے تم میں سے کوئی بھی مجھے اس سے دور نہیں کرسکتا۔۔

،شہمیر خان نے پولیس والے کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالتے ہوئے کہا

بہت ہی ڈھیٹ لڑکا ہے یہ لگتا ہے اسے ابھی اور مار کی ضرورت ہے مارو اسے۔۔۔

دو پولیس والوں نے شہمیر کے ہاتھ باندھے اور اسے زور زور سے بیلٹ کے ساتھ مارنے لگے۔۔

اس کے ہونٹ خون سے لال تھے اس کے جسم پر نیل پڑ چکے تھے اس کی کمر پر خون کی قطاریں چل رہی تھیں اور اس کی زبان پر صرف اور صرف اس کی جان منال کا نام تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شمش خان جب گھر پہنچا تو اس کی بیگم نے اسے ساری بات تفصیل سے بتائی۔۔

وہ شہمیر خان کی منال کو اس کے گھر سے اُٹھا لانے کی حرکت پر بہت غصہ تھا۔۔

اس نے اپنے آدمیوں سے کہا کہ جلد از جلد شہمیر کو میرے پاس لے کر آؤ۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ابھی شمش خان اور اس کی بیوی منال کے پاس جا کر بیٹھے ہی تھے کہ ان تک خبر پہنچ گئی کہ شہمیر کو پولیس نے گرفتار کرلیا ہے---

شہمیر خان کی ماں نے جب یہ خبر سُنی تو وہ فوراً بے ہوش ہوگئی--

نویرہ نویرہ--

منال چیخی--

منال ان کے ہاتھ مسلنے لگی--

نویرہ بھاگتی ہوئی کمرے میں آئی اور بیگم صاحبہ کو یوں زمین پر پڑی دیکھ کر ہکی بکی رہ گئی---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شمش خان تو اسی وقت اپنے آدمیوں کے ساتھ پولیس اسٹیشن جانے کے لیے نکل گیا تھا---

جلدی سے پانی دو مجھے--

منال نے نویرہ کو گلاس میں پانی ڈال کر دیا---

نویرہ نے پانی کے قطرے بیگم صاحبہ پر چھڑکے تو ان کو ذرا سی ہوش آئی--

کیا ہوا امی کو ؟؟؟

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

عائزہ بھاگتی ہوئی کمرے میں داخل ہوئی۔۔

شہمیر صاحب کو پولیس پکڑ کر لے گئی بس یہ خبر سنتے ہی بیگم صاحبہ بے ہوش ہو گئیں۔۔۔

نویرہ منال اور عائزہ نے مل کر بیگم صاحبہ کو بیڈ پر لیٹا دیا۔۔۔

تم بیٹھو یہاں میں کچھ کھانے کے لیے لاتی ہوں بیگم صاحبہ کے لیے۔۔

منال کے آنسو ہی نہیں تھم رہے تھے۔۔

یااللہ یہ سب کیا ہو رہا ہے میرے ساتھ۔۔

منال دل ہی دل میں کہہ رہی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

****

زوبیر آپ بیٹھو یہاں میں آپ کے لیے کچن سے پانی لے کر آتا ہوں۔۔

رضا جب کچن میں گیا تو صائمہ اپنے لیے ناشتہ بنا رہی تھی۔۔

محترمہ ناشتہ بنا رہی ہیں ؟؟؟

رضا صائمہ کی طرف بڑھا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہاتھ بھی مت لگانا مجھے--

صائمہ زور سے بولی--

کیا ہوا میری جان ؟؟؟

اتنا غصہ کس بات کا ؟؟؟

رات کو تم کس کی اجازت سے اُٹھ کر باہر آئے تھے کمرے سے ہاں بولو ؟؟؟

اور جب میں نے تمہیں کال کی تو تم نے میری کال بھی اٹینڈ کرنا پسند نہیں کی

واہ---

،صائمہ نے اونچی آواز میں غصے سے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا تو میری جان اس بات پر ناراض ہے---

یار صائمہ رات کو مجھے یہ ڈر تھا کہ کہیں تمہاری امی نہ آجائیں کمرے میں ورنہ مجھے تو

اپنی جان کی بانہوں میں سو کر بہت سکون مل رہا تھا---

رضا ایک بار پھر صائمہ کی طرف بڑھا--

بس کرو رضا بس کرو مجھے تم سے کوئی بات نہیں کرنی--

یہ بتاؤ انہیں کتنی دیر ہوئی ہے مارکیٹ میں گئے ؟؟؟

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ابھی دس منٹ پہلے ہی گئی ہیں وہ لوگ۔۔

صائمہ یہ کہہ کر اپنا ناشتہ لیے کمرے میں چلی گئی۔۔

اس کو منانا بہت ضروری ہے۔۔

رضا نے فریج سے پانی کی بوتل نکالی اور زوبیر کو پانی دیا۔۔

آپ یہ میرے موبائل میں بیٹھ کر گیم کھیلو میں ابھی آتا ہوں۔۔

رضا نے اپنے بیٹے کو موبائل دیا اور خود صائمہ کے پاس کمرے میں چلا گیا۔۔

جب رضا کمرے میں داخل ہوا تو صائمہ نے اسے دیکھ کر منھ بنا لیا۔۔

وہ یہ چاہ رہی تھی کہ رضا اسے منائے اس کی منتیں کرے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ابھی بھی غصہ ہو میری جان؟؟

،رضا نے صائمہ کے پاس بیٹھتے ہوئے کہا

پتا نہیں تم مجھ سے بات نہ کرو اور جاؤ اپنی بیوی کے پاس جا کر سو۔۔

،صائمہ نے منھ بناتے ہوئے کہا

اچھا نا میری جان ایسے نہ کرو جیسے ہی موقع ملے گا میں رات کو تمہارے پاس آؤں گا۔۔

،رضا نے صائمہ کا ہاتھ پکڑ کر چومتے ہوئے کہا

URDU NOVEL BANK

جب تک تم مجھے ڈنر پر نہیں لے جاؤ گے میں تم سے بات نہیں کروں گی سمجھے تُم--

اوہ اچھا جی تو یہ بات ہے--

ہم آج ہی ڈبر پر چلیں گے میری جان تم رات میں ریڈی رہنا بس--

ٹھیک ہے میں ریڈی ہی رہوں گی اور جب تک وہ لوگ مارکیٹ سے نہیں آجاتی تم یہاں ہی رہو میرے پاس---

میں تمہارے پاس ہی ہوں تم بھی تو میری طرف دھیان دو نا--

صائمہ نے ناشتے کی پلیٹ کو ایک سائڈ پر رکھا اور رضا کے سینے سے لپک گئی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رضا نے بھی اسے اپنے ساتھ لگا لیا--

شکر ہے کچھ پل سکون کے نصیب ہوئے ہمیں---

،صائمہ نے کہا

اس وقت یہاں صرف تم اور میں ہیں صائمہ--

صائمہ رضا کی بانہوں میں مدہوش ہوچکی تھی---

صائمہ یہاں دیکھو میری طرف--

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

رضا نے صائمہ کا چہرہ اوپر کرتے ہوئے کہا

ہاں بولو۔۔

وہ نرم ہونٹوں سے بولی۔۔

رضا نے صائمہ کے لبوں پر اپنے لب ابھی رکھے ہی تھے کہ زوبیر نے کمرے کا دروازہ کھول دیا۔۔

رضا ایک دم ڈر گیا۔۔

کیا ہوا رضا ؟؟؟

اچانک صائمہ کی مدہوشی ختم ہوئی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا چاہئیے بیٹا ؟؟

رضا زوبیر کو لے کر کمرے سے باہر چلا گیا۔۔

بس اسی کی کمی تھی دو پل ہم سکون بھی نہیں لے سکتے۔۔۔

****

بہت معذرت شمش خان ہمیں اگر معلوم ہوتا کہ یہ آپ کا بیٹا ہے ہم تو کبھی بھی اسے یہاں تک نہ لے کر آتے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پولیس والے نے شمش خان سے معافی مانگی اور شہمیر کو رہا کر دیا۔۔۔

شہمیر سے چلا بھی مشکل سے جا رہا تھا پولیس نے سچ اگلوانے کے لیے اسے بہت مارا تھا مگر اس سخت جان عاشق نے اپنے منھ سے ایک لفظ بھی نہیں نکالا۔۔۔

ہسپتال لے کر جاؤ اسے جلدی۔۔

،شمش خان نے اپنے آدمی سے کہا

میں کہیں بھی نہیں جاؤں گا مجھے جلدی سے گھر لے چلو۔۔

شہمیر خان یہ کہہ کر لڑکھڑاتے ہوئے قدموں سے گاڑی میں جا کر بیٹھ گیا۔۔

گاڑی تک آنے کے لیے کم از کم کسی کا سہارا ہی لے لیتے شہمیر۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،شمش خان نے کہا

مجھے کسی کے سہارے کی ضرورت نہیں ہے جلدی سے گاڑی اسٹارٹ کرو۔۔

شہمیر خان نے جواب دیا۔۔

ڈرائیور نے فوراً گاڑی اسٹارٹ کردی اور گھر کے لیے نکل گئے۔۔۔

پورے راستے شمش خان اپنے بیٹے کو سجھاتا ہوا آیا کہ ہم ایسے کسی کی بیٹی سے زبردستی تمہارا نکاح نہیں کروا سکتے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ابھی ہم گھر جاتے ہی اس لڑکی کو اس کے ماں باپ کے پاس لے جائیں گے۔۔
شہمیر کے منھ سے ایک لفظ بھی نہیں نکلا وہ چُپ چاپ منال کی یادوں میں کھویا بیٹھا تھا۔۔

گھر جانے کے بعد جب وہ گاڑی سے اُتر کر اندر گیا تو نویرہ نے بتایا کہ بیگم صاحبہ بیہوش ہوگئی تھیں بہت مشکل سے انہیں ہوش آیا ہے۔۔
یہ سنتے ہی شہمیر خان کمرے میں گیا۔۔
جہاں منال بیگم صاحبہ کے سر پر ٹھنڈے پانی کی پٹیاں کررہی تھی۔۔
وہ یہ دیکھ کر حیران رہ گیا اور دروازے میں کھڑا منال کی طرف دیکھتا رہا۔۔
جب وہ دو قدم آگے بڑھا اور اس کے قدموں کی آواز سن کر منال نے جب اس کی طرف دیکھا تو وہ ہکی بکی رہ گئی۔۔۔

یہ کیا حال بنا کر آئے ہو تم اپنا ؟؟؟؟
شہمیر کو دیکھتے ہی منال کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

منال آگے بڑھی اور اس کا پھٹا ہوا گریباں پکڑ کر بولی کہ کس کے پیچھے یہ سب کر رہے ہو تم ؟؟؟

کس کے پیچھے اتنی مار کھا کر آئے ہو پولیس سے ؟؟؟

اپنی ماں کو دیکھو جو تمہاری وجہ سے بستر پر پڑی ہیں تمہیں ذرا خیال نہیں ہے ہاں ؟؟؟

بولو جواب دو کیوں کررہے ہو تم یہ سب ؟؟؟؟

"شہمیر خان کے منہ سے صرف یہ دو لفظ ہی نکلے تھے کہ "تمہارے لیے

یہ سنتے ہی منال نے اس کا گریباں غصے سے چھوڑا اور اس کے آگے اپنے دونوں ہاتھ جوڑے--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ دیکھو شہمیر خان یہ دیکھو---

بس کرو خدا کا واسطہ ہے بس کرو---

شہمیر خان منال کو پاگلوں کی طرح دیکھے جا رہا تھا--

تُم میری پہلی اور آخری خواہش ہو--

یہ مت سمجھنا کہ اگر تم یہاں سے چلی بھی گئی تو میں تمہیں بھول جاؤں گا یا تمہیں حاصل نہیں کر سکوں گا---

URDU NOVEL BANK

تم چاہے دنیا کے کسی بھی کونے میں چلی جانا میں تمہیں ڈھونڈ کر لے آؤں گا۔۔۔

پاگل ہوچکے ہو تم اور کچھ نہیں۔۔

جا کر اپنی ماں کا حال پوچھو ہو سکتا ہے تمہاری آواز سُن کر ان کو قرار آجائے۔۔

منال یہ کہہ کر ایک کونے میں پڑی کُرسی پر بیٹھ گئی۔۔

شہمیر خان اپنی ماں کے پاس جا کر بیٹھ گیا اور ان کا ہاتھ پکڑ کر چومنے لگا۔۔

امی جان۔۔

امی جان دیکھیں آگیا ہے آپ کا بیٹا آنکھیں کھولیں۔۔۔

شہمیر خان کی ماں نے جب اپنے بیٹے کی آواز سُنی تو فوراً سے آنکھیں کھول کر اپنے بیٹے کو چومنے لگی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شکر ہے آگئے تم ورنہ میں تو مر جاتی۔۔

جیسے میں تمہارے لیے یہاں تڑپ رہی تھی ویسے ہی اس بچی کے ماں باپ بھی اس کے لیے تڑپ رہے ہوں گے۔۔

،بیگم صاحبہ نے منال کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا

شہمیر خان وہاں سے اُٹھ کر باہر چلا گیا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

منال بیٹا مجھے کمرے سے باہر لے چلو۔۔

آپ ٹھیک نہیں ہیں آپ کو آرام کی سخت ضرورت ہے آپ کو جو چاہئیے ہے آپ مجھے بتائیں میں آپ کو لا دیتی ہوں۔۔

،منال نے فوراً بیگم صاحبہ کے پاس بیٹھتے ہوئے کہا

تمہیں تمہارے گھر چھوڑ کر آنا ہے بیٹا تمہارے ماں باپ ناجانے کہاں کہاں تمہیں ڈھونڈ رہے ہوں گے۔۔۔

نویرہ۔۔۔

نویرہ۔۔

بیگم صاحبہ نے نویرہ کو آواز دی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جی بیگم صاحبہ۔۔

نویرہ فوراً کمرے میں داخل ہوئی۔۔

شمس خان سے بولو کہ گاڑی نکلوائے منال کو ابھی اور اسی وقت اس کے گھر چھوڑ کر آنا ہے۔۔۔

،بیگم صاحبہ نے دھیمے لہجے میں کہا

URDU NOVEL BANK

مگر بیگم صاحبہ آپ کی طبعیت ابھی ٹھیک نہیں ہے آپ کیسے جائیں گی ؟؟؟

میں نے تم سے جو کہا ہے بس وہ کرو---

نویرہ اداس ہوتی ہوئی کمرے سے باہر گئی اور شمش خان سے کہا کہ بیگم صاحبہ کا حکم ہے کہ جلدی سے گاڑی نکلواؤ میں منال بی بی کو اس کے گھر چھوڑ کر آنا ہے---

کیا طبیعت ٹھیک ہے اب اس کی ؟؟؟

،شمش خان نے حیرانگی سے کہا

طبیعت انکی ناساز ہے مگر وہ کسی کی بھی کوئی بات سننے کو تیار نہیں ہیں--

نویرہ نے جواب دیا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ان سے بولو کہ منال کو لے کر آجائیں میں گاڑی میں بیٹھا انتظار کر رہا ہوں---

نویرہ باقی ہوئی کمرے میں گئی اور بیگم صاحبہ سے کہا کہ شمش خان باہر گاڑی میں بیٹھے آپ کا اور منال کا انتظار کر رہے ہیں---

بیگم صاحبہ اُٹھنے کی ہمت کر رہے تھیں مگر ان سے اُٹھا ہی نہیں جا رہا تھا--

نویرہ نے ہمت کرکے بیگم صاحبہ کو اٹھایا اور کمرے سے باہر لے گئی--

منال بھی ان کے پیچھے پیچھے ہی تھی---

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

جب منال کمرے سے باہر آئی تو وہ یہاں وہاں دیکھنے لگی اپنے کمرے میں کھڑا شہمیر خان منال کو دیوانوں کی طرح چپ چاپ دیکھ رہا تھا۔۔

نہ جانے اسے کیا ہو گیا تھا اتنا شور مچانے والا شہمیر خان چُپ ہوگیا تھا۔۔

کوئی تو بات ضرور تھی ورنہ وہ کبھی بھی اتنا خاموش رہنے والا نہیں تھا۔۔

منال اسے دیکھتی دیکھتی گاڑی میں بیٹھ گئی۔۔

منال حیران تھی کہ یہ کچھ کر کیوں نہیں رہا کوئی تماشا کوئی واویلا کیوں نہیں مچا رہا۔۔

کیونکہ جس شاہ میر کو وہ جان چکی تھی وہ تو بہت ہی کوئی آفت یا طوفان تھا۔۔

اسے لگا تھا کہ جب میں یہاں سے جاؤ گی تو یہ کوئی تماشا ضرور کرے گا مگر وہ یہ سوچ کر اور یہ دیکھ کر حیران تھی کہ یہ بالکل خاموش ہو چکا ہے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جہاں تک وہ دیکھ سکتا تھا منال کو جاتے ہوئے وہ اپنی کھڑکی سے دیکھتا رہا۔۔

شہمیر خان کا گھر کسی بنگلے سے کم نہ تھا۔۔

اس کے کمرے کی کھڑکی سے ان کے گھر کا باہر والا ایریا اور خوبصورت باغ نظر آتا تھا۔۔

****

آپ ایسا کیسے کر سکتے ہیں ؟؟؟

URDU NOVEL BANK

کم از کم آپ کو ہمیں تو بُلا لینا چاہئیے تھا ہم اسے دیکھتے تو سہی وہ کون تھا کون نہیں ؟؟؟

زریار پولیس اسٹیشن میں چیخا۔۔

آپ بیٹھیں سر پلیز شور مت کریں۔۔

،پولیس والے نے زریار کو دھیمے لہجے میں کہا

اتنے میں منال کے ابو بھی پولیس اسٹیشن پہنچ گئے۔۔

کیا ہوا زریار ؟؟

انکل دیکھیں انکے کام۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

انہوں نے رات میں اس لڑکے کو پکڑا اور صبح ہونے سے پہلے ہی اسے رہا بھی کردیا یہ کیسی پولیس ہے یہاں کی ؟؟؟

،کم از کم آپ لوگ یہ دیکھیں کہ لڑکی کا معاملہ ہے۔۔زریار نے سخت لہجے میں کہا

چلو زریار یہاں سے مجھے ان سے یہی امید تھی یہاں کی پولیس کچھ نہیں کرسکتی سوائے رشوت کھانے کے۔۔

،منال کے بے بس باپ نے نظریں جھکائے ہوئے کہا

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

انکل آپ پریشان نہ ہوں وہ جو بھی تھا ہم اسے نکال ڈھونڈیں گے۔۔

زریار اور منال کے ابو وہاں سے غصے سے چلے گئے۔۔

پورے رستے زریار منال کے ابو کو حوصلہ دیتا رہا۔۔

جیسے ہی وہ لوگ گھر کے پاس پہنچے تو دو گاڑیاں سامنے سے آ رہی تھی اور وہ دونوں گاڑیاں منال کے گھر کے پاس آ کر رُکی۔۔

یہ کون آیا ہے ؟؟؟

زریار اور منال کے ابو گاڑی سے نکلے تو چار گارڈ گاڑیوں کے اردگرد کھڑے ہوگئے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زریار نے ابھی ایک قدم اُٹھایا ہی تھا کہ گاڑی سے ایک لڑکی اُتری جس نے سفید رنگ کی چادر اوڑھی ہوئی تھی۔۔

کون ہے یہ لڑکی ؟؟؟

انہیں ایسا محسوس ہوا کہ جیسے یہ منال ہے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

زریار اور منال کے ابو اس لڑکی کو دیکھتے ہی اس کی طرف بڑھے تو گارڈز نے زریار کو پیچھے کی طرف دھکا دیا۔۔

ہٹو پیچھے۔۔۔

گارڈز کو پیچھے کرتی ہوئی منال اپنے باپ کی طرف دوڑتی ہوئی گئی اور ان کے سینے سے لپک گئی۔۔۔

زریار اور منال کے ابو اسے دیکھ کر حیران رہ گئے۔۔

م۔۔م۔۔منال۔۔۔

،اس کے ابو نے اس کا چہرہ اپنی طرف کرتے ہوئے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

منال کے ابو نے اس کا ماتھا چوما اور دوبارہ اپنے سینے کے ساتھ لگالیا۔۔

کہاں چلی گئی تھی میری بیٹی۔۔

منال کے ابو کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔۔

کون ہے اس گاڑی میں ؟؟؟

سامنے آئے ؟؟؟

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یہ کہہ کر ابھی زریار دو قدم آگے ہی بڑھا تھا کہ گاڑی سے شمش خان اور اس کی بیگم باہر آئے۔۔

زریار وہاں ہی رُک گیا۔۔

زریار شمش خان کو بڑے غور سے دیکھ رہا تھا۔۔

کون ہیں آپ لوگ ؟؟؟

،منال کے ابو نے سخت لہجے میں کہا

ابو یہی ہیں جو مجھے آپ تک لے آئے ہیں۔۔

،منال نے شمش خان اور اس کی بیوی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہم آپ سے معافی مانگنا چاہتے ہیں۔۔

،شمش خان نے دونوں ہاتھ جوڑتے ہوئے کہا

میری بیٹی تم جیسے انسان کے پاس پہنچی کیسے ؟؟؟

تم تو وہ ہو نا جس نے پورے شہر کو اپنے قابو میں کرکے رکھا ہوا ہے ؟؟؟

منال کے ابو کو کچھ دیر بعد یاد آیا کہ شمش خان کون ہے۔۔۔

زریار کو ابھی تک معلوم نہیں ہوا تھا کہ یہ سب کیا چل رہا ہے ؟؟؟

URDU NOVEL BANK

چُپ کریں آپ لوگ ایک منٹ۔۔

،زریار نے اونچی آواز میں کہا

ابو پلیز اندر چل کر بات کریں ایسے گھر سے باہر کھڑے ہو کر بات نہ کریں۔۔

منال اپنے ابو کا ہاتھ پکڑ کر ان کو اندر لے گئی۔۔

جاؤ تم اپنی امی سے ملو میں ان سے بات کر کے ابھی آتا ہوں۔۔۔

منال بھاگتی ہوئی اندر گئی۔۔

امن۔۔

امی جان۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

منال روتے ہوئی چیخی۔۔۔

یہ تو منال کی آواز ہے۔۔۔

کہیں میں کوئی سپنا تو نہیں دیکھ رہی۔۔

امن نے کتاب بند کی اور دوڑتی ہوئی کمرے سے باہر گئی تو دیکھا سامنے منال کھڑی تھی۔۔

امی جلدی سے باہر آئیں دیکھیں کون آیا ہے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

امن جھٹ سے منال کے گلے لگ گئی۔۔۔

منال کی امی جب باہر آئیں تو دو منٹ کھڑی ہو کر صرف منال کو دیکھتی رہی اور روتی رہی۔۔

منال آگے بڑھی اور اپنی امی کے آنسو صاف کیے اور ان کے ساتھ لپک گئی۔۔۔

یااللہ تیرا شکر۔۔۔۔

امن بھی دونوں کے ساتھ لپک گئی ماں بیٹیاں زور زور سے رونے لگیں۔۔

وہ ایسا کر کیسے سکتا ہے ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کی ہمت کیسے ہوئی میری بیٹی کو اغواہ کرنے کی ؟؟

منال کے ابو چیخے۔۔

ہم جانتے ہیں ہمارے لڑکے سے بہت بڑی غلطی ہوئی ہے مگر آپ کی بیٹی کو بالکل بھی نقصان نہیں پہنچایا ہمارے بیٹے نے بیشک آپ اپنی بیٹی کو بلوا کر پوچھ لیں۔۔

شمش خان نے دھیمے لہجے میں کہا،

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ایک لڑکی کی معاشرے میں کیا عزت ہوتی ہے کیا مقام ہوتا ہے کیا آپ جانتے ہیں اس بات کو ؟؟؟

،منال کے ابو نے تلخ لہجے میں کہا

جی ہم اچھے سے جانتے ہیں اسی لیے آپ کی بیٹی کو آپ کے پاس لے آئے ہیں۔۔

ہماری بھی ایک بیٹی ہے ہمیں لڑکی کی عزت کرنی خوب اچھے سے آتی ہے۔۔

آپ نے بھی تو ہمارے بیٹے کو جیل میں کروایا تھا اور کیا آپ جانتے ہیں پولیس نے اس کو کتنا مارا ہے ؟؟؟

اس کے جسم پر نیل پڑے ہوئے ہیں جو مجھ سے دکھے بھی نہ گئے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور میں اس کی ماں ہوں اسے ایسے دیکھ کر میرا کلیجہ منھ کو آرہا تھا۔۔

شہمیر کی ماں نے سخت لہجے میں جواب دیا۔۔۔

آپ کا بیٹا صرف پانچ گھنٹے جیل میں رہا اور آپ کا یہ حال ہوگیا تھا میری بہن پانچ دن گھر سے باہر رہی ہے سوچیں اس کے ماں باپ اس کی بہن اس کے خاندان والوں کا کیا حال ہوا ہوگا۔۔۔

میری ماں نے رو رو کر اپنا بُرا حال کرلیا ہے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ایک لڑکی اگر اکیلی کچھ گھنٹے بھی گھر سے باہر رہے نا تو لوگ طرح طرح کی باتیں کرتے ہیں اور لڑکی کے ماں باپ کا جینا حرام کرد یتے ہیں---

،امن نے کمرے میں داخل ہو کر تلخ لہجے میں کہا

ہم جانتے ہیں ہمارے بیٹے نے غلط حرکت کی ہے--

وہ بھی مجبور تھا---

،شمش خان نے کہا

اسے ایسی کون سی مجبوری تھی جو وہ منال کو گھر کے آگے سے اُٹھا کر لے گیا ؟؟؟

،زریار نے سرد لہجے میں کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

محبت کرتا ہے شہمیر خان آپ کی بیٹی سے--

اب سمجھ آگئی آپ سب کو ؟؟؟

،شہمیر خان کی ماں نے اونچی آواز میں کہا

URDU NOVEL BANK

اچھا ٹھیک ہے مان لیا آپ کے بیٹے کو منال سے محبت ہے تو یہ اغواہ کرنے کا کونسا نیا طریقہ آیا ہے محبت میں ؟؟؟

اگر اسے محبت تھی تو وہ آپ لوگوں کو بتاتا آپ لوگ میرے ماں باپ سے آ کر بات کرتے۔۔۔

،منال نے تلخ لہجے میں کہا

ایک منٹ منال۔۔

زریار بولا۔۔

مان لیا اسے محبت ہے۔۔

مگر ابھی آپ نے کہا کہ وہ مجبور تھا ہاں نا ؟؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیسی مجبوری ؟؟؟

کیسے لوگ ہیں آپ ؟؟؟

آپ کے بیٹے نے اتنی بڑی حرکت کی ہے اور آپ لوگ ابھی بھی اسی کے حق میں صفائی پیش کر رہے ہیں۔۔

بس کرو بہت ہوگیا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

جائیں آپ لوگ یہاں سے اور اب کبھی بھی اس گھر کی طرف اپنا رُخ مت کیجئے گا

اپنے بیٹے کو بھی یہ بات سمجھا دینا۔۔

چلو امن۔۔

چلو زریار۔۔

منال کے ابو امن اور زریار کو لے کر گیسٹ روم سے باہر چلے گئے۔۔۔

****

جی ابو جان ماہیر بھی بالکل ٹھیک ہے وہ رات سے اپنی ٹیم کے ساتھ جنگ پر گیا

ہے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسفند شاہ نے کہا،

اللہ اسے کامیاب کرے میرے بہادر بیٹے۔۔۔

اچھا بیٹا میں نے تم سے ایک بات کرنی تھی ضروری۔۔۔

حاتم شاہ نے کہا،

جی ابو کہیں میں سُن رہا ہوں۔۔

اسفند شاہ نے کہا،

URDU NOVEL BANK

بیٹا وہ کل تمہاری پھپھو آئی تھیں تمہارا رشتہ مانگنے اپنی چھوٹی بیٹی کے لیے مگر ہم نے انہیں کہہ دیا ہے کہ ابھی ہمارا بچہ شادی کے لیے تیار نہیں ہے۔۔

،شادی کے لیے تو تیار ہے مگر پھپھو کہ بیٹی سے نہیں اسفند نے دل ہی دل میں کہا ابو جان آپ منع کردیں میں پہلے اچھی پوسٹ تو حاصل کرلوں اس کے بعد شادی کا سوچیں گے۔۔

اسفند نے دل پر پتھر رکھ کر جواب دیا۔۔۔

میرا شیر بیٹا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تمہاری امی بھی بالکل راضی نہیں تھی اس رشتے کے لیے اس لیے ہم نے انکار ردیا تھا۔۔

تم اپنی ٹریننگ پر اپنے کام پر دھیان دو بیٹا اور ماہیر جب کامیابی حاصل کر آئے تو اسے میرا سلام کہنا اور ڈھیر سارا پیار بھی دینا۔۔۔

جی ابو جان ٹھیک ہے آپ بھی گھر سب کو میرا سلام کہیے گا۔۔۔

یہ کہہ کر اسفند نے کال بند کردی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پھپھو کی بیٹی سے شادی کرنے سے بہتر ہے میں کسی نہر میں چھلانگ لگا دوں۔۔۔

وہ پھپھو اور ان کی بیٹی نہیں سیاپا ہیں سیاپا۔۔۔

اسفند بڑبڑاتا ہوا میس کی طرف چلا گیا۔۔۔

******

بہت مبارک ہو تمہیں تمہاری دوست واپس آ گئی ہے میرال۔۔

،زریار نے ٹی وہ لاؤنج میں داخل ہوتے ہوئے کہا

میرال ندا اور ان کی امی ٹی وی دیکھ رہی تھیں۔۔

یہ سنتے ہی میرال جھوم اُٹھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا واقع ہی ؟؟؟

تم سچ کہہ رہے ہو نا زریار ؟؟؟

میرال بھاگتی ہوئی زریار کے پاس گئی۔۔

ہاں سچ کہہ رہا ہوں اور میں ابھی وہاں سے ہی ہو کر آ رہا ہوں۔۔

مجھے پانی پلاؤ ایک گلاس۔۔۔

،زریار نے صوفے پر بیٹھتے ہوئے کہا

URDU NOVEL BANK

یااللہ تیرا شکرا ہے۔۔

میرال یہ کہتی ہوئی کچن میں گئی اور زریار کے لیے پانی لے کر آئی۔۔

کہاں تھی منال کچھ معلوم ہوا ؟؟

،ندا نے کہا

بتاتا ہوں سب بتاتا ہوں مجھے دو منٹ سکون سے بیٹھنے دو۔۔

زریار نے پانی پی کر گلاس ٹیبل پر رکھا اور گہرا سانس لیا۔۔

بہت حالات خراب ہیں تم دونوں بالکل بھی اکیلی باہر نہیں جاؤ گی جہاں بھی جانا ہوا

مجھ سے کہہ دینا میں لے جاؤں گا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

واہ واہ واہ۔۔

کہہ دیکھو کون رہا ہے جس کو ہمیں کہیں لے جاتے ہوئے موت پڑتی ہے۔۔

،میرال نے سرد لہجے میں کہا

میرال۔۔

یہ کون سا طریقہ ہے بھائی سے بات کرنے کا ؟؟

،میرال کی امی نے میرال کو گھورتے ہوئے کہا

URDU NOVEL BANK

مزاق کررہی تھی میں امی۔۔

،میرال نے منھ بناتے ہوئے کہا

ایسا مزاق آئندہ مت کرنا۔۔

اچھا چھوڑیں مامی جان کچھ نہیں ہوتا۔۔

،زریار نے کہا

زریار بتاؤ تو سہی پوری بات کہاں تھی منال اور کیسے آئی ہے واپس ؟؟؟

،ندا نے دوبارہ کہا

ایک عورت اور آدمی آئے تھے ان کے ساتھ گارڈ بھی تھے منال کے ابو کہہ رہے تھے کہ یہ بہت ہی مشہور آدمی ہے پورا شہر اس کے نام سے ڈرتا ہے مگر مجھے اس شخص میں کچھ خاص نظر نہیں آیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ان کا بیٹا منال کو گھر کے پاس سے لے گیا تھا۔۔

زریار نے بتایا۔۔۔

اللہ کون ہے وہ شخص اور منال کو کیوں لے کر گیا تھا وہ ؟؟؟

،میرال نے حیرانگی سے کہا

URDU NOVEL BANK

وہ لڑکا منال سے محبت کرتا ہے---

زریار نے جواب دیا--

کیاااا؟؟؟

محبت؟؟؟

اگر محبت کرتا تھا تو منال کو بتاتا اظہار کرتا اپنی محبت کا ایسے اُٹھا کر کیوں لے گیا؟؟؟؟

میرال بولی--

پتا نہیں کیوں لے گیا ایسے لوگ کہاں پرواہ کرتے ہیں لڑکی کی عزت کی بس اپنا سوچتے ہیں اب منال ہی بتائے گی اس کے ساتھ وہاں کیا ہوا کیا نہیں---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،زریار نے کہا

تم مجھے صبح اس کے پاس لے جانا پلیز---

اچھا لے جاؤں گا لے جاؤں گا یہ بتاؤ کھانے میں کیا بنا ہے بہت بھوک لگی ہے مجھے---

کھانے میں مٹن پلاؤ بنا ہے تمہارا پسندیدہ--

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،ندا نے کہا

چلو جلدی سے کھانا لگاؤ میں بس پانچ منٹ میں فریش ہو کر آ رہا ہوں۔۔

میرال تمہارے ابو ڈاکومنٹس مانگ رہے ہیں تمہارے جلدی سے لے کر جاؤ ان کے پاس۔۔۔

،میرال کی امی نے کہا

جی امی جا رہی ہوں میں۔۔۔

میرال بھاگتی ہوئی کمرے میں گئی اور اپنے ڈاکومنٹس کی فائل اپنے ابو کے پاس لے گئی۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ابو جان یہ رہی میری فائل۔۔

ابو جان میں کہہ رہی تھی کہ میری دوست کا بھی اپلائے کردیں اس کا بھی فارم فل کردیں آپ آرمی ڈاکٹر کے لیے ہی۔۔۔

،میرال نے کہا

ٹھیک ہے مگر صبح تک اس کے ڈاکومنٹس آجائیں کیونکہ زیادہ وقت نہیں بچا اب۔۔

میرال کے ابو نے جواب دیا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

جی ابو جان ٹھیک ہے صبح میں اس کے ڈاکومنٹس لے آؤں گی۔۔

اچھا کیا تمہاری دوست کا کچھ معلوم ہوا ؟؟؟؟

جی ابو جان زریار نے ابھی کچھ دیر پہلے بتایا ہے کہ وہ آگئی ہے واپس۔۔۔

میرال تمہارا فون بج رہا ہے کب سے جلدی آؤ۔۔۔

ندا نے میرال کو آواز دی۔۔

میں ابھی آئی ابو جان۔۔

یہ کہہ کر میرال بھاگتی ہوئی اپنے کمرے میں گئی۔۔

جب تک وہ کمرے میں پہنچی تو زریار اس کا موبائل کان پر لگائے مزے سے کھڑا ہوا تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم نے میرا فون کس کی اجازت سے پکڑا اور تمہاری ہمت کیسے ہوئی کال اٹینڈ کرنے کی۔۔

میرال چیخی۔۔

اتنی دیر سے بج رہا تھا تمہارا فون تو میں نے کال اٹینڈ کرلی۔۔

فون میرال کو دے کر زریار مُسکراتا ہوا کمرے سے باہر چلا گیا۔۔۔

URDU NOVEL BANK

وہ ساشا کا نمبر میرال کے فون سے لے چکا تھا۔۔

ہاں ساشا بولو۔۔

یہ پاگل ہوگیا ہے زریار کچھ کہا تو نہیں اس نے تم سے ؟؟؟

،میرال نے سرد لہجے میں کہا

،نہیں تو کچھ بھی نہیں کہا

وہ میں نے اپنا ایڈمیشن بھیج دیا ہے تم اور امن کہاں بھیج رہی ہو ایڈمیشن ؟؟؟

،ساشا نے کہا

تم جانتی تو ہو میرا خواب ہے آرمی ڈاکٹر بننا تو اسی لیے میرے ابو جان میرا ایڈمیشن آرمی کالج ہی کروائیں گے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور ہاں منال بھی واپس آگئی ہے۔۔

میرال نے جواب دیا۔۔

کیاااا واقع ہی ؟؟؟

ارے یہ تو بہت خوشی کی بات ہے چلو پھر صبح چلتے ہیں منال سے ملنے۔۔

،ساشا نے کہا

URDU NOVEL BANK

ہاں میں صبح جاؤں گی زریار کے ساتھ تمہیں بھی ہم لے لیں گے نکلنے سے پہلے کال کردوں گی میں تمہیں--

ہاں چلو ٹھیک ہے باقی باتیں صبح کریں گے مل کر--

ساشا نے یہ کہہ کر کال بند کر دی--

****

آگئے آپ ؟؟

کھانا لگا دوں آپ کے لیے ؟؟؟

،صا نے کہا

نہیں میرا دل نہیں چاہ رہا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ کہہ کر رضا اپنے کمرے میں چلا گیا--

امی آئیں ہم کھا لیتے ہیں کھانا رضا کا دل نہیں چاہ رہا--

،صبا نے اپنی امی سے کہا

زوبیر جاؤ بیٹا اپنی خالہ کو بُلا کر لاؤ وہ بھی ہمارے ساتھ ہی کھا لے گی بیٹھ کر---

صائمہ میڈم خود ہی کمرے سے نکل کر آگئیں---

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یہ تم اتنا تیار کس لیے ہوئی ہو ؟؟

،صائمہ کی امی نے اسے گھورتے ہوئے کہا

ویسے ہی میرا دل چاہ رہا تھا۔۔

صائمہ نے جواب دیا۔۔

اچھی لگ رہی ہو صائمہ۔۔

آؤ بیٹھو کھانا کھاؤ۔۔۔

،صبا نے کہا

یہاں آ کر بھی میں نے گھر کا کھانا ہی کھانا تھا تو اس سے اچھا تھا میں اپنے گھر ہی رہ لیتی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،صائمہ نے منہ بناتے ہوئے کہا

اب روز روز تم باہر کا کھانا کھاؤ گی کیا چُپ کر کے یہ سبزی کھاؤ۔۔

،صائمہ کی امی نے تلخ لہجے میں کہا

مجھے نہیں کھانی آپ لوگ ہی کھاؤ۔۔۔

رضا سے کہہ دیتی ہوں میں کہ کچھ باہر سے لا دیں تمہیں۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،صبا نے کہا

نہیں صبا اس دن بھی تم نے ایسا ہی کیا تھا روز روز اچھا نہیں لگتا۔۔

کوئی بات نہیں امی۔۔

رضا کمرے میں بیٹھا سوچ رہا تھا کہ کس طرح صائمہ کو ڈنر پر لے کر جاؤں ؟؟؟

رضا کیا ہوا کیا سوچ رہے ہیں ؟؟؟

،صبا نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا

کچھ نہیں میں نے کیا سوچنا ہے۔۔

اچھا وہ صائمہ کو کچھ باہر سے کھانے کے لیے لادیں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زوبیر نے بھی اچھے سے کھانا نہیں کھایا اس کے لیے بھی کچھ لے آئیے گا۔۔

یہ کہہ کر صبا کمرہ سمیٹنے لگی۔۔

کیا لے کر آنا ہے میں تو کہہ رہا ہوں سب چلتے ہیں کھانے پر کیا خیال ہے ؟؟؟

رضا میں اور امی کھانا کھا چکے ہیں اگر جانا ہے تو آپ صائمہ اور زوبیر چلے جائیں۔۔

اچھا چلو میں دیکھتا ہوں پھر۔۔

رضا یہ کہہ کر کمرے سے باہر چلا گیا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

صائمہ نیچے بیٹھی رضا کا انتظار کررہی تھی کہ کب وہ آئے اور میں اس کے ساتھ ڈنر پر جاؤں۔۔

زوبیر آؤ چلیں باہر اپنی خالہ کو بھی لے آؤ۔۔

یہ کہہ کر رضا گیراج کی طرف چلا گیا۔۔

تم کہیں نہیں جاؤ گی سمجھی تم۔۔

میں سب جانتی ہوں یہ جو اتنا تم بن سنور کر بیٹھی ہو۔۔

دیکھنا میں ابھی حماد کو کال کروں گی اور اُسے کہوں لے کر جاؤ اپنی بیوی کو یہاں سے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امی پلیز آپ کی یہ فالتو باتیں اب مجھ پر کوئی اثر نہیں کرتی بہتر یہی ہے کہ چُپ رہا کریں۔۔

یہ کہہ کر صائمہ بھاگتی ہوئی گئی اور گاڑی میں جا کر بیٹھ گئی۔۔

دیکھ لو پھر کوئی نہ کوئی وسیلہ بنا ہی دیتا ہے اللہ۔۔

ویسے اس زوبیر کو ساتھ لے کر جانا ضروری تھا کیا ؟؟؟؟

،صائمہ نے منھ بناتے ہوئے کہا

URDU NOVEL BANK

ارے کوئی بات نہیں یہ تو بچہ ہے اور ویسے بھی میں نے اس کو اپنا موبائل دے دیا ہے وہ مگن ہے اس میں۔۔

اچھا چھوڑو یہ بتاؤ میں کیسی لگ رہی ہوں ؟؟؟

کہہ کر تعریف کروانا پڑے گی کیا اب ؟؟؟

،صائمہ نے سرد لہجے میں کہا

میری جان تمہاری تعریف کے لیے تو لفظ بھی کم ہیں۔۔۔

یہ مہرون جوڑا بہت جچ رہا ہے تم پر۔۔

ایک دم نئی نویلی دلہن لگ رہی ہو میری۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،رضا نے صائمہ کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا

صائمہ مسکرانے لگی۔۔

رضا نے مُڑ کر زوبیر کی طرف دیکھا اور پھر صائمہ کا ہاتھ چھومنے لگا۔۔۔

اُسے کیا دیکھ رہے ہو ؟؟

اپنا سارا فوکس مجھ پر رکھو۔۔۔

،صائمہ نے تلخ لہجے میں کہا

URDU NOVEL BANK

میری جان ایسے نہ کیا کرو آپ پر ہی ہے سارا دھیان۔۔

ابھی بھی صائمہ کا ہاتھ رضا نے پکڑا ہوا تھا اور ایک ہاتھ سے ڈرائیونگ کررہا تھا۔۔

جب تم میرا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتے ہو نا تو مجھے بہت اچھا لگتا ہے رضا۔۔

صائمہ شرماتی ہوئی بولی۔۔

وہ لوگ ایک قریبی ریسٹورنٹ میں کھانا کھانے کے لیے گئے۔۔

کھانا آرڈر کرنے کے بعد رضا اور صائمہ اپنی فوٹوز بنانے میں مگن تھے۔۔

زوبیر بھی اُن کے آس پاس ہی کھیل رہا تھا۔۔

بالکل سامنے والے ٹیبل پر ایک کپل بیٹھا ہوا تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مجھے لگتا ہے میں نے اس لڑکی کو پہلے بھی کہیں دیکھا ہے مگر میرے ذہن میں نہیں آ رہا۔۔

اسے ایسا لگا جیسے یہ اس کے دوست حماد کی بیگم ہے۔۔

کاشف نے اسی وقت اپنے موبائل میں حماد کی شادی کی فوٹو دیکھی تو اسے پکا یقین ہوگیا کہ یہ تو حماد کی بیگم ہے۔۔

مگر یہ اس آدمی کے ساتھ کیا کررہی ہے ؟؟؟

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ یہ دیکھ کر بہت حیران ہوا۔۔

ناجانے حماد کو معلوم ہے بھی یا نہیں۔۔۔

کاشف نے وہاں ہر بیٹھے بیٹھے ہی ان دونوں کی فوٹو بنا لی اور اسی وقت حماد کو بھیج دی۔۔

یہ کیا کررہے ہیں آپ کب سے مجھے بھی کچھ بتائیں ؟؟؟

،کاشف کی بیوی ملائکہ نے کہا

رُکو بس دو منٹ سب کچھ بتاتا ہوں۔۔

حماد ابھی آفس سے گھر گیا ہی تھا اور جاتے ہی اس نے یہ فوٹوز دیکھی اور غصے سے لال پیلا ہوگیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ فوٹوز دیکھتے ہوئے اس نے فوراً کاشف کو کال کی۔۔

کہاں ہو تم ؟؟؟

مجھے جلدی سے لوکیشن سینڈ کرو میں پہنچتا ہوں۔۔

حماد یہ کہہ کر بھاگتا ہوا نیچے گیا۔۔

کیا ہوا حماد ؟؟؟

URDU NOVEL BANK

ہزار بار بولا ہے آرام سیڑیاں اُترا کرو۔۔

،حماد کی امی نے کہا

کیا ہوا بھائی ؟؟؟

حماد کچھ کہے بغیر وہاں سے چلا گیا۔۔۔

کاشف نے حماد کو لوکیشن سینڈ کی وہ فوراً گاڑی میں بیٹھا اور نکل گیا۔۔

ناجانے کیا ہوا ہے جو یہ اس طرح بھاگتا ہوا گیا ہے یااللہ میرے بچے کی حفاظت کرنا۔۔۔

،حماد کی امی نے پریشان لہجے میں کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسے کافی زور سے لگ گئی ہے بہت بُرا گرا ہے یہ۔۔

،رضا نے زوبیر کو گود میں اُٹھاتے ہوئے کہا

کہا بھی تھا میں نے کہ اسے مت لے کر آؤ ساتھ لیکن تم کہاں سنتے ہو میری۔۔

صائمہ تم کھانا پیک کروا کر لے آؤ میں گاڑی میں لے کر جا رہا ہوں زوبیر کو۔۔

اچھا ٹھیک ہے جاؤ تم میں لے کر آتی ہوں۔۔

URDU NOVEL BANK

صائمہ منہ بناتی ہوئی چلی گئی۔۔

کھانا لے کر وہ لوگ گھر کی جانے کے لیے نکل گئے۔۔

جب تک حماد وہاں پہنچا وہ لوگ وہاں سے جا چکے تھے۔۔

یاررررر۔۔۔

کاش کے میں پانچ منٹ پہلے پہنچ جاتا۔۔

ٹینشن کس بات کی ہے ثبوت تمہارے پاس ہے تم ابھی اس کے گھر جاؤ اور اسے دکھاؤ۔۔

،کاشف نے کہا

بہت اچھا کیا جو تم نے فوٹو بنا لی اب کم از کم وہ لوگ ماننے سے انکار تو نہیں کریں گے نا۔۔۔

،حماد نے سرد لہجے میں کہا

یہاں بیٹھو۔۔

یہ پانی پیو خود کو ریلیکس کرو۔۔

حماد نے پانی پیا اور گہرا سانس لیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میں جا رہا ہوں یار۔۔

،حماد نے کہا

حماد جو بھی کرو گے سوچ سمجھ کر کرنا غصے میں کوئی فیصلہ مت لینا۔۔۔

حماد نے کاشف کی طرف ایک نظر دیکھا اور رضا کے گھر کی طرف نکل گیا۔۔۔

****

ہیلو ؟؟؟

سو گئی ہو کیا ؟؟؟

زریار نے ساشا کو رات بارہ بجے میسج کیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ساشا کتاب میں مشغول تھی۔۔

اس ٹائم کس کا میسج آگیا ہے مجھے۔۔

ساشا نے حیرانگی سے موبائل کی طرف دیکھا مگر وہ دوبارہ کتاب میں مگن ہوگئی۔۔

دو منٹ کے بعد پھر سے اس کا موبائل بجنے لگا۔۔۔

یااللہ کون ہے اس وقت جس کو تنگ کرنے کے لیے میں معصوم ہی ملی تھی۔۔

ساشا نے کتاب کا صفحہ موڑ کر کتاب بند کی اور سائڈ پر رکھ کر موبائل پکڑا۔۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہیلو ؟

سو گئی ہو کیا ؟

جواب تو دو ؟

یہ کون مجھے میسج کررہا ہے ؟؟؟

کون ؟؟؟

کس سے بات کرنی ہے ؟؟؟

ساشا نے غصے سے میسج کا جواب دیا۔۔۔

آرام سے اتنا غصہ کیوں کررہی ہو ؟؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زریار نے جواب دیا۔۔

تمہیں کیسے معلوم ہے کہ میں غصہ کررہی ہوں ؟؟؟

اور تم ہو کون ؟؟؟

اس وقت میسج کر کے تنگ کرنے کا مطلب کیا ہے ؟؟؟

ساشا نے میسج کیا۔۔

میں زریار خان ہوں۔۔

URDU NOVEL BANK

پہچانا مجھے ؟؟؟

زریار نے جواب دیا۔۔

اب دیکھنا کیسے مرچی لگے گی اسے۔۔

،زریار نے ہنستے ہوئے کہا

تممم ؟؟؟؟

تمہاری ہمت کیسے ہوئی مجھے میسج کرنے کی ؟؟؟

کہاں سے لیا تم نے میرا نمبر ؟؟؟

ساشا نے جواب دیا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں میں۔۔

جب تم نے کال کی تھی اس وقت میں نے تمہارا نمبر لیا تھا میرال کے فون سے۔۔

اور یہ بتاؤ اس وقت تو تم بہت شرما رہی تھی بات کرتے ہوئے اب کیا ہوا ؟؟؟

،زریار نے کہا

میں تم سے کوئی بات نہیں کرنا چاہتی اور میں تمہارا نمبر بلاک کر رہی ہوں او کے

بائے۔۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یہ میسج پڑھتے ہی زریار نے ساشا کو کال کی۔۔

اللہ یہ مجھے گھر سے نکلوائے گا۔۔

ساشا نے کال کاٹ دی۔۔

زریار نے میسج کیا کہ جب تک تم کال اٹینڈ نہیں کرو گی میں کال کرتا رہوں گا۔۔

اللہ جی یہ میں کہاں پھنس گئی مجھے اس کے میسج کا جواب دینا ہی نہیں چاہئیے تھا۔۔

،ساشا نے رونے والا منھ بناتے ہوئے کہا

اب کی بار ساشا نے پہلی بیل پر ہی کال اُٹھا لی۔۔

دو منٹ تو دونوں خاموش رہے۔۔

بول کیوں نہیں رہی کچھ؟؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

خاموش رہنے کے لیے کال نہیں کی میں نے۔۔۔

میسج ہر تو بڑا بول رہی تھی۔۔۔

،زریار نے کہا

مجھے نہیں بولنا کچھ بھی اور تم نے مجھے کیوں کال کی کیوں میسج کیا؟؟؟

ساشا بولی۔۔

URDU NOVEL BANK

کیونکہ میرا دل کررہا تھا تم سے بات کرنے کو۔۔

زریار نے جواب دیا۔۔۔

کیوں دل کررہا تھا تمہارا ہاں ؟؟

میں ہی ملی تھی تمہیں ؟؟؟

،ساشا نے سرد لہجے میں کہا

ہاں کیونکہ دل کو تم ہی اچھی لگی بس۔۔۔

،زریار نے مسکراتے ہوئے کہا

یہ سُن کر ساشا بالکل خاموش ہوگئی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب بول کیوں نہیں رہی ؟؟؟

کیا بولوں میں ؟؟؟

مجھے کچھ نہیں بولنا۔۔

کیا ہم کہیں بیٹھ کر کچھ دیر بات کر سکتے ہیں ؟؟؟

،زریار نے کہا

URDU NOVEL BANK

آ۔۔کیوں ؟؟؟

کیا بات کرنی ہے تم نے مجھ سے ؟؟

ساشا بولی۔۔

پہلے جو میں نے پوچھا ہے اس کا جواب دو۔۔

وہ تو پاگل ہوچکا ہے ہر وقت مجھ پر غصہ کرتا ہے وہ تو مجھے اپنے ساتھ رکھنا ہی نہیں چاہتا ہے اور اس نے کہا ہے کہ بچہ ہونے کی دیر ہے وہ مجھے چھوڑ دے گا۔۔

،صائمہ نے معصومانہ انداز میں کہا

اوہ اچھا بہت ہی بے حس انسان ہے وہ تو اسے تمہاری حالت پر بھی رحم نہیں آتا کیا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

رضا تم مجھے چھوڑ کر کہیں مت جانا بس کچھ ہی وقت رہ گیا ہے پھر میں سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر تمہارے پاس آجاؤں گی تم مجھے اپنا لو گے نہ ؟؟؟

،صائمہ نے دھیمے لہجے میں کہا

ہاں ہاں میری جان کیوں نہیں میں تو یہاں بیٹھا ہی تمہارے انتظار میں ہوں--

میں کیسے رہ رہا ہوں تم سے ملے بنا تمہیں دیکھے بنا یہ میں ہی جانتا ہوں--

رضا بولا--

اوہ میری جان--

میں کوشش کرتی ہوں تم سے ملنے کی میرا بھی دل نہیں لگتا تمہارے بغیر--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

******

ایک تو تمہیں کوئی بھی چیز پسند نہیں آتی ایک دکان پر گھنٹہ لگاتی ہو تم--

زریار سرد لہجے میں بولا--

زریار تم چُپ ہو جاؤ تمہیں ابھی کچھ نہیں پتہ لڑکیوں کی شاپنگ ایسے ہی ہوتی ہے---

میرال ایک ایک کر کے ہر جوڑا اپنے ساتھ لگا کر دیکھ رہی تھی کہ کونسا اس پر زیادہ اچھا لگ رہا ہے--

URDU NOVEL BANK

مامی جان بھی تھک گئی ہیں تمہاری وجہ سے--

مامی جان آئیں ہم کچھ کھاتے ہیں جا کر اس کی جب شاپنگ ہو جائے گی تو یہ بھی وہاں ہر ہی آجائے گی--

زریار کچھ شرم کرو--

بالکل بھی صبر نہیں ہے تمہارے اندر--

میرال چیخی--

آہستہ بولو یہ شاپنگ مال ہے تمہارا گھر نہیں--

تم دونوں لڑنے آئے تھے یہاں مجھے بس یہ بتا دو ؟؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میرال کی امی بولی--

امی اسے کہیں چُپ ہو کر کھڑا ہو جائے--

زریار بیچارہ میرال کے شاپنگ بیگ لیے اس کے پیچھے پیچھے چل رہا تھا اور اس کا جی چاہ رہا تھا کہ میرال کا گلہ دبا دے بس بیچارہ مجبور تھا--

دو گھنٹے کے بعد میرال نے اپنی شاپنگ مکمل کر ہی لی--

URDU NOVEL BANK

اتنی جلدی کرلی تم نے تو شاپنگ۔۔

زریار طنزیہ انداز میں بولا۔۔

میرال نے اس کی طرف غصے سے دیکھا۔۔

آئندہ کبھی بھی نہیں آؤں گی میں تمہارے ساتھ شاپنگ پر۔۔

میرال اسے بیگ مارتے ہوئے بولی۔۔

شکر ہے صبح تم چلی جاؤ گی سکون آجائے گا ہم سب کی زندگی میں۔۔

میں ندا اور مامی جان سکون سے شادی کی شاپنگ کریں گے خوب مستی کریں گے۔۔

زریار ندا کو جلانے کی پوری کوشش کر رہا تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امی سُن رہی ہیں آپ اس کی باتیں۔۔

،میرال نے پیچھے مڑ کر اپنی امی کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

سہی تو کہہ رہا ہے تم نے صرف اپنی تھوڑی سی شاپنگ پر آج کا سارا دن لگا دیا تب تم کیا کرو گی ؟؟

اس لیے ہم خود کرلیں گے شادی کے لیے تمہاری ساری شاپنگ۔۔۔

زریار زور زور سے ہنسنے لگا۔۔

URDU NOVEL BANK

میرال منھ بنا کر بیٹھ گئی۔۔

ندا کی دو بار کال آ گئی ہے کہہ رہی ہے حماد بھائی اتنا غصہ کر کے گئے ہیں اب پھر سے۔۔

زریار بولا۔۔

یااللہ کیا بنے گا ان دونوں کا اس لڑکی نے کیوں ہماری زندگی مشکل کردی ہے۔۔

میرال کی امی سر ہاتھ رکھتے بولی۔۔

مامی جان بہتر حل یہی ہے بچہ ہونے کے بعد آپ اسے اس کے گھر بھیجیں کیونکہ جو اس صائمہ کی حرکتیں ہیں مجھے نہیں لگتا یہ اپنا گھر بسائے گی اور آپ نے کل دیکھا کیسے مہمانوں کے سامنے بول رہی تھی جیسے اس کے جیسی شریف عورت ہے ہی نہیں پوری دنیا میں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زریار بیٹا بہت ڈر لگتا ہے یہ سب کرنے سے۔۔

اور یہ سب کرنا اتنا آسان بھی تو نہیں ہے نہ۔۔

URDU NOVEL BANK

آپا تمہارے ماموں سے آ کر کہتی ہے کہ حماد کو سمجھائیں اسے کہیں صائمہ کے ساتھ سہی رہے اب اس نے اپنی آنکھوں سے سب دیکھا ہے وہ کیسے برداشت کرے سب کیسے سہی رہے اس کے ساتھ۔۔

تم بھی ایک مرد ہو تم ہی بتاؤ مجھے۔۔

مامی جان دیکھیں حقیقت یہی ہے مرد کبھی بھی یہ سب برداشت نہیں کرتا اور کرے بھی کیوں ؟؟؟

حماد کی ہمت ہے جو اب تک اسے اپنے گھر میں برداشت کر رہا ہے ہر وقت غصہ کرتا ہے بیچارہ اس کے پیچھے کہیں ذہنی مریض ہی نہ بن جائے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اللہ نہ کرے زریار اچھی بات بھی کبھی منہ سے نکال کیا کرو۔۔

،میرال نے اسے گھورتے ہوئے کہا

تم زیادہ اماں نہ بنو میں سہی کہہ رہا ہوں۔۔

دونوں پھر سے لڑنے لگے۔۔

****

شہمیر نے ساری رات کمرے سے باہر بیٹھ کر ایک کونے میں گزاری۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

رات کو صوفی جب واش روم جانے کے لیے کمرے سے باہر آیا تو دیکھا شہمیر ایک کونے میں بیٹھا سگریٹ کے کش لگانے میں مست تھا۔۔

وہ اسے وہاں بیٹھا دیکھ کر حیران رہ گیا۔۔

شہمیر تو یہاں بیٹھا کیا کر رہا ہے ؟؟

اندر جا بھابھی تیرا انتظار کررہی ہو گی۔۔

صوفی اس کی طرف بڑھتا ہوا بولا۔۔

شہمیر نے اس کی بات سُن کر کوئی جواب نہیں دیا بس ہلکی سی مسکراہٹ چہرے پر لے آیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چل اُٹھ کمرے میں جا۔۔

،اس نے شہمیر کا بازو کھینچتے ہوئے کہا

پاگل ہوگیا ہے تو صوفی وہ تو میرا وجود بھی برداشت نہیں کر سکتی اس کمرے میں۔۔

وہ کش لگاتے ہوئے بولا۔۔

یہ کیا کہہ رہا ہے تو ؟؟؟

اب تم دونوں کا نکاح ہوچکا ہے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یہ نکاح میری مرضی سے ہوا ہے اس کیمرضی سے نہیں اس کے ساتھ تو زبردستی ہوئی ہے وہ بھلا کیسے مجھے برداشت کرے گی ؟؟

شاید وہ ساری زندگی مجھ سے نفرت ہی کرے گی مگر میں اس کی نفرت کو ہی اس کی محبت سمجھوں گا اپنے لیے۔۔

صوفی نے شہمیر کو گلے سے لگا لیا۔۔

میں بہت خودغرض انسان ہوں صوفی اس محبت نے مجھے اتنا دیوانہ کر دیا کہ مجھے اس کے علاوہ اور اسے حاصل کرنے کے علاوہ کچھ نظر ہی نہیں آتا تھا۔۔

میں ہر پل کوشش کروں گا کہ اسے بھی مجھ سے محبت ہو جائے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہوگی ایک نہ ایک دن اسے تجھ سے محبت۔۔

ہوگا اسے ایک نہ ایک دن احساس تیری محبت کا۔۔

****

زریار اُٹھو دیر ہو رہی ہے سب تیار ہیں صرف تم رہ گئے ہو۔۔

ندا نے زریار کو اس کے کمرے میں جا کر اُٹھایا جو گہری نیند سویا ہوا تھا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ندا میں ابھی تو سویا تھا یار تم لوگ چلے جاؤ مجھے نہیں جانا۔۔

،زریار نے انگڑائی لیتے ہوئے کہا

زریار شاید تم بھول رہے ہو کہ ڈرائیور چھٹی پر ہے ایک گاڑی تم ڈرائیو کرو گے اور ایک حماد بھائی۔۔

جلدی سے تیار ہو کر نیچے آ جاؤ اب مجھے دوبارہ نہ آنا پڑے۔۔

کیا مصیبت ہے اس میرال کو بھی آج ہی جانا تھا اور وہ بھی صبح صبح۔۔

یہ بہن کی صورت میں ایک آفت ہے میرے لیے۔۔

،زریار نے خود پر سے کمبل ہٹاتے ہوئے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں نہیں جاؤں گی میری طبعیت کچھ ٹھیک نہیں ہے۔۔

صائمہ آنکھیں ملتی بولی۔۔

ٹھیک ہے بھابھی جیسی آپ کی مرضی۔۔

یہ کہہ کر میرال نیچے چلی گئی۔۔

یہ سب تو جا رہے ہیں کیوں نہ میں آج رضا سے ملنے کے لیے چلی جاؤں۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

واہ صائمہ واہ بہت اچھا کیا تم نے انکار کر کے۔۔

صائمہ نے رضا کو میسج کیا کہ وہ آج اس سے ملنے کے لیے باہر کسی اچھی جگہ پر آئے۔۔

مسکراتے ہوئے اس نے موبائل سائیڈ پر رکھا اور سو گئی۔۔

امی بھابھی نے صاف انکار کردیا لیے جانے سے وہ بول رہی ہیں ان کی طبعیت ٹھیک نہیں ہے۔۔

اچھا چلو جیسے اسے بہتر لگے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ویسے بھی سفر بہت زیادہ ہے کہیں راستے میں اس کی زیادہ طبعیت ہی نہ بگڑ جائے۔۔

میرال کی امی بولی۔۔

میرال سارا سامان رکھ لیا ہے نہ دیکھ لو اگر کوئی چیز رہ گئی ہے تو رکھ لو وہاں پر تمہیں کسی چیز کی تنگی نہ ہو۔۔

حماد بول

بھائی سب کچھ رکھ۔ لیا ہے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میرال نے جواب دیا۔۔

ندا زریار کیا کہہ رہا ہے تم گئی نہیں کیا اس کے کمرے میں ؟؟؟

،امی نے کہا

امی وہ بس آ رہا ہے۔۔

چلیں ہم گاڑی میں چل کر بیٹھتے ہیں۔۔

ہاں ایسا کرتے ہیں میں امی ابو نکلتے ہیں تم دونوں زریار کے ساتھ نکلو۔۔

وہ لوگ تو نکل گئے اور زریار صاحب پورے آدھے گھنٹہ کے بعد کمرے سے باہر تشریف لائے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میرال اسے گھورے جا رہی تھی۔۔

ٹائم دیکھا ہے تم نے ؟؟؟

وقت کی پابندی کا تمہیں ذرا سا بھی احساس ہے۔۔

وہ اس کے سامنے کھڑی ہو کر بولی۔۔

زریار نے اسے اگنور کیا اور باہر چلا گیا۔۔

آجاؤ ندا میں گاڑی نکالنے لگا ہوں۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ندا کمرے سے بھاگتی ہوئی آئی۔۔

میرال امن کی کال آ رہی ہے۔۔

،ندا سے اسے موبائل دیتے ہوئے کہا

امن کی کال ؟؟

اللہ کرے یہ بھی تیار ہوگئی ہو جانے کے لیے۔۔

یہ کہتے ہوئے میرال نے کال اٹینڈ کی۔۔

کیسی ہو میرال ؟؟

تم نکل گئی ہو کیا جانے کے لیے ؟؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ جھٹ سے بولی۔۔

نہیں بس نکلنے ہی لگے ہیں کیوں کیا ہوا ؟؟

،میرال نے حیرانگی سے کہا

ہم لوگ بھی بس نکلنے ہی لگے تھے امی ابو مجھے چھوڑنے جا رہے ہیں میں نے سوچا تم سے پوچھ لوں اکٹھے نکل جاتے ہیں۔۔

یہ سُن کر میرال جھوم اُٹھی۔۔

URDU NOVEL BANK

کیا واقع ہی تم سچ کہہ رہی ہو امن ؟؟؟

،میرال نے خوش ہوتے ہوئے کہا

ہاں یار سچ کہہ رہی ہوں میں--

رات کو بتایا تھا میں نے امی ابو کو دونوں یہ خبر سُن کر بہت خوش ہوئے تھے--

امن بولی--

اچھا چلو باقی باتیں مل کر کرتے ہیں ہم لوگ نکلنے لگے ہیں تم لوگ بھی نکل جاؤ سفر بھی کافی طویل ہے--

یہ کہہ کر میرال نے کال بند کی اور بھاگتی ہوئی جا کر گاڑی میں بیٹھ گئی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تمہیں کیا ہوا ؟؟

سب خیر تو ہے نہ ؟؟

ندا بولی--

دیکھو ندا اسے گھر سے دُور جا رہی ہے ذرا بھی اداسی نہیں ہے اس کی آنکھوں میں--

زریار نے اسے ایک بار سے جلانے کی بھرپور کوشش کی--

میرال ہمیشہ کی طرح اسے گھورنے لگی--

URDU NOVEL BANK

اُففففف۔۔

اب پورا سفر مجھے یہ سب ہی دیکھنا پڑے گا۔۔

ندا سر پر ہاتھ رکھتے بولی۔۔

ندا امن بھی جا رہی ہے اپنے امی ابو کے ساتھ اسی لیے میں اتنی خوش ہوں ابھی کال پر اس نے یہی بتایا۔۔

میرال بولی۔۔

ارے واہ یہ تو بہت اچھی خبر ہے۔۔

اللہ تم دونوں کو کامیاب کرے۔۔ آمین۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

****

بیٹا دن کا ایک بج گیا ہے اور اب تک تم نے ناشتہ نہیں کیا۔۔

ایسے تو تم بیمار پڑ جاؤ گی۔۔

،بوڑھی اماں نے ناشتہ ٹیبل پر رکھتے ہوئے کہا

میرا کچھ بھی کھانے کو دل نہیں چاہتا اماں۔۔

منال بولی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

تم کچھ نہیں کھاتی شہمیر کی تمہاری وجہ سے کچھ نہیں کھاتا۔۔

بہت اداس ہے وہ کل سے تمہیں اندازہ بھی ہے اس چیز کا ؟؟

تم اس کے نکاح میں ہو اب۔۔

اس کا تم پر پورا حق ہے اب۔۔

تم اُسے یہ نہیں کہہ سکتی کہ کمرے سے جاؤ جانتی بھی ہو جو بیوی شوہر کے ساتھ ایسا رویہ اختیار کرتی ہے تو اللہ کتنا سخت ناراض ہوتا ہے۔۔

تم دونوں ایک دوسرے کی قسمت میں لکھے تھے اور قسمت کے لکھے کو اس خُدا کے علاوہ کوئی بھی بدل نہیں سکتا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،بوڑھی اماں نے منال کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

منال ان کی بات کو بہت دھیان سے سُن رہی تھی مگر اس کے لیے یہ سب کرنا بہت زیادہ مشکل تھا۔۔

جس طرح وہ مجھے یہاں پر لے کر آیا ہے مجھے میرے ماں باپ سے دور کیا ہے میرے باپ کی عزت کو میری عزت کو اس نے پورے معاشرے کے سامنے داغ دار کیا ہے آپ خود بتائیں میں کیسے اس کے ساتھ ہنسی خوشی رہوں ؟؟؟

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

منال درد بھرے لہجے میں بولی۔۔

دیکھو بیٹا میں تمہاری باتوں کو غلط نہیں کہہ رہی تمہاری کہی ہوئی ایک ایک بات درست ہے مگر اب تم اس کے نکاح میں ہو اب سب کچھ بھول جاؤ۔۔

اور لوگوں کا تو صرف کام ہے بولنا باتیں کرنا دوسروں کی زندگیوں میں مداخلت کرنا۔۔

اور عزت داغ دار تب ہوتی جب شہمیر تمہارے ساتھ نکاح نہ کرتا۔۔

میری باتوں کو سمجھنے کی کوشش ضرور کرنا۔۔

ناشتہ ٹھنڈا ہو رہا ہے جلدی سے اسے کھا لو۔۔

بوڑھی اماں نے منال کے کندھے پر تھپکی دی اور کمرے سے باہر چلی گئی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

****

اپنا بہت خیال رکھنا میرال میری پیاری بیٹی۔۔

،اس کی امی نے اسے اپنے سینے سے لگاتے ہوئے کہا

سب سے ملنے کے بعد وہ اپنے ہاسٹل کی جانب بڑھی۔۔

ایک بار اس نے مُڑ کر سب کو دیکھا تو اس کی آنکھیں نم ہوگئی شاید وہ پہلی بار اپنے گھر والے سے اتنی دُور ہونے جا رہی تھی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس وقت زریار کو اس کی معصوم شکل پر تھوڑا سا رحم آیا مگر وہ اندر ہی اندر خوش بھی تھا کہ بلا سے جان کچھ دن کے لیے جان چُھوٹ گئی۔۔

وہ لوگ گھر واپسی کے لیے روانہ ہوگئے۔۔

ابھی وہ لوگ نکلے ہی تھے کہ امن اور اس کے امی ابو بھی وہاں پہنچ گئے۔۔

اپنے ابو امی سے ملنے کے بعد وہ بھی ہاسٹل کی جانب بڑھی۔۔

وہ ابھی ہاسٹل کے تھوڑا ہی اندر گئی تھی کہ میرال ایک بینچ پر بیٹھی اس کا انتظار کررہی تھی۔۔

جیسے ہی امن کی نظر میرال پر پڑی وہ بھاگتی ہوئی اس کے پاس گئی اور جا کر اس کے گلے لگ گئی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شکر ہے تم آگئی میں یہاں بیٹھی تمہارا ہی انتظار کررہی تھی۔۔

وہ ایک دوسرے کو دیکھ کر مُسکرانے لگی۔۔

آؤ امن ڈھونڈیں کہاں ہے ہمارا روم کہاں رہنا ہے ہم نے ابھی تک تو کچھ بھی معلوم نہیں ہے۔۔

دونوں نے اپنا ہینڈ کیری پکڑا اور اسے اپنے پیچھا چلاتے ہوئے وہ ہاسٹل کی جان بڑھی۔۔

URDU NOVEL BANK

یہاں وہاں گھومنے کے بعد کچھ دوسری لڑکیوں سے معلومات حاصل کرنے کے بعد آخر انہیں ان کا روم مل گیا۔۔

روم میں جا کر دونوں نے کچھ دیر آرام کیا اور پھر کچھ کھانے پینے کے لیے کیفے میں چلی گئی۔۔

امن تمہیں کیسا محسوس ہو رہا ہے ؟؟

میں تو بہت نروس ہوں۔۔

میرال نے چائے کا کپ میز پر رکھا۔۔

میں بھی تھوڑی نروس ہوں مجھے تو بس امی ابو کی فکر ہے امی اکیلی بیٹھ کر منال کے بارے میں ہی سوچیں گے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امن اداس لہجے میں بولی۔۔

اللہ کرے منال جہاں بھی خوش ہو اور ٹھیک ہو مجھے لگتا ہے وہ جلد لے آئے گا اسے گھر۔۔

میرال بولی۔۔

URDU NOVEL BANK

میرال مجھے ایسا لگتا ہے جیسے منال کو بھی اس سے محبت ہوگئی تھی وہ جب سے واپس آئی تھی کھوئی کھوئی سی رہتی تھی بالکل خاموش۔۔

دیکھو نہ امن جو لڑکا اسے لے تو گیا تھا مگر اس نے منال کو ہاتھ تک نہیں لگایا ذرا سا بھی نقصان نہیں پہنچایا ہو سکتا ہے اسے یہی سب دیکھ کر اس سے محبت ہوگئی ہو مگر ہم یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتے کہ اسے اس شہمیر خان سے محبت ہوگئی تھی۔۔

چلو گرلز کیمپس وزٹ کرتے ہیں۔۔

کچھ لڑکیاں ان کے پاس آ کر بولی۔۔

ہاں ہاں چلو چلو۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دونوں نے اپنا کپ اُٹھایا اور باقی گرلز کے ساتھ کیمپس کی طرف چلی گئی۔۔

آج ہم اُس جگہ پر ہیں جس کے ہم نے ہمیشہ سے خواب دیکھے ہیں۔۔

میرال امن کی طرف دیکھتی ہوئی بولی۔۔

ہاں بالکل سہی کہہ رہی ہو تم میرال۔۔

جب وہ گراؤنڈ کی طرف گئی تو وہاں پر لڑکوں کی ٹریننگ چل رہی تھی۔۔

ارے واہ بھئی دیکھو تو سہی ہمارے نوجوان بھائی اپنی ٹریننگ میں مصروف ہیں۔۔

URDU NOVEL BANK

سب لڑکیاں ہنسنے لگی۔۔

کیپٹن ماہیر شاہ نے جب پیچھے پلٹ کر دیکھا تو اس کی نظر میرال پر پڑی جو اپنی چائے کا مزہ لیتے ہوئے ٹریننگ دیکھنے میں مست تھی۔۔

وہ اسے مسلسل دیکھ رہا تھا۔۔

میرال پہلی لڑکی تھی جسے اس نے آنکھ بھر کر دیکھا۔۔

ماہیر کا دھیان میرال پر تھا اور سارے ٹرینرز کا دھیان کیپٹن ماہیر پر تھا۔۔

چلو میرال اب یہاں ہی کھڑی رہی ہوگی کیا ؟؟

وہ اس بازو پکڑ کر اسے آگے کی طرف لے جاتی ہوئی بولی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میرال نے ابھی تک ماہیر کو نہیں دیکھا تھا۔۔

بوڑھی اماں کی کچھ کچھ باتیں منال کی سمجھ میں آنے لگی تھیں۔۔

شہمیر سامنے کُرسی پر بیٹھا اخبار پڑھ رہا تھا۔۔

منال اس سے کچھ کہنا چاہ رہی تھی مگر ہمت نہیں ہو رہی تھی۔۔

آخر اس نے اپنا گلہ جھاڑا اور جھٹ سے بولی۔۔

ہر بات جا کر باہر کیوں بتاتے ہو سب کو کوئی بات راز بھی رہنے دیا کرو۔۔

URDU NOVEL BANK

وہ یہ سنتے ہی اسے دیوانوں کی طرح دیکھنے لگا۔۔

میں تم سے بات کررہی ہوں ؟؟

وہ سرد لہجے میں بولی۔۔

ہ۔۔ہاں ہاں میں سُن رہا ہوں میں نے کسی سے کوئی بات نہیں کی۔۔

میرے خیال سے یہاں سب کو سب کچھ معلوم ہے۔۔

وہ دھیمے لہجے میں بولا۔۔

وہ منھ بناتے ہوئے اس سے رُخ موڑ کر بیٹھ گئی۔۔

وہ پھر سے اس کے منھ سے ایسے میٹھے الفاظ سننے کے لیے بے چین بیٹھا بار بار اس کی طرف دیکھ رہا تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آخر وہ یکدم خود ہی بول پڑا۔۔

کیا تم ابھی تک مجھ سے خفا ہو ؟؟

کیا تم نے ابھی تک مجھے معاف نہیں کیا ؟؟

وہ نرم لہجے میں بولا۔۔

اس نے پلٹ کر اس کی طرف دیکھا اور کچھ سیکنڈ تک دیکھتی رہی۔۔

URDU NOVEL BANK

نماز کا وقت ہوگیا ہے میں نماز پڑھنے لگی ہوں تم بھی جا کر پڑھ آؤ۔۔

وہ یہ کہہ کر وضو کے لیے چلی گئی۔۔

میں جانتا ہوں تم خود کو سہی کرنے کی کوشش کررہی ہو مگر اتنی جلدی یہ سب کرنا اتنا آسان نہیں ہے تمہارے لیے ابھی کچھ وقت لگے گا مگر تمہیں بھی جلد مجھ سے محبت ہو جائے گی۔۔

وہ بڑبڑاتا ہوا کمرے سے باہر چلا گیا۔۔

اُٹھ صوفی وضو کر نماز پڑھنے چلیں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

صوفی یہ سُن کر حیران پریشان ہوگیا۔۔

اس بات پر میں ہنسوں یا غمگین ہوں ؟؟؟

صوفی ہلکا سا مسکراتا ہوا بولا۔۔

کیوں ہنسنا کیوں ہے اور غمگین کیوں ہونا ہے ؟؟؟

تجھے لگتا ہے کہ بس تُو ہی ہے جو نماز پڑھتا ہے۔۔

،اس نے اپنی شرٹ کے بازو کہنیوں تک چڑھاتے ہوئے کہا

URDU NOVEL BANK

یار قسم سے یہ محبت انسان کو کیا سے کیا بنا دیتی ہے پہلی بار تیرے منھ سے میں یہ سُن رہا ہوں کہ نماز پڑھنے چلتے ہیں ورنہ تُو نے کبھی اتنے اچھے الفاظ اپنے منھ سے نہیں نکالے۔۔

اچھا اچھا چل اب بس کر اور اُٹھ جا۔۔

شہمیر بولا۔۔

لگتا ہے ضرور بھابھی نے کہا ہے اسی لیے تو نماز پڑھنے جا رہا ہے تُو۔۔

وہ یہ کہہ کر ہنسنے لگا۔۔

شہمیر اس کی طرف دیکھ کر مسکرانے لگا اور وضو کرنے لگا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

****

رضا میں مر جاؤں گی تمہارے بغیر پلیز تم مجھ سے کبھی دُور مت جانا۔۔

وہ جھٹ سے اس کے سینے سے لپک گئی۔۔

میں بھی تمہیں بہت یاد کرتا تھا مگر میں صبا کی وجہ سے تمہیں کال نہیں کرتا تھا وہ ہر وقت اب مجھ پر کڑی نظر رکھتی ہے۔۔

،رضا نے کہا

URDU NOVEL BANK

کیوں وہ کیوں تم پر اب کڑی نظر رکھتی ہے پہلے تو سے ہوش نہیں ہوتی تھی کہ اس کا شوہر کہاں ہے کس کے ساتھ ہے اب وہ کڑی نظر بھی رکھنے لگ گئی۔۔

صائمہ سرد لہجے میں بولی۔۔

اچھا نہ چھوڑو یہ سب تم یہ بتاؤ کیسے موقع ملا تمہیں آج مجھ سے ملاقات کرنے کا ؟؟

تمہارے شوہر نے تمہیں گھر سے نکلنے کی اجازت دی کیسے ؟؟

آج سب لوگ میری چھوٹی نند میرال کو اس کے ہاسٹل چھوڑنے گئے ہیں وہ لوگ صبح ہی نکل گئے تھے مجھے بھی جانے کا بول رہے تھے مگر میں نے منع کردیا کیونکہ میں تم سے ملنا چاہتی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،اس نے رضا کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا

چلو اچھا ہے ہمیں بھی کچھ وقت مل گیا ساتھ بیٹھ کر اپنے دل کی باتیں کرنے کا۔۔

صائمہ رضا کے ساتھ جُڑ کر بیٹھی تھی۔۔

اس دوران رضا کو صبا کی کال آ گئی۔۔

کس کی کال ہے رضا آج کے دن تو اپنے اس موبائل کو ایک طرف رکھ دو۔۔

اس نے صائمہ کے ہاتھ سے اپنا اپنا ہاتھ چھڑوایا اور کال سننے کے لیے باہر چلا گیا۔۔

URDU NOVEL BANK

نہ جانے کس کی کال ہے جو مجھ سے زیادہ ضروری ہے اس کے لیے۔۔

وہ غصے سے بولی۔۔

کال سُن کر جب رضا اندر آیا تو اس کی ہوائیاں اُڑی ہوئی تھیں۔۔

صائمہ منھ بنا کر بیٹھی ہوئی تھی۔۔

کہاں گئے تھے کس کی کال تھی جو اُٹھ کر باہر جانا پڑا ہاں جواب دو ؟؟؟

اور تمہارے چہرے پر یہ بارہ کیوں بجے ہوئے ہیں۔۔

،صائمہ نے رضا کی طرف گھورتے ہوئے کہا

صبا کی کال تھی یار اسی لیے اُٹھ کر باہر گیا تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ بولا۔۔

اچھا اچھا اسی لیے تم اتنے ڈرے ہوئے لگ رہے ہو۔۔

اگر تم نے ایسے ہی اپنی بیوی سے ڈرنا ہے تو مجھے بتا دو تاکہ میں تم سے آنے والے وقت میں کوئی اُمید ہی نہ رکھوں۔۔

وہ غصے سے بھڑک اُٹھی۔۔

کیا ہوگیا ہے تمہیں ایسے کیوں کرتی ہو تم ؟؟

URDU NOVEL BANK

اب کیا میں اسے چھوڑ دوں ہاں ؟؟

تمہاری بہن ہے وہ کیا تم چاہتی ہو کہ میں تمہاری بہن کا گھر خراب کر دوں ؟؟

بولو جواب دو ؟؟

رضا مجھے تمہاری ساری توجہ صرف میرے لیے چاہئیے ہے تم کیوں نہیں سمجھتے ہو۔۔

اس کا لہجہ ساتھ ہی نرم پڑ گیا۔۔

صائمہ دیکھو میری ذندگی میں تمہارے لیے میرا آفس بھی ہے میری بیوی اور بیٹا بھی ہیں میں نے سب کو وقت دینا ہے جب تک میرے پاس آجاؤ گی تب سارا پیار ساری توجہ تمہارے لیے ہوگی اور ابھی بھی تمہارے لیے ہی ہے بس تم سمجھنے کو تیار نہیں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ اس کے دونوں کندھوں پر ہاتھ رکھتے دھیرے سے بولا۔۔

****

سب بہت تھک گئے تھے حماد اور اس کے ابو آفس چلے گئے تھے۔۔

ندا اور زریار اپنے اپنے کمرے میں آرام کرنے کے لیے چلے گئے، ندا کی امی باہر صوفے پر بیٹھ گئیں تھی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بیگم صاحبہ صائمہ باجی تو گھر پر ہے ہی نہیں ہیں مجھے یہاں آئے چار گھنٹے ہوگئے ہیں وہ نہ جانے کہاں پر ہیں۔۔

شگفتہ کی بیٹی سائیکا نے بتایا۔۔

کیاااا ؟؟؟

یہ تم کیا کہہ رہی ہو وہ کہاں چلی گئی ؟؟

وہ سرد لہجے میں بولی۔۔

پتہ نہیں جب آپ نے کال کی تھی کہ صائمہ باجی گھر پر اکیلی ہیں ان کے پاس چلی جاؤ تو میں آدھے گھنٹے کے بعد یہاں پر تھی مگر وہ یہاں نہیں تھیں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ گھبراتی ہوئی بولی۔۔

جاؤ جلدی اور گارڈ سے پوچھو وہ کہاں پر گئی ہے اسے ضرور معلوم ہوگا۔۔

ان کا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔۔

اللہ جی یہ لڑکی اب کہاں چلی گئی ہے یہ ہماری عزت کا جنازہ نکال کر چھوڑے گی۔۔

زریار۔۔

URDU NOVEL BANK

ندا۔۔۔

کہاں ہو تم لوگ جلدی باہر آؤ۔۔

ندا فوراً اپنی امی کی آواز سُن کر باہر آئی۔۔

کیا ہوا امی ؟؟

ندا حیرانگی سے بولی۔۔

ندا سائیکا نے مجھے ابھی بتایا ہے پچھلے چار گھنٹے سے صائمہ گھر سے باہر ہے اور کسی کو بتا کر بھی نہیں گئی وہ۔۔

اس کی امی کی طبعیت خراب ہونا شروع ہوگئی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امی آپ یہاں بیٹھیں میں زریار کو بُلا کر لاتی ہوں۔۔

وہ جانے ہی لگی تھی کہ زریار اوپر سے آ رہا تھا۔۔

کیا ہوا ندا ؟؟

مامی جان نے آواز دی تھی میں ان کی آواز سُن کر آیا ہوں۔۔

وہ ندا کی طرف دیکھتا ہوا بولا۔۔

زریار صائمہ بھابھی صبح سے گھر پر نہیں ہے ابھی سائیکا نے امی کو بتایا ہے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کیاااااااا ؟؟؟

لو جی پھر سے نئی مصیبت۔۔

وہ اپنے سر پر ہاتھ رکھتا ہوا بولا۔۔

اب اگر حماد کو کچھ بھی معلوم ہوگیا نہ تو بہت بُرا ہوگا میں بتا رہا ہوں پہلے ہی۔۔

جاؤ زریار باہر گارڈ سے جا کر پوچھو وہ کہاں گئی ہے کونسی گاڑی پر گئی ہے۔۔

جی مامی جان میں پوچھتا ہوں۔۔

سائیکا بھاگتی ہوئی اندر آ رہی تھی۔۔

بیگم صاحبہ گارڈ کہہ رہا ہے انہوں نے جانے سے پہلے بس یہ بتایا تھا کہ وہ اپنی کسی سہیلی کے ساتھ شاپنگ پر جا رہی ہیں اور وہ گھر کی کسی گاڑی پر نہیں گئی۔۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

سائیکا کا سانس پھول رہا تھا۔۔

بیٹھ جاؤ سائیکا بیٹھ جاؤ۔۔

ندا نے اسے پانی کا گلاس دیا۔۔

یہ پیو۔۔

ندا کی امی اپنا سر پکڑ کر بیٹھ گئیں۔۔

URDU NOVEL BANK

کیا ہوگا اس لڑکی کا یہ ضرور اسی سے ملنے گئی ہے اسی لیے اس نے صبح ہمارے ساتھ جانے بھی منع کردیا تھا۔۔

مامی جان آپ پریشان نہ ہیں آپ کی طبعیت بگڑ جائے گی میں دیکھتا ہوں اسے کہاں گئی ہے وہ۔۔

ندا تم مامی جان کو سمبھالو میں پتہ کرکے آتا ہوں اس کا۔۔

بہت ٹائم ہوگیا ہے رضا اب تم ایسا کرو مجھے گھر چھوڑ آؤ۔۔

،صائمہ نے موبائل پر ٹائم دیکھتے ہوئے کہا

میں تمہیں یہاں سے کسی ٹیکسی میں بیٹھا دیتا ہوں اگر میں چھوڑنے گیا اور کسی نے دیکھ لیا تو بہت کام خراب ہوجائے گا۔۔

بہت ڈرتے ہو تم رضا۔۔

صائمہ اس کے قریب ہوتے ہوئے بولی۔۔

وہ اس کی آنکھوں میں دیکھ کر مُسکرانے لگا۔۔

بس تمہیں اب کوئی کچھ کہے نہ اسی لیے ڈرتا ہوں میری جان۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،اس نے اس کے لبوں کا بوسہ لیتے ہوئے کہا

وہ اس کے سینے سے لپک گئی تھی۔۔

رضا میں ذندگی بھر ایسے ہی تمہاری باہوں میں رہنا چاہتی ہوں۔۔

وہ اس کی باہوں میں مدہوش ہو چکی تھی۔۔

میں بھی ہر روز تمہارے لبوں کا بوسہ لینا چاہتا ہوں مگر تم فکر نہیں کرو جلد ہی ہم ایک ہو جائیں گے میری جان۔۔

اچانک صائمہ کا موبائل بجنے لگا۔۔

وہ فوراً ایک دوسرے سے دُور ہوئے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کس کی کال ہے ؟؟

ندا کی کال ہے ایک منٹ چُپ رہنا بالکل۔۔

اہمم۔۔

اس نے اپنا گلہ جھاڑا۔۔

URDU NOVEL BANK

ہاں ندا بولو ؟؟ 7/8

بھابھی کہاں ہیں آپ ؟؟

ہم سب اتنا پریشان ہیں یہاں پر--

وہ سرد لہجے میں بولی--

ندا وہ میں اپنی دوست کے ساتھ بے بی کی شاپنگ کرنے آئی تھی بس آنے لگی ہوں

میں--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم لوگ اتنی جلدی آگئے--

وہ گھبراتے ہوئے بولی--

جی بھابھی ہم تو کافی دیر سے گھر آچکے ہیں مگر آپ نہ جانے کہاں ہیں--

ندا نے یہ کہہ کر کال بند کردی--

بھابی کہہ رہی ہیں میں اپنی دوست کے ساتھ بے بی کی شاپنگ کرنے گئی ہوں--

URDU NOVEL BANK

مجھے تو پیچھے سے کوئی شور بھی نہیں آ رہا تھا امی اب آگے اللہ ہی جانے بھابھی اور ان کے کا اُففففف۔۔

،ندا نے موبائل ٹیبل پر رکھتے ہوئے کہا

مجھے ابھی اور اسی وقت جانا ہوگا ورنہ بہت بڑا ہنگامہ ہو جائے گا پھر سے۔۔

،اس نے اپنا بیگ اور موبائل اُٹھاتے ہوئے کہا

کیا ہوا تم تو کہہ رہی تھی وہ رات تک آئیں گے پھر اتنی جلدی کیسے آگئے۔۔

مجھے نہیں معلوم کہ وہ اتنی جلدی کیسے آ گئے ہیں بس مجھے جلدی سے گھر جانا ہے اب۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ جھٹ سے بولی۔۔

رُکو میں ٹیکسی منگواتا ہوں تمہارے لیے اکیلی کیسے جاؤ گی۔۔

وہ دونوں ہوٹل سے باہر جا کر کھڑے ہوگئے۔۔

اللہ جی کوئی بھی ٹیکسی نہیں آ رہی حماد کو تو مجھے چھوڑے گا نہیں آج۔۔

وہ پریشان کھڑی بڑبڑا رہی تھی۔۔

URDU NOVEL BANK

میں ایسا کرتا ہوں تمہیں گھر کے قریب کسی جگہ پر چھوڑ آتا ہوں آگے تم خود چل کر چلی جانا۔۔

دونوں جلدی سے گاڑی میں بیٹھے اور جانے کے لیے نکل گئے۔۔

زریار پاس کی مارکیٹ میں اسے دیکھ آیا تھا مگر صائمہ اسے کہیں بھی نہیں ملی۔۔

پتہ نہیں پھر سے کہاں چلی گئی ہے یہ عورت۔۔

ایک تو اس نے ہماری ناک میں دم کر کے رکھا ہے جب سے میں پاکستان آیا ہوں مجھے تو سکون کا اک پل بھی نصیب نہیں ہوا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ بڑبڑاتا ہوا گھر کی طرف نکل گیا۔۔

یہاں سے زریار گھر کی جانب نکلا اور وہاں سے رضا صائمہ کو لے کر نکلا۔۔

****

یہ میرے دل کو سکون کیوں نہیں آ رہا ؟؟

وہ پھر سے اُٹھ کر کمرے سے باہر گیا اور آسمان کی طرف چہرہ کر کے گہرے سانس لینے لگا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

جب بھی وہ آنکھیں بند کرتا اسے اس خوبصورت سانولی لڑکی کا چہرہ نظر آنے لگتا جو مہرون رنگ کا ڈوپٹہ سر پر اوڑھے سب لڑکیوں سے الگ دیکھائی دے رہی تھی۔۔

کیپٹن ماہیر آپ ابھی تک سوئے نہیں ؟؟؟

کیپٹن عینا اور عدن وہاں سے گزر رہی تھیں۔۔

جی وہ میں بس تازہ ہوا کھانے باہر آیا تھا بس جا رہا ہوں سونے۔۔

اوہ اچھا۔۔

سب خیر تو ہے نہ کہیں آپ کا دل تو نہیں گھبرا رہا کیپٹن ماہیر ؟؟؟

آپ کی شکل دیکھ کر لگ رہا ہے جیسے آپ کی طبعیت خراب ہے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیپٹن عینا تمسخرانہ انداز میں بولی۔۔

نہیں ایسی کوئی بات نہیں کیپٹن عینا میں بالکل ٹھیک ہو شکر ہے رب کریم کا۔۔

وہ اسے گھورتا ہوا بولا اور کمرے میں چلا گیا۔۔

دیکھا تم نے اسے مجھے تو لگ رہا ہے یہ ضرور یہاں کسی کے انتظار میں کھڑا تھا۔۔

آج سب لڑکے یہی کہہ رہے تھے کہ جو لڑکیاں کالج میں آئی ہیں ماہیر انہیں گھور گھور کر دیکھ رہا تھا۔۔

URDU NOVEL BANK

کیپٹن عینا عدن کے ساتگ چلتی ہوئی بڑبڑا رہی تھی۔۔

کیپٹن عینا بس کر دو اس کے علاوہ بھی کچ سوچ لیا کرو کبھی کیپٹن ماہیر بالکل بھی ایسا لڑکا نہیں ہے وہ ایک شریف لڑکا ہے۔۔

عدن بولی۔۔

اچھا اچھا بس کرو زیادہ سائیڈ مت لو اب تم اس کی۔۔

****

اُٹھو امن ٹائم ہوگیا ہے۔۔

میرال نے امن کو جگایا اور جلدی سے دونوں تیار ہو کر ناشتہ کرنے کے لیے چلی گئی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آج پہلا دن ہے ہمیں بالکل ایکٹو رہنا ہے۔۔

امن بولی۔۔

ہاں بالکل، چلو چلتے ہیں اس سے پہلے کے دیر ہو۔۔

جہاں سے انہیں گُزر کر جانا تھا وہاں پر گراؤنڈ میں کیپٹن ماہیر ٹریننگ کرواتے تھے۔۔

آج صبح کیپٹن ماہیر تیار شیار ہو کر سب سے پہلے وہاں پر موجود تھے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سر آج آپ ہم سے بھی پہلے آگئے--

وقت کو ضائع کیے بغیر سب جلدی سے ریڈی ہو جائیں ٹریننگ کے لیے--

،ماہیر نے اونچی آواز میں کہا

اس کی ایک آواز سے سارے سپاہی اپنی اپنی پوزیشن میں آگئے--

ارے واہ بھئی--

دیکھو تو سہی کیپٹن کی ایک آواز پر سب کیسے سیدھے ہوگئے--

میرال ان سب کو دیکھتی دیکھتی وہاں سے گزر رہی تھی--

کیپٹن ماہیر کی نگاہیں میرال کی منتظر تھیں--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچانک اس کی نظر جب میرال پر پڑی تو اس کا دل زور زور سے دھڑکنے لگا--

اس لڑکی میں کوئی جادو تو نہیں کہیں ؟؟

اسے دیکھتے ہی میری ہتھیلیاں پسینے سے تر ہو جاتی ہیں--

میرال کی نظر بھی اچانک کیپٹن ماہیر پر پڑی جو اسے دیوانوں کی طرح دیکھ رہا تھا--

دونوں نے جھٹ سے نظریں جُھکا لی اور میرال تیز تیز اپنی کلاس روم کی طرف چلنے لگی--

URDU NOVEL BANK

کلاس ختم ہونے کے بعد وہ لوگ کیفے میں بیٹھی چائے پی رہی تھیں۔۔

میرال صبح تم نے دیکھا کیسے وہ کیپٹن تمہیں پاگلوں کی طرح دیکھ رہا تھا۔۔

امن بولی۔۔

کونسا کیپٹن ؟؟

،میرال نے چائے کا سپ لیتے ہوئے کہا

وہی یار جو ٹریننگ کروا رہا تھا۔۔

اچھا اچھا وہ۔۔

ہاں میری جب اچانک اس پر نظر پڑی تو وہ مجھے گھور رہا تھا میں تو فوراً کلاس کی طرف چلی گئی۔۔

،میرال نے منھ بناتے ہوئے کہا

ویسے کتنا ہینڈسم ہے نہ وہ۔۔

،امن نے اپنا چائے کا کپ پکڑا اور سپ لیتے ہوئے کہا

ہاں بڑا ہینڈسم ہے ایک وہی تو رہ گیا ہے ہینڈسم پوری دنیا میں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میرال سرد لہجے میں بولی۔۔

مجھے پتہ تھا تم نے یہی کہنا ہے۔۔

اچھا نہ بس کرو ٹائم دیکھو کیا ہوا ہے کلاس بھی اسٹارٹ ہونے والی ہے۔۔

یہ تو یہاں بھی بیٹھا ہے میرے اللہ میری مدد کر۔۔

میرال کا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔۔

کیپٹن ماہیر شاہ آفس میں بیٹھے کچھ ضروری معاملات پر ایک ٹیچر کے ساتھ گفتگو کر رہے تھے۔۔

سر کیا میں اندر آ سکتی ہوں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کی میٹھی آواز ماہیر کے کانوں تک جیسے ہی پہنچی اس نے فوراً دروازے کی طرف دیکھا۔۔

یہ تو وہی لڑکی ہے۔۔

ٹھیک ہے سر آپ جا سکتے ہیں۔۔

اب آفس میں صرف ماہیر اور ایک ٹیچر بیٹھے ہوئے تھے۔۔

جی آجائیں۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سر مجھے میرے کلاس ٹیچر نے بھیجا ہے مجھے وائس پرنسپل سے کچھ بات کرنی ہے کیا میں ان سے مل سکتی ہوں ؟؟

،میرال نے نظریں جھکا کر یہ سب اس سے کہا

کیپٹن ماہیر شاہ اسے کسی دیوانے کی طرح دیکھے جا رہا تھا۔۔

وہ اب تک نظریں جُھکائیں کھڑی اس کے جواب کی منتظر تھی۔۔

آ۔۔آج وائس پرنسپل چُھٹی پر ہیں اس لیے آج میں ان کی سیٹ پر بیٹھا ہوں آپ نے جو کچھ کہنا ہے مجھ سے کہیں۔۔

،اس نے کُرسی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا

کہاں پھنس گئی ہوں میں یاررر۔۔

وہ دل ہی دل میں کہہ رہی تھی۔۔

وہ کُرسی پر بیٹھ گئی مگر اس کے ہاتھ کانپ رہے تھے۔۔

ریلیکس ہو کر بیٹھیں میں آپ کو کھا نہیں جاؤں گا کانپ کیوں رہی ہیں آپ ؟؟

وہ اس کی طرف دیکھ کر مُسکراتا ہوا بولا۔۔

جی سر میں ریلیکس ہوں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ دھیمے لہجے میں بولی--

وٹس یور نیم ؟؟

مائے نیم از میرال خان--

اس نے جواب دیا--

ہمممم-- ویری نائس--

میرا نام کیپٹن ماہیر شاہ ہے میں یہاں کی آرمی ٹیم کا کیپٹن ہوں اور جب کبھی وائس پرنسپل یا ڈائریکٹر چھٹی پر ہوں تو مجھے یہاں پر بھیج دیا جاتا ہے--

اب آپ اپنا مسئلہ بتائیں ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ سیریس انداز میں بولا--

مجھے ٹیچر نے یہاں پر اس لئے بھیجا ہے ہماری کلاس کی تعداد بہت زیادہ ہے اور کلاس نہایت چھوٹی ہے مہربانی فرما کر یا تو آپ ہماری کلاس تبدیل کر دیں یا پھر کلاس کو دو حصوں میں تقسیم کر دیں--

،میرال نے کہا

اوہ تو یہ بات ہے--

URDU NOVEL BANK

صبح سے آپ کی کلاس اوپر والے فلور پر ہوگی روم نمبر پندرہ میں وہ روم کافی بڑا ہے اس میں آپ کی کلاس پوری آجائے گی۔۔

ماہیر نے ایک پیج پر یہ سب نوٹ کرلیا۔۔

اس کے علاوہ اور کچھ ؟؟

،ماہیر نے پنسل روکتے ہوئے اس کی طرف دیکھ کر کہا

نہیں سر بہت شکریہ۔۔

وہ یہ کہتے ہوئے اپنی جگہ سے کھڑی ہوئی۔۔

اگر آپ کو کوئی بھی مسئلہ ہو تو آپ مجھ سے رابطہ کر سکتی ہیں مس میرال خان۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتا ہوا بولا۔۔

آپ کا بہت شکریہ سر۔۔

وہ یہ کہہ کر آفس سے باہر چلی گئی۔۔

آفس سے باہر نکلنے تک وہاں سے دیکھتا ہی رہا۔۔

یہ مجھے کیا ہوگیا ہے میں ایسا بالکل بھی نہیں تھا۔۔

ماہیر ماہیر ماہیر۔۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کیپٹن ماہیر شاہ نے کبھی بھی کسی لڑکی سے اتنا فری ہو کر بات نہیں کی تھی وہ ہمیشہ ایٹیٹیوڈ میں رہنے والا انسان تھا مگر آج اسے نہ جانے کیا ہوگیا تھا۔۔

اُففففففف۔۔۔

قسمت ہی خراب ہے میری تو۔۔

کیسے گھُور گھُور کے دیکھ رہا تھا مجھے۔۔

کیپٹن بن گیا ہے تو اپنے آپ کو پتا نہیں کیا سمجھتے لگ گیا ہے۔۔۔

کیپٹن ماہیر شاہ نام ہے میرا۔۔

آیا بڑا۔۔

میرال بڑبڑاتی ہوئی کلاس کی طرف چلی گئی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

******

کیا میں اپنے گھر والوں سے بات کر سکتی ہوں ؟؟

،منال نے شہمیر خان کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

ہاں کر سکتی ہوں بالکل کر سکتی ہو میں نے کب منع کیا ہے۔۔

وہ جھٹ سے بولا۔۔

URDU NOVEL BANK

اچھا تو لاؤ اپنا فون دو مجھے میں امن کو کال کرتی ہوں۔۔

میرا موبائل تو تب سے بند ہے جب سے میں یہاں آیا ہوا ہوں۔۔

میں صوفی سے موبائل لا دیتا ہوں تمہیں ابھی تم اس کے فون سے کرلو جیسے ہی ہم اپنے گھر جائیں گے میں تمہیں نیا فون لا کر دوں گا پھر جب چاہے تم اپنے گھر والوں سے بات کر لیا کرنا۔۔

وہ محبت بھرے لہجے میں بولا۔۔

تمہارا فون کیوں بند ہے ؟؟

کیا تمہارا اپنے گھر والوں سے کوئی رابطہ نہیں ہے ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ بولی۔۔

نہیں میرا ان سے کوئی رابطہ نہیں ہے۔۔

میں صوفی سے فون لے کر آیا۔۔

وہ یہ کہہ کر ابھی کمرے سے باہر جانے ہی لگا تھا کہ منال نے فوراً اسے روک دیا۔۔

رُکو شہمیر۔۔

وہ ایک دم بولی۔۔

URDU NOVEL BANK

وہ اس کی زبان سے اپنا نام سن کر حیران رہ گیا۔۔

کیا کہا تم نے ؟؟

ایک بار پھر سے کہو نا۔۔

وہ مُڑ کر بولا۔۔

میں یہ کہہ رہی ہوں کہ رہنے دو مت لے کر آؤ فون اپنے دوست سے پھر کبھی کر لوں گی میں بات۔۔

وہ نظریں جُھکائے بولی۔۔

شہمیر کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ ہی نہیں تھا وہ مُسکراتا ہوا کمرے سے باہر چلا گیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا بات ہے بھئی بڑے خوش نظر آرہے ہو۔۔

بوڑھی اماں باہر حال میں بیٹھی ہوئی تھی۔۔

آپ کی دعاؤں کا اثر ہونا شروع ہوگیا ہے اماں۔۔

منال کا رویہ میرے ساتھ بہت زیادہ اچھا ہوگیا ہے اسی لیے میں بہت خوش ہوں۔۔

اللہ تم دونوں کو ایسے ہی خوش رکھے ہمیشہ۔۔

****

URDU NOVEL BANK

یہ کون ہے ؟؟

زریار نے فوراً گاڑی کو بریک لگائی۔۔

یہ تو مجھے وہی لڑکا لگ رہا ہے زریار فوراً گاڑی سے اُترا اور بھاگتا ہوا رضا کی گاڑی کے پاس بھاگا۔۔

زریار نے رضا کو فوٹو میں ہی دیکھا تھا اس سے پہلے اس نے کبھی رضا کو نہیں دیکھا تھا۔۔

صائمہ نے جب زریار کو گاڑی کی طرف آتا دیکھا تو اس کے ہوش اُڑ گئے۔۔

یہ تو زریار ہے اللہ یہ یہاں کیسے آگیا ہے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رضا جلدی گاڑی چلاؤ چلو یہاں سے جلدی۔۔

کون زریار ؟؟

یہ میری خالہ کا بیٹا ہے اور حماد کی پھپھو کا بیٹا ہے یہ باہر رہتے ہیں کافی مہینوں سے یہ ہماری طرف آیا ہوا ہے۔۔

اُففف۔۔

کہاں پھنس گیا ہوں میں یار۔۔

URDU NOVEL BANK

ابھی رضا نے گاڑی اسٹارٹ ہی کی تھی کہ زریار گاڑی کے آگے کھڑا ہوگیا۔۔

زریار نے اپنے گلاسز اُتارے اور صائمہ کو باہر نکلنے کا اشارہ کیا۔۔

یااللہ میں کیا کروں یہ میں کہاں پھنس گئی ہوں۔۔

زریار ابھی تک گاڑی کے سامنے ہی کھڑا تھا۔۔

رضا تم بیٹھے کیا دیکھ رہے ہو ؟؟

کچھ تو کرو ؟؟

صائمہ چیخی۔۔

میں کیا کروں تم اُترو گاڑی سے اور جاؤ اس کے ساتھ اب تو وہ سب کچھ دیکھ چکا ہے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زریار گاڑی کی طرف بڑھا اور گاڑی کا دروازہ کھول کر رضا اور صائمہ کو گھورنے لگا۔۔

تمہاری ہمت کیسے ہوئی دوبارہ اپنی بہن کے شوہر کے ساتھ باہر ملنے کی ؟؟

حماد کو بُلاؤں یہاں ؟؟

کس طرح کی عورت ہو تم تمہیں ذرا سی بھی شرم آتی ہے کہ تم کس حال میں ہو اور کر کیا رہی ہو۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ نفرت بھرے لہجے میں بولا۔۔

زریار حماد سے یا گھر والوں میں سے کسی سے بھی کچھ مت کہنا پلیز۔۔

،صائمہ نے بیچارہ منھ بناتے ہوئے کہا

رضا چُپ بیٹھا ہوا تھا اس نے صائمہ کی حمایت میں ایک لفظ بھی اپنے منھ سے نہیں نکالا۔۔

زریار میں تمہارے آگے اپنے دونوں ہاتھ جوڑتی ہوں خدا کا واسطہ ہے گھر جا کر کسی سے بھی کوئی بات مت کرنا۔۔

صائمہ بہت ڈر گئی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ گاڑی سے اتری اور زریار کے پیچھے تیز تیز چلنے لگی۔۔

زریار اپنی گاڑی کی طرف جا رہا تھا۔۔

اس نے صائمہ کی بات کا کوئی جواب نہیں دیا اور گاڑی میں جاکر بیٹھ گیا۔۔

صائمہ بھی اس کے ساتھ گاڑی میں جاکر بیٹھ گئی۔۔

تم جیسی عورت کو میں اپنی گاڑی کی طرف دیکھنے بھی نہ دو یہ مہربانی صرف اس لئے ہے کیونکہ تم اس حال میں ہو۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

تم میرے بارے میں غلط سوچ رہے ہو میں تو اپنی دوست کے ساتھ شاپنگ پر گئی تھی واپسی پر مجھے فٹ پاتھ پر رضا ملا تو اس نے کہا کہ میں تمہیں گھر تک چھوڑ آتا ہوں اس لئے میں بیٹھ گئی۔۔

پلیز مجھے یہ اپنی جھوٹی کہانیاں مت سناؤ۔۔

بالکل بھی شرم نہیں آتی تم کیسی عورت ہوں یار۔۔

اگر وہ شخص تو اتنا ہی پسند ہے تو پھر تم حماد کے ساتھ کیا کر رہی ہو ؟؟

زریار سخت لہجے میں بولا۔۔

ایسی کوئی بات نہیں ہے تم غلط سمجھ رہے ہو۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں ہم سب بھی غلط ہے بس ایک تم ہی سہی ہو اور دیکھا تم نے کیسا وہ تمہارا عاشق ہے جو تمہاری حمایت میں ایک لفظ بھی اپنے منہ سے نکال نہ سکا۔۔

مجھے دیکھتے ہی ڈر گیا تھا وہ جس کے پیچھے تم مری جا رہی ہو۔۔

صائمہ کو بھی یہ بات محسوس ہوئی کے رضا نے اس کے لئے ایک لفظ بھی اپنے منہ سے نہیں نکالا۔۔

URDU NOVEL BANK

کیونکہ رضا ڈر گیا تھا کہ کہیں پھر سے وہ پکڑا نہ جائے پہلے ہی اس نے بہت مشکل سے اپنے اور صبا کے درمیان دوبارہ سے محبت کا رشتہ قائم کیا تھا۔۔

جب صائمہ اندر داخل ہوئی تو ندا اور اس کی امی ٹی وہ لاؤنج میں بیٹھی ہوئی تھی۔۔

مل گیا آپ کو گھر آنے کا وقت ؟؟

دیکھیں کیا وقت ہو رہا ہے۔۔

اگر بھائی یا ابو کچھ بھی پتہ چل جائے تو ابھی کے ابھی آپ اس گھر سے نکل جائیں گی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ندا تلخ لہجے میں بولی۔۔

میں تو زریار کے ساتھ آئی ہوں۔۔

وہ جھٹ سے بولی۔۔

زریار بھی پیچھے سے آگیا۔۔

زریار کیا یہ تمہارے ساتھ آئی ہے ؟؟

ندا بولی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہاں میرے ساتھ آئی ہیں۔۔

زریار کا موڈ اس وقت بہت خراب تھا۔۔

اس نے گاڑی کی چابی ٹیبل پر پھینکی اور اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔

صائمہ بھی فورا اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔

امی آپ کچھ بولیں کیوں نہیں کچھ کہا کیوں نہیں بھابھی سے۔۔

آپ نے ہی اسے سر پر چڑھا کر رکھا ہے اور بعد میں اپنی طبیعت خراب کر لیتی ہے آپ۔۔

ندا یہ کہہ کر وہاں سے غصے میں اٹھ کر چلی گئی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پتا نہیں کیا ہو گا اس گھر کا۔۔

مجھے تو کچھ سمجھ نہیں آتی یہ صائمہ ہمارے ساتھ کیا کر رہی ہے۔۔

نہ جانے زریار اسے کہاں سے لے کر آیا ہے۔۔

آج تو میں بچ گئی یار۔۔

صائمہ نے اپنے کمرے میں جا کر سکون کا سانس لیا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ویسے وہ صحیح کہہ رہا تھا رضا نے میرے لئے ایک لفظ بھی اپنے منہ سے نہیں نکالا۔۔

بہت ہی دوغلا انسان ہے یہ رضا۔۔

رومانس کرتے ہوئے سے پتا نہیں چلتا کہ میں کیا کر رہا ہوں اور کس کے ساتھ کر رہا ہوں۔۔

جب کوئی مصیبت آجائے تو اسے اپنی بیوی اور بچہ یاد آجاتا ہے کہ کہیں میں پکڑا نہ جاؤں پھر سے۔۔

صائمہ نے فورا سے کال ملائی۔۔

اسامہ کی کال اٹینڈ نہیں کی مگر صائمہ کافی دیر تک اسے مسلسل کال کرتی رہی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہ جانے کہاں مر گیا ہے اب۔۔

یہ کہہ کر اس نے موبائل ٹیبل پر رکھا اور چینج کرنے کے لئے چلی گئی۔۔

****

میں تمہیں بتا نہیں سکتی یار کی مجھے کتنا برا لگ رہا تھا اس کے سامنے بیٹھ کر جیسے وہ مجھے دیکھ رہا تھا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ٹیچر نے بھی مجھے ہی بیجھنا تھا میں ہی ملی تھی ان کو وہ بھی اس کیپٹن کے پاس بھیجنے کے لیے۔۔

میرال سرد لہجے میں بولی۔۔

ہائے اتنا ہینڈسم تو ہے وہ نا شکری لڑکی۔۔

شیتل بولی۔۔

شیتل میرال اور امن کی کلاس میں پڑھتی تھی جو امن اور میرال کے ساتھ کافی زیادہ اٹیچ ہوگئی تھی۔۔

ہاں صحیح کہا تم نے شیتل۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امن ہنستی ہوئی بولی۔۔

آج پانچ بجے ہماری ٹریننگ بھی ہے۔۔

، شیتل نے کہا

تجھ سے کہیں وہ کھڑوس تو نہیں آ جائے گا ہماری ٹریننگ کروانے۔۔

میرال جھٹ سے بولی۔۔

ارے مجھے تو لگ رہا ہے وہی آئے گا اللہ کرے وہی آ جائے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

امن جھٹ سے بولی۔۔

اچھا نہ یہ تو بتاؤ اور کیا کیا کہا اس خوبصورت کیپٹن نے ؟؟

شیتل پیار بھرے لہجے میں بولی۔۔

تمہیں بڑا مزا آتا ہے اس کیپٹن کے بارے میں باتیں سننے کا۔۔

میرال منہ بناتے ہوئے بولی۔۔

یار بتا دو نا کیا ہوگیا ہے ؟؟

،امن نے کہا

کہہ رہا تھا کوئی بھی کام ہو تو مجھے بتانا میرال نام کیپٹن ماہیر شاہ ہے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میرال نے اس کی نقل اتارتے ہوئے کہا۔۔

اس کا نام ماہیر شاہ ہے ؟؟

ارے واہ۔۔

اس کا نام بھی اس کی طرح کتنا خوبصورت ہے۔۔

شیتل نرم لہجے میں بولی۔۔

میرال تم نے نوٹ کیا تمہارا اور اس کا نام کتنا ملتا جلتا ہے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میرال خان ماہیر شاہ--

،امن نے کہا

اف میرے خدایا میں کہاں پھنس گئی ہو یا لڑکیاں پاگل ہو چکی ہیں--

ہم یہاں پر پڑھنے آئی ہیں یہ سب کرنے نہیں آئی سمجھیں تم دونوں--

میرال سرد لہجے میں بول کر کلاس سے باہر چلی گئی--

****

یہ لو فون جتنا دل چاہے کر لو اپنی بہن اور امی ابو سے بات--

،شہمیر نے منال کو صوفی کا موبائل دیتے ہوئے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں نے تم سے کہا تھا کہ مت لے کر آنا--

جب تم اپنا فون آن کرو گے تو میں اس سے کر لوں گی--

منال بولی--

منال پتا نہیں کتنے دن لگ جائے میری جان اس لیے تم اس فون سے بات کرو جیسے ہی ہم اس جگہ سے نکلیں گے تو میں اپنا بھی فون کروں گا اور تمہیں بھی نیا فون لے کر دوں گا--

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،شہمیر نے محبت بھرے لہجے میں کہا

منال نے اس کے ہاتھ سے فون پکڑا اور بیڈ پر بیٹھ کر نمبر ڈائل کرنے لگی۔۔

شاید مجھے نمبر بھی بھول گیا ہے۔۔

وہ نمبر ڈائل کرتی ہوئی بولی۔۔

ٹرائی کرتی رہو شاید یاد آ جائے۔۔

،شہمیر نے کہا

کافی دیر محنت کرنے کے بعد آخر منال نے صحیح نمبر ڈائل کرلیا۔۔

پتہ نہیں سب کہاں ہیں کوئی کال ہی نہیں اٹینڈ کر رہا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شاید ان نائون نمبر دیکھ کر نہیں کر رہے ہوں گے تم ایسا کرو ایک میسج کرو لکھو کہ

میں منال شہمیر ہوں کال اٹینڈ کریں۔۔

منال یہ سُن کر ہنسنے لگی۔۔

پاگل ہوگئے ہو تم میں بس یہی لکھ دیتی ہوں کہ میں منال ہوں کال اٹینڈ کریں۔۔

وہ مسکراتے ہوئے بولی۔۔

کیوں بھئی ؟؟

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اب آپ منال شہمیر ہیں اس لیے منال شہمیر ہی لکھیں۔۔

منال کی امی نے کال اٹینڈ کال کی تو ان کی آواز سُن کر منال کی آنکھوں میں آنسو آگئے۔۔

امی میں منال بات کر رہی ہوں کیسی ہیں آپ ؟؟

منال روتی ہوئی بولی۔۔

شہمیر اُٹھ کر کمرے سے باہر چلا گیا تاک منال ریلیکس ہو کر اپنی امی سے بات کرلے۔۔

منال میری بیٹی کیسی ہو تم کہاں ہو تم ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کہاں لے گیا ہے وہ تمہیں تم ٹھیک تو ہو نہ ؟؟

اس کی امی بھی رونے لگی۔۔

جی امی میں بالکل ٹھیک ہوں آپ بتائیں ابو ٹھیک ہیں امن کہاں ہے وہ ٹھیک ہے ؟؟

ہاں سب ٹھیک ہیں ہم سب ٹھیک ہیں تمہارے اب تمہیں بہت یاد کرتے ہیں منال تم کہاں ہو مجھے بتاؤ ہم ابھی تمہیں لینے آجاتے ہیں۔۔

URDU NOVEL BANK

امی مجھے خود بھی نہیں معلوم کہ میں کہاں ہوں لیکن جہاں بھی ہوں محفوظ ہوں میں۔۔

وہ روتی ہوئی بولی۔۔

منال واپس آجاؤ کہاں رہتی ہو تم بیٹا اس نے کہاں رکھا ہے تمہیں۔۔

وہ بس یہی کہی جا رہی تھیں۔۔

امی شہمیر اور میرا نکاح نکاح چکا ہے۔۔

وہ یہ کہہ کر ایک دم خاموش ہوگئی۔۔

کیاااا ؟؟

نکاح کرلیا اس نے تمہارے ساتھ ؟؟

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

منال وہ کہیں تمہیں نقصان نہ پہنچا دے بیٹا مجھے تمہاری بہت فکر رہتی ہے میں دن رات تمہارے لیے دعائیں کرتی ہوں تمہاری آواز سننے کو میرے کان ترس گئے تھے تمہیں دیکھنے کو میری آنکھیں ترس گئی ہیں بیٹا۔۔

امی وہ ایسا بالکل نہیں ہے جیسا آپ سمجھ رہی ہیں اور میں جلدی آؤں گی آپ سب ملنے کے لیے میں بھی آپ سب کو بہت یاد کرتی ہوں۔۔

اور امی یہ سب آپ کی دعاؤں کا اثر ہے جو میں محفوظ ہوں۔۔

URDU NOVEL BANK

منال جلدی سے آجاؤ بیٹا میری آنکھیں تمہیں دیکھنے کو ترس گئی ہیں۔۔

امی آپ فکر نہیں کریں میں جلدی آؤں گی آپ کے پاس۔۔

امن کہاں ہے اس سے میری بات کروائیں۔۔

بیٹا امن تو ایک ہفتے سے چلی گئی ہے یہاں سے اس کا آرمی میڈیکل میں ایڈمیس ہوگیا ہے میرال اور وہ ایک ہی ہاسٹل میں رہتی ہیں۔۔

ارے واہ امی۔۔

یہ تو بہت اچھی بات ہے۔۔

آپ مجھے ان کا نمبر دیں میرا بہت دل کرتا ہے میرا بات کرنے کو امن سے میرال سے اور ساشا سے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا ہوا اداس لگ رہی ہیں آپ کیا کسی نے کچھ کہا ہے آپ سے ؟؟

وہ اس کی طرف دیکھتا ہوا بولا۔۔

نہیں کسی نے کچھ نہیں کہا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یہ لو وہ فون دے آؤ اپنے دوست کو واپس اور بہت بہت شکریہ میری بات کروانے کا۔۔

وہ اسے موبائل پکڑاتے ہوئے بولی۔۔

گھر میں سب ٹھیک ہیں نہ ؟؟

وہ بولا۔۔

ہاں سب ٹھیک ہیں امی بہت رو رہی تھیں کہہ رہی تھی تم ٹھیک تو نہ ؟؟

جلدی سے واپس آجاؤ۔۔

وہ اُداس لہجے میں بولی۔۔

ضرور جائیں گے ہم بہت جلدی جائیں گے فکر نہیں کرو۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمممم۔۔

وہ منھ بنا کر بیٹھی ہوئی تھی۔۔

کیا ہوا ہے بتاؤ تو سہی کچھ ؟؟

وہ محبت بھرے لہجے میں بولا۔۔

URDU NOVEL BANK

امن اور میرال کا ایڈمیشن ہوگیا ہے آرمی میڈیکل کالج میں وہ دونوں وہاں پر خوب مزے کر رہی ہوں گی اور میں یہاں بس ایک کمرے میں قید ہو کر رہ گئی ہوں۔۔

وہ منہ موڑتی بولی۔۔

اوہ اچھا تو یہ بات ہے۔۔

ہمممم۔۔

کوئی مسئلہ ہی نہیں ہے ہم آپ کا بھی ایڈمیشن کروا دیتے ہیں آپ حکم تو کریں۔۔

ہاں ہاں بس تم باتیں ہی کرتے ہو ہوگا تم سے کچھ بھی نہیں مجھے پتا ہے۔۔

منال بس ایک بار ہم یہاں سے اپنے گھر چلے جائیں پھر سب کچھ سیٹ ہو جائے گا جیسا تم چاہو گی ویسا ہی ہوگا اور تم اپنی پڑھائی بھی مکمل کر لینا مجھے کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ٹھیک ہے ٹھیک ہے مان لیتی ہوں تمہاری بات۔۔

وہ اس کی طرف دیکھتی ہوئی بولی۔۔

****

زریار مجھے سچ سننا ہے سمجھے تم ؟؟

URDU NOVEL BANK

مجھ سے ہرگز جھوٹ بولنے کی کوشش مت کرنا میں بتا رہی ہوں تمہیں۔۔

ندا سخت لہجے میں بولی۔۔

یہ اسی کے ساتھ تھی میں تو اسے مارکیٹ میں ڈھونڈنے گیا تھا مجھے یہ وہاں کہیں بھی نہیں ملی جب میں واپس گھر آ رہا تھا تو ایک گاڑی میں یہ دونوں بیٹھے ہوئے تھے۔۔

،زریار نے کہا

تو پھر تم نے گھر آ کر ہمیں سچ کیوں نہیں بتایا ؟؟

تم نے ایسا کیوں کیا ؟؟

وہ سرد لہجے میں بولی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ میرے آگے اپنے ہاتھ جوڑ رہی تھی کہ پلیز کسی سے کچھ مت کہنا میں اب ایسا کچھ بھی نہیں کروں گی اور میں نے اس لیے نہیں بتایا کہ پھر سے حماد کا موڈ خراب ہوگا گھر میں تماشا ہوگا مامی جان ماموں جان ٹینشن لیں گے۔۔

بس سہی ہے مجھے مزید کچھ نہیں کہنا آپ سب جو مرضی کرو مجھے اب کسی سے کوئی غرض نہیں۔۔

ندا یہ کہہ کر کمرے سے باہر چلی گئی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کیسا انسان ہے یہ یار ابھی تک اس نے مجھے کال کر کے یہ تک نہیں پوچھا کہ گھر پہنچ گئی کچھ ہوا تو نہیں کسی نے کچھ کہا تو نہیں اسے تو کوئی فرق ہی نہیں پڑتا مطلب میں ہی پاگل ہوں جو اس کے پیچھے خود کو ذلیل کروا رہی ہوں سب سے۔۔

اس نے موبائل پکڑا اور اسے کال کرنے لگی۔۔

کافی کالز کرنے کے بعد آخر اس نے کال اٹینڈ کر ہی لی۔۔

تمہیں میں نے کتنی کالز کی تم میری کال کیوں نہیں اٹینڈ کرتے جب میں تم سے ملنے کے لیے آتی ہوں تمہارے پاس ہوتی ہوں تب تو تم ایسے معصوم اور میرے پکے عاشق بن جاتے ہو جیسے دنیا میں تمہیں میرے علاوہ کوئی دوسرا نظر ہی نہیں آتا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم نے ایک بار بھی کال کر کے نہیں پوچھا کہ گھر جانے کے بعد کچھ ہوا تو نہیں کسی نے کچھ کہا تو نہیں۔۔

صائمہ سرد لہجے میں بولی۔۔

ارے یار میں مصروف تھا اور ابھی بھی مصروف ہوں تم جانتی تو ہو آفس میں کتنا کال ہوتا ہے سب میں نے ہی ہینڈل کرنا ہوتا ہے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پاس رکھو اپنی مصروفیت اپنے پاس--

تم بس جسم کے بھوکے ہو رضا--

زریار کے سامنے تم سے ایک لفظ نہ بولا گیا میرے لیے تم تو ایسے ہوگئے تھے جیسے تمہارے منہ میں زبان ہی نہیں ہے--

تم سے میرے لیے بولا نہیں گیا تم میرے لیے سب سے کیا لڑو گے ہاں تم تو بہت ڈرپوک نکلے--

وہ غصہ سے بولی--

ارے میری جان ایسی بات نہیں ہے تمہارا جسم تمہاری روح صرف میری ہے--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اپنا منہ بند رکھو اب آج کے بعد سے تمہارا اور میرا کوئی تعلق نہیں ہے سمجھے تم--

صائمہ نے یہ کہہ کر کال بند کی اور رضا کا نمبر اپنے موبائل سے ڈیلیٹ کر دیا--

عجیب انسان ہے یہ ایک نمبر کا--

وہ بڑبڑائی--

زریار کی باتوں کا صائمہ پر کافی اثر ہوا تھا اسے یہ بات محسوس ہوئی تھی کہ رضا ایک بار بھی اس کی حمایت میں نہیں بولا تھا--

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

****

کیا آج ہم مل سکتے ہیں کچھ دیر کے لیے ؟؟

زریار نے ساشا کو میسج کیا۔۔

جب اس کی کلاس ختم ہوئی تو کچھ دیر کے بعد اس نے بیگ سے فون نکالا اور دیکھا کہ زریار کا میسج آیا ہوا ہے۔۔

وہ میسج پڑھ کر مسکرانے لگی۔۔

اسے کیوں ملنا ہے مجھ سے ؟؟

شاید یہ اپنا جواب لینے کے لیے مجھ سے ملاقات کے لیے کہہ رہا ہے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے دیکھا کہ اب اس کی کوئی بھی کلاس نہیں ہے اس نے زریار کو میسج کیا کہ ہاں کیوں نہیں مل لیتے ہیں۔۔

کیا ہوا کہاں بزی ہو ؟؟

ساشا کی کلاس کی لڑکی آمنہ جو اب ساشا کی دوست بن چکی تھی اس کے پاس آ کر بیٹھ گئی۔۔

ساشا چلو کچھ کھانے چلتے ہیں۔۔

URDU NOVEL BANK

یونیورسٹی کے باہر سے بہت مزیدار چکن کڑھائی ملتی ہے کھائیں گے ساتھ گپے ماریں گے۔۔

یہ بتاتے ہوئے آمنہ کے منہ میں پانی بھر آیا۔۔

نہیں آمنہ آج نہیں کل کھائیں گے آج میں ذرا کام سے باہر جا رہی ہوں۔۔

ساشا موبائل کی طرف دیکھتی ہوئی بولی۔۔

وہ زریار کے جواب کی منتظر تھی۔۔

تم میری کوئی بات نہیں مانتی ساشا کلاس میں بھی تم اپنی مرضی کرتی ہو۔۔

،آمنہ نے منہ بناتے ہوئے کہا

آمنہ کیوں نہیں سمجھ رہی یار بات کو۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ساشا بولی۔۔

اچھا کہاں جا رہی ہو تم ؟؟

مجھے بھی لے جاؤ اپنے ساتھ قسم سے بالکل بھی تنگ نہیں کروں گی خاموشی سے تمہارے ساتھ بیٹھی رہوں گی جیسا تم کہو گی ویسا ہی کروں گی پکا۔۔۔

آمنہ جھٹ سے بولی۔۔

URDU NOVEL BANK

کیسے سمجھاؤں میں اس لڑکی کو اُففف۔۔

وہ مُسکراتی ہوئی اپنے سر پر ہاتھ رکھتی ہوئی بولی۔۔

اتنے میں زریار کی کال آگئی۔۔

ساشا نے فوراً کال اٹینڈ کی اور اُٹھ کر دوسری جانب چلنے لگی۔۔

آمنہ بھی اس کے پیچھے پیچھے چلنے لگی۔۔

میں دس منٹ تک تمہاری یونیورسٹی کے باہر پہنچ جاؤں گا جیسے ہی میں کال کروں گا فوراً باہر آجانا۔۔

،زریار نے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں زریار تم مجھے بتا دو کہاں پر ملنا ہے میں خود آجاؤں گی تمہیں یہاں آنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔

ساشا بولی۔۔

زریار ؟؟

ساشا یہ زریار کون ہے ؟؟

آمنہ پیچھے سے بولی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میں آ رہا ہوں نہ ساشا بس تم باہر آجانا جب میں کال کروں گا۔۔

اچھا ٹھیک ہے ٹھیک ہے۔۔

ساشا جب پیچھے مڑی تو آمنہ کان لگا کر باتیں سن رہی تھی۔۔

ارے تم کیا کررہی ہو ؟؟

ساشا اس کی طرف ہنستے ہوئے دیکھ کر بولی۔۔

کس سے ملنے جارہی ہو تم ؟؟

زریار زریار کون ہے یہ زریار بتاؤ ذرا مجھے ؟؟

،آمنہ نے منھ بناتے ہوئے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بتاؤں گی کون ہے بہت جلدی بتاؤں گی فکر نہیں کرو۔۔

ساشا بولی۔۔

اچھا ٹھیک ہے میں بھی تمہارے ساتھ چلوں گی زیادہ دور نہیں ہے میرا گھر اس لیے اپنے اس زریار سے کہنا مجھے بھی گاڑی میں بیٹھا لے اور گھر تک چھوڑ دے۔۔

اچھا جی ٹھیک ہے چھوڑ دے گا اور کچھ ؟؟

سب منگل ہیں ایک میں ہی سنگل ہوں میرا ہی کوئی سین نہیں ہے بس۔۔

URDU NOVEL BANK

آمنہ افسردہ ہوگئی۔۔

ساشا اس کا ایسا منھ بنا دیکھ کر ہنسنے لگی۔۔

ہاں ہاں ہنسو تم مجھ پر دیکھنا ایک دن میرا بھی شہزادہ مجھے یونیورسٹی کے باہر لینے آئے گا۔۔

آمین آمین۔۔

ہاہاہا۔۔

ہاں ہاں ضرور آئے گا۔۔

میں اور زریار زیادہ بات نہیں کرتے دوسری یا تیسری بار بات ہورہی ہے مہینے میں ہماری۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،ساشا نے کہا

اوہ اچھا۔۔

یہ ایسا ہی ہے ویسے زیادہ بات کرنی بھی نہیں چاہیے اور مجھے لگتا ہے شاید ابھی تم دونوں کو نیا نیا پیار ہوا ہے ایک دوسرے سے۔۔

آمنہ بولی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

شرم کرو کیسی باتیں کررہی ہو پاگل لڑکی۔۔

،ساشا نے شرماتے ہوئے انداز میں کہا

چلو اب زیادہ شرماؤ نہیں۔۔

زریار کی کال آ رہی ہے اس نے بولا تھا جیسے ہی میں کال کرو فورا باہر آ جانا اس لیے اٹھو جلدی کرو باہر چلو وہ ویٹ کر رہا ہوگا۔۔

وہ دونوں اٹھی اور فوراً یونیورسٹی کے باہر چلی گئی۔۔

زریار کی گاڑی یونیورسٹی کے سامنے کھڑی تھی ساشا کو دے کر وہ فوراً گاڑی سے اتر گیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے دیکھا کہ ساشا کے ساتھ ایک لڑکی بھی آ رہی ہے وہ یہ دیکھ کر حیران ہو گیا کہ یہ کون ہے جو گاڑی کی طرف آ رہی ہے۔۔

آگئی آپ محترمہ ؟؟

زریار ساشا کی طرف دیکھتا ہوا بولا۔۔

یہ میری دوست ہے زریار اس کا گھر یہاں پاس میں ہی ہے تو یہ ہمارے ساتھ جائے گی اسے اس کے گھر چھوڑنا ہے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

آمنہ زریار کو گھور رہی تھی۔۔

لڑکا تو بڑا ہینڈسم ہے یار۔۔

ساشا کے ساتھ مست لگے گا۔۔

وہ بڑبڑا رہی تھی۔۔

چلو بیٹھو آمنہ۔۔

ساشا نے آمنہ کی طرف دیکھتے ہوئے کہا اور خود بھی اس کے ساتھ پیچھے والی سیٹ پر بیٹھنے کے لیے دروازہ کھولا۔۔

بس اسی کی کمی تھی اب ہم اکیلے کہیں جا بھی نہیں سکتے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زریار دل ہی دل میں کہہ رہا تھا۔۔

ساشا آگے آؤ تم کیوں پیچھے بیٹھ رہی ہو یار ؟؟

زریار بولا۔۔

کوئی بات نہیں زریار میں پیچھے ہی ٹھیک ہوں۔۔

زریار منہ بنا کر گاڑی میں بیٹھ گیا۔۔

جاؤ ساشا اتنے پیار سے بلا رہا ہے وہ تمہیں اُٹھو شاباش۔۔

URDU NOVEL BANK

آمنہ نے زبردستی ساشا کو آگے بھیج دیا۔۔

******

کتنی ٹھنڈ ہے یار ٹریننگ کیسے کریں گے میں تو بس یہ سوچ رہی ہوں۔۔

امن کے دانت بج رہے تھے ٹھنڈ کی وجہ سے۔۔

ٹھنڈ تو واقع ہی بہت ہے لیکن کیا کریں جانا بھی ضروری ہے۔۔

میرال بولی۔۔

شیتل اب تک نہیں آئی لگتا ہے وہ ابھی تک سو کر ہی نہیں اُٹھی۔۔

،وہ محبت بھرے لہجے میں بولا

ہاں ہو رہی ہے مجھے فکر اسی لیے تو بول رہی ہوں کمرے میں جاؤ جلدی سے۔۔

وہ اُٹھا اور مُسکراتا ہوا کمرے میں چلا گیا۔۔

آگیا ہوں میں کمرے میں دیکھو تو سہی کتنا سنسان پڑا ہے آپ کے بغیر بھی کمرہ۔۔ صبح ہوتے ہی میں آپ کو لینے کے لئے آ جاؤں گا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا ٹھیک ہے آجانا بس آج کی رات سکون سے نکال لو۔۔

،منال بولی

*****

زریار بیٹا کہاں تھے امی کو بھی پوچھ لیا کرو جو آپ کے لیے یہاں آئی ہیں۔۔

،زریار کی امی اسے چومتی ہوئی بولی

بس کچھ چیزیں لینے گیا تھا اپنی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

زریار نے جواب دیا۔۔

میرال کو بھی لے کر آنا ہے ابھی تو زریار۔۔

ندا کی امی نے کہا،

جی مامی جان بس ابھی کھانا کھا کر نکلوں گا۔۔

امی انہوں نے پورے راستے لڑتے ہوئے آنا ہے۔۔

ندا ہنستی ہوئی بولی،

ہاں جو ان کا کام ہے بس لڑنا لڑنا۔۔

ندا کی امی بولی،

میں فریش ہو کر آتا ہوں تب تک کھانا لگوا دو ندا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زریار یہ کہہ کر اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔

وہ کمرے میں گیا تو ثانیہ میڈم اس کے بیڈ پر لیٹی ہوئی اس کا انتظار کر رہی تھی۔۔

وہ اس کو وہاں اس طرح لیٹی ہوئی دیکھ کر حیران رہ گیا۔۔

یہاں کیا کر رہی ہو تم اور یہ کپڑے کیسے پہنے ہوئے ہیں تم نے ؟؟

اُٹھو اور جاؤ یہاں سے۔۔

URDU NOVEL BANK

،وہ غصے سے اسے گھورتا ہوا بولا

کیوں جاؤں میں ہاں ؟؟

کیا تم اب بھی راضی نہیں ہو مجھ سے ؟؟

،ثانیہ نے کہا

تمہیں میں اتنا گھٹیا لگتا ہوں کیا جو تمہیں اس طرح کے کپڑوں میں دیکھ کر پگھل جاؤں گا اور اپنے کپڑے اُتار کر تمہارے ساتھ لیٹ جاؤں گا۔۔

تمہیں کیا لگتا ہے میں تمہاری ان سب حرکتوں سے خوش ہو جاؤں گا ؟؟؟

تم مجھے اپنی طرف متوجہ کرنا چاہ رہی ہو نا یہ سب کر کے تو سُن لو مجھے ان نہ تو مجھے تم میں کوئی دلچسپی ہے اور نہ ہی ان سب کاموں میں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،زریار نے صاف لفظوں میں کہا

آخر مجھے کیا کرنا ہوگا جس سے تم میری طرف متوجہ ہوگے ؟؟

وہ اُٹھی اور زریار کے پاس جا کر کھڑی ہوگئی۔۔

میں تمہیں اپنا بنا کر رہوں گی سمجھے تم ؟؟

وہ زریار کا بازو پکڑ کر اسے بیڈ کی طرف لے آئی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

چھوڑو مجھے پاگل ہوگئی ہو کیا تم ؟؟

زریار نے اسے دھکا دیا اور واش روم میں چلا گیا۔۔

ثانیہ کو بہت غصہ آیا اور وہ کمرے سے باہر چلی گئی۔۔

ٹی وہ لاؤنج میں صائمہ ہادیہ کو لے کر بیٹھی ہوئی تھی اس نے ثانیہ کو زریار کے کمرے سے نکلتی ہوئی دیکھ لیا تھا۔۔

وہ ثانیہ کو ایسے عجیب کپڑوں میں دیکھ کر بہت حیران ہوئی۔۔

******

کیوں کہا تم نے اپنی پھپھو سے یہ سب ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں بالکل بھی راضی نہیں ہوں ماہیر تمہارے اس فیصلے سے۔۔

،ماہیر کی امی نے سرد لہجے میں کہا

امی میں نہیں چاہتا پھپھو بار بار آ کر آپ کو یا ابو کو تنگ کریں اس لیے مجھے یہ بہتر لگا میں نے کہہ دیا۔۔

امی پتا نہیں بھائی کس مصیبت میں پھنس گئے ہیں اور بہت اچھا کیا اسفند بھائی نے صاف منع کر کے اس رشتے سے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،رمشا جھٹ سے بولی

آپ بس دعا کرو رمشا یہ اللہ سب اچھا اچھا کر دے۔۔

،ماہیر نے کہا

انشااللہ بھائی سب اچھا ہوگا۔۔ویسے بھائی اسفند بھائی کو کون لڑکی پسند آگئی ہے آپ کو تو ہوگا معلوم مجھے بھی بتائیں نا۔۔

،رمشا بولی

اسفند آئے گا نہ اسی سے پوچھنا وہ بتائے گا۔۔

،ماہیر ہنستا ہوا بولا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا یہ بتائیں وہ ہے کیسی؟؟

پیاری ہے ؟؟

رمشا مجھے نہیں پتا اسی سے پوچھ لینا میں جا رہا ہوں کمرے میں۔۔

ماہیر یہ کہہ کر اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔

مجھے ایسا کیوں لگ رہا ہے کہ بھائی کو بھی کوئی لڑکی پسند آگئی ہے۔۔مجھے بھائی کے لہجے سے رویے سے ان کے چہرے سے محسوس ہو رہا ہے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

رمشا کے ذہن میں اب یہ سب خیالات جنم لے رہے تھے۔۔

*****

آنٹی مجھے بھی جانا ہے ہر صورت زریار کے ساتھ۔۔

کچھ بھی کر کے مجھے بھیجیں اس کے ساتھ۔۔

،ثانیہ نے زریار کی امی سے کہا

او کے ڈارلنگ تم فکر مت کرو میں کہتی ہوں زریار سے۔۔

وہ یہ کہہ کر زریار کے پاس گئی۔۔

زریار کب جانا ہے پھر آپ نے بیٹا ؟؟

،اس کی امی پیار بھرے لہجے میں بولی

میں نکلنے لگا ہوں کیوں کوئی کام تھا کیا ؟؟

،زریار نے کہا

نہیں کام تو نہیں۔۔وہ بس میں کہہ رہی تھی کہ ثانیہ کو بھی لے جاؤ اپنے ساتھ۔۔

تمہارا سفر بھی اچھا گزر جائے گا اور وہ بھی تھوڑا گھوم لے گی۔۔

نہیں امی پلیز۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میں نہیں لے جا سکتا ہوں اُسے--

بھابھی دیکھیں زریار کیسے ضد پر اڑ کر بیٹھ جاتا ہے--

،زریار کی امی بولی

زریار بیٹا لے جاؤ کچھ نہیں ہوتا--

مامی جان وہ کیا کرے گی جاکر اس نے پورے راستے میرا ہی دماغ کھانا ہے--

میں ثانیہ سے کہتی ہوں تیار ہو جائے جلدی سے--

زریار کی امی یہ کہہ کر ثانیہ کے پاس چلی گئی--

فضول میں لے آئی ہے امی اُسے یہاں پر--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زریار بڑبڑایا--

ثانیہ ڈارلنگ جلدی سے تیار ہو جاؤ بہت مشکل سے بنایا ہے میں نے اپنے بیٹے کو--

ثانیہ صوفے پر لیٹی موبائل میں مگن تھی--وہ یہ سُن کر جھٹ سے اُٹھ کر بیٹھ گئی--

کیا واقع ہی وہ مان گیا ہے ؟؟

،ثانیہ نے حیرانگی سے کہا

URDU NOVEL BANK

ہاں بہت مشکل سے مانا ہے اب جلدی سے تیار ہو جاؤ وہ جانے کے لیے بالکل ریڈی ہے۔۔

میں بس پانچ منٹ میں آ رہی ہوں ریڈی ہو کر۔۔

زریار ندا کے پاس بیٹھا تھا وہ دونوں شادی کے حوالے سے کچھ باتیں کر رہے تھے۔۔

چلو زریار میں ریڈی ہوں۔۔

اس نے بے حد کا میک اپ کیا ہوا تھا۔۔شارٹ شرٹ اور جینز پہنی ہوئی تھی۔۔

میں نے تم سے پہلے دن ہی بول دیا تھا کہ یہاں پر اس طرح کے کپڑے مت پہننا شاید تمہیں میری بات سمجھ میں ہی نہیں آئی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،زریار تلخ لہجے میں بولا

زریار اب لڑنا مت اُٹھو جلدی سے اور جاؤ دیر ہو رہی ہے۔۔

ثانیہ جاؤ گاڑی میں بیٹھو جا کر۔۔

جب سے ثانیہ آئی تھی تب سے زریار ہر وقت بس غصے میں رہتا تھا۔۔

ہو گئی پیکنگ ؟؟

URDU NOVEL BANK

زریار بس پہنچنے ہی والا ہے ندا کا میسج آیا ہوا ہے۔۔

،میرال نے کہا

ہاں پیکنگ تو ہوگئی ہے مگر ایک عجیب سی اُداسی ہے دل میں نہ جانے کیوں ؟؟

،امن دھیمے لہجے میں بولی

ہاں مجھے معلوم ہے تمہیں کیپٹن اسفند کی یاد ستا رہی ہے اور کوئی بات نہیں ہے۔۔

،میرال جھٹ سے بولی

میں جانتی ہوں تم بھی بے چین ہو کیپٹن ماہیر کی یاد میں وہ الگ بات ہے تم مجھے محسوس نہیں ہونے دے رہی۔۔مگر تمہارا چہرہ سب بتا رہا ہے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،امن ہنستی ہوئی بولی

ارے ایسا کچھ نہیں ہے۔۔

یہ بتاؤ تمہاری بات ہوئی کیپٹن اسفند سے ؟؟

نہیں میری کوئی بات نہیں ہوئی ان سے۔۔

کال آئی ہوئی تھی مگر میں اس وقت ڈیوٹی پر تھی۔۔

تمہاری بات ہوئی کیا ؟؟

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،امن نے کہا

نہیں تو۔۔

میری بھی نہیں ہوئی بات۔۔ویسے حیرانگی والی بات ہے دونوں اچانک کیوں ہو گئے ؟؟

،میرال بولی

ہاں میں بھی یہی سوچ رہی تھی۔۔وہ ہمیں بتا کر گئے ہیں مگر ہم انہیں بتا کر نہیں جائیں گے۔۔

جب واپس آئیں گے تو ہمیں یہاں پر نہ پا کر دیکھنا کیسے تڑپے گی دونوں۔۔

،امن نے ہنستے ہوئے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاہاہاہا۔۔

ہاں یہ سہی سوچا ہے تم نے ویسے۔۔

،میرال بھی ہنستی ہوئی بولی

چلو آؤ جب تک زریار نہیں آتا تب تک چائے بھی پی آتے ہیں اور شیتل سے بھی مل آتے ہیں۔۔

URDU NOVEL BANK

اسے بتا دیتے ہیں کہ ہم جا رہے ہیں یہی نہ ہو وہ ہمارے کمرے کا دروازہ ہی پیٹتی رہے۔۔

،میرال نے کہا

میرال یا اس کی دوست کے سامنے زیادہ بولنے کی ضرورت نہیں ہے تمہیں سمجھی۔۔

،زریار نے گاڑی سے اُترتے ہوئے کہا

اب میں گاڑی سے تو اُتر سکتی ہوں نہ ؟؟

،ثانیہ منھ بناتی ہوئی بولی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں بالکل بھی نہیں۔۔

کیونکہ یہاں پر پڑھے لکھے مہذب لوگ موجود ہیں تمہیں دیکھ کر توبہ توبہ کریں گے اس لیے گاڑی میں بیٹھی رہو۔۔

زریار نے طنزیہ لہجے میں کہا تو وہ سمجھ گئی کہ یہ کپڑوں کے حوالے سے بات کر رہا ہے۔۔

وہ گاڑی میں بیٹھ کر ہی ویٹ کرنے لگی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بڑی جلدی آگئے ہو صبح سے تمہارا ویٹ کر رہے ہیں ہم۔۔

میرال نے اپنا سامان زریار کو پکڑایا اور اس کے ساتھ لڑنا شروع ہوگئی۔۔

دُور رہ کر بھی تمہیں میری قدر نہیں ہوئی بہت ہی افسوس کی بات ہے۔۔

،زریار نرم لہجے میں بولا

تمہیں ہوئی ہے میری قدر ؟؟

،میرال بولی

نہیں۔۔

جب تمہیں نہیں ہوئی تو مجھے کیسے ہونی تھی تمہاری قدر۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،زریار نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

اُففففف بس کرو تم دونوں۔۔

اگر تم دونوں نے ایسے ہی لڑنا ہے تو بتا دو مجھے تاکہ میں نہ ہی جاؤں تم لوگوں کے ساتھ۔۔

امن چیخی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اپنی دوست کو سمجھاؤ آرمی ڈاکٹر بن گئی ہے مگر لڑاکا پن ختم نہیں ہوا اس کا۔۔

مجھے تو لگتا ہے مریضوں پر بھی بلا وجہ رعب جھاڑ کر ان کو انجیکشن چبھاتی ہوگی۔۔

میرال کو بہت غصہ آ رہا تھا زریار پر مگر وہ کنٹرول کر رہی تھی۔۔

اسے تو میں گھر جا کر بتاؤں گی اب بہت بن رہا ہے یہ۔۔

میرال نے بڑبڑاتے ہوئے جب کار کا دروازہ کھولا تو وہ فرنٹ سیٹ پر ثانیہ کو بیٹھی دیکھ کر حیران رہ گئی۔۔

یہ کون ہے ؟؟؟

،وہ زریار کو گھورتی ہوئی بولی

تمہاری نئی دوست ہے بیٹھ جاؤ چُپ کر کے گاڑی میں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا ہوا کون ہے ؟؟

،امن بولی

دیکھو ذرا گاڑی کا دروازہ کھول کر فرنٹ سیٹ پر پتہ نہیں کون لڑکی ہے۔۔

،میرال دھیمے لہجے میں بولی

کیا مسئلہ رہی ہو دونوں ہاں ؟؟

URDU NOVEL BANK

ثانیہ ہے یہ امی کے ساتھ آئی ہے دُبئی سے ندا کی شادی کے لیے۔۔

،زریار نے گاڑی میں سامان رکھتے ہوئے کہا

اوہ اچھا۔۔

مطلب تمہاری وہ دوست ہے یہ جس کا تم مجھے ایک بار بتا رہے تھے۔۔

،میرال تمسخرانہ انداز میں بولی

امن اور میرال ہنستی ہوئی گاڑی میں بیٹھ گئی۔۔

ہائے آرمی ڈاکٹرز ؟؟

ہاؤ آر یو ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،ثانیہ نے پیچھے مڑ کر دونوں کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

ہائے ثانیہ۔۔

ایم گُڈ۔۔ہاؤ آر یُو ؟؟

،وہ دونوں بولی

زریار مجھے کچھ کھانا بھی ہے کسی اچھے سے ریسٹورنٹ چلو۔۔

،میرال نے کہا

URDU NOVEL BANK

چُپ کر کے گھر چلو اور جو کچھ بھی کھانا ہے گھر جا کر کھانا میں کہیں نہیں رُکوں گا۔۔

،زریار نے گاڑی اسٹارٹ کرتے ہوئے کہا

یہ بہت کھڑوس ہے یہ نہیں مانتا کسی کی بھی بات۔۔

،ثانیہ نے میرال کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

یہ لڑکی پکی عاشق ہے زریار کی اس سے تو میں گھر جا کر ہی بات کروں گی اب تسلی سے۔۔

،میرال نے دل ہی دل میں کہا

اچانک زریار کا فون بجنے لگا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے جب دیکھا تو ساشا کی کال تھی۔۔

اے اللہ مجھے بچا لے اگر میں نے کال اٹینڈ کرلی اور اس نے پیچھے سے ثانیہ کی آواز سُن لی نہ ت سمجھو میں تو گیا آج۔۔

ساشا بار بار کال کر رہی تھی۔۔

کال کیوں نہیں اٹینڈ کر رہے تم ؟؟

کب سے بج رہا ہے تمہارا فون۔۔سر میں درد کر دیا ہے۔۔

URDU NOVEL BANK

،میرال اسے گھورتی ہوئی بولی

ہ دوست ہے اس سے ملنا تھا آج مجھے لیکن تمہاری وجہ سے مل نہیں پایا۔۔

،زریار سرد لہجے میں بولا

مجھے لگتا تھا کہ یہ بس میری ہی کال اٹینڈ نہیں کرتا آج معلوم ہوگیا کسی کی بھی نہیں کرتا ہے۔۔

،ثانیہ قہقہ لگا کر ہنستی ہوئی بولی

چُپ ہو جاؤ اب لوگ تم۔۔تاکہ میں کال اٹینڈ کر سکوں۔۔

اللہ کا نام لے کر اس نے کال اٹینڈ کرلی۔۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

کال اٹینڈ کر کے اس نے فون کان پر لگالیا مگر وہ کچھ بھی نہیں بولا بالکل خاموش رہا۔۔

زریلد کہاں ہو تم ؟؟

جو کل ہم ایک بارات کے لیے ڈریس لے کر آئے تھے وہ سائز میں چھوٹا آگیا ہے اسے چینج کروانا پڑے گا میں سوچ رہی تھی تم خود ہی چینج کروا لاؤ مجھے نہیں جانا ابھی۔۔

تم کچھ بول کیوں نہیں رہے ہو ؟؟

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،ساشا حیرانگی سے بولی

میں نے سُن لیا ہے سب اس ٹائم میں گاڑی ڈرائیو کر رہا ہوں میں بعد میں ڈیٹیل سے بات کرتا ہوں تم سے۔۔

اچھا چلو ٹھیک ہے۔۔ویسے جا کہاں رہے ہو تم اس وقت ؟؟

،وہ جھٹ سے بولی

میں واپس آ رہا ہوں گھر آ کر بتاتا ہوں سب۔۔

،زریار نے کہا

یہ ایسے کس سے بات کر رہا ہے اتنے دھیمے لہجے میں ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،امن نے میرال سے کہا

وہی میں دیکھ رہی ہوں یہ کسی لڑکے سے بات نہیں کر رہا تھا یہ تو کنفرم ہے۔۔

،میرال نے کہا

ہاں وہ تو صاف نظر آ رہا تھا۔۔

میرال کے ذہن میں فوراً ساشا آئی۔۔

یہاں آؤ ؟؟

URDU NOVEL BANK

امن نے اپنا کان میرال کے منھ کے پاس کیا۔۔

مجھے لگتا ہے ساشا سے بات کر رہا تھا یہ کیونکہ یہ اسے پسند کرتا ہے۔۔

،میرال اس کے کان میں بولی

اوہ ہاں ہاں۔۔

سہی کہا تم نے اب جا کر پتا کرتے ہیں اصل معاملہ کیا ہے۔۔

،امن دھیمے لہجے میں بولی

******

امی مجھے لگتا ہے شہمیر آگیا ہے ہارن بجنے کی آواز آ رہی ہے۔۔

منال بھاگتی ہوئی ٹیرس میں گئی تو دیکھا شہمیر گھر کے باہر گاڑی میں بیٹھا اس کا

انتظار کر رہا تھا۔۔

وہ اسے دیکھ کر مُسکرانے لگی۔۔

شہمیر اندر آ جاؤ مت بجاؤ یہ ہارن۔۔

،وہ اونچی آواز میں بولی

شہمیر منال کی آواز سُن کر گاڑی سے نکلا اور اور اسے باہر آنے کا اشارہ کرنے لگا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اندر آجاؤ نا امی سے مل لو پھر چلتے ہیں گھر۔۔

شہمیر گھر کے اندر گیا اور منال کی امی سے ملا۔۔

بیٹھ جاؤ بیٹا میں ناشتہ بناتی ہوں منال نے بھی کچھ نہیں کھایا اب تک ساتھ بیٹھ کر دونوں ناشتہ کرلینا۔۔

نہیں آنٹی آپ پریشان نہ ہوں ہم باہر سے ناشتہ کریں گے۔۔

شہمیر نے کہا،

شہمیر امی بنا دیتی ہیں ہم گھر پر ہی کر لیتے ہیں ناشتہ۔۔

منال بولی،

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں ہم باہر کریں گے ناشتہ۔۔

شہمیر نے منال کی طرف دیکھتے ہوئے کہا،

اچھا اچھا ٹھیک ہے باہر کرلو جیسا شہمیر چاہے ویسا ہی کرو منال۔۔

منال کی امی نے کہا،

اسے تو میں گھر جا کر بتاؤں گی زیادہ اوور ہو رہا ہے میری امی کے سامنے۔۔

ٹھیک ہے امی پھر ملتے ہیں بہت جلد۔۔

URDU NOVEL BANK

،منال اپنی امی کے گلے لگتی ہوئی بولی

آنٹی اب آپ آئیے گا ہمارے گھر لازمی۔۔

،شہمیر بولا

ہاں بیٹا ضرور۔۔امن جب بھی آئے گی میں اسے لے کر آؤں گی۔۔

منال اور شہمیر ابھی گیٹ سے باہر ہی گئے تھے کہ امن سامنے سے آرہی تھی۔۔

منال کی اچانک اس پر نظر پڑی تو وہ اسے دیکھ کر حیران رہ گئی۔۔

وہ اپنا بیگ گھسیٹتی ہوئی آرہی تھی اس کی نظر ابھی تک منال اور شہمیر پر نہیں پڑی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

منال بھاگتی ہوئی امن کی طرف بڑھی۔۔

امن۔۔۔

وہ جھٹ سے اس کے سینے سے جا کر لپک گئی۔۔

شہمیر حیران رہ گیا کہ یہ کیا ہوگیا ہے منال کو۔۔

منال کو دیکھ کر امن ہکی بکی رہ گئی۔۔

منال تم ؟؟

URDU NOVEL BANK

یااللہ تیرا شکر۔۔

دونوں بہنیں ایک دوسرے کے ساتھ لپک کر رونے لگی۔۔

کیا ہوا شہمیر ؟؟

ابھی تک باہر ہی کھڑے ہو تم لوگ ؟؟

،منال کی امی نے کہا

پتا نہیں منال کس سے ملنے کے لیے وہاں چلی گئی ہے۔۔لگتا ہے کوئی بچپن کی بچھڑی ہوئی دوست ہے اس کی۔۔

منال کی امی یہ سُن کر گیٹ سے باہر آئی تو انہوں نے دیکھا کہ یہ تو امن ہے۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امن ہے یہ تو۔۔

،امی نے مسکراتے ہوئے کہا

امن ؟؟

نام تو سُنا سُنا سا لگ رہا ہے۔۔

شہمیر اپنے ذہن پر زور ڈالنے لگا۔۔

شہمیر یہ ہے میری بہن جس کی باتیں میں تم سے کرتی ہوں۔۔

URDU NOVEL BANK

ملو ان سے یہ ہیں شہمیر خان۔۔

منال بہت خوش تھی۔۔

ہائے شہمیر بھائی کیسے ہیں ؟؟

،امن بولی

میں بالکل ٹھیک سالی صاحبہ آپ بتائیں آپ کیسی ہیں ؟؟

میرے سوچ رہا تھا کون ہے امن کون ہے امن بہت زور ڈالا ذہن پر مگر یاد نہیں آیا اور اکثر نہیں بلکہ ہر روز منال آپ کا ذکر کرتی ہیں۔۔

اس کا مطلب ہے آپ میری بات کو دھیان سے سنتے ہی نہیں تھے ہاں نہ ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،منال شہمیر کو گھورتی ہوئی بولی

ارے نہیں نہیں ایسی بات نہیں ہے منال اصل میں ان کی یاداشت بہت کمزور ہے۔۔

دونوں بہنیں قہقہ لگا کر ہنسنے لگی۔۔

چلو اب آجاؤ اندر سب۔۔شہمیر اب تو ناشتہ کرکے ہی جانا اب نہیں جانے والی منال تمہارے ساتھ۔۔

URDU NOVEL BANK

،منال کی امی نے کہا

ہاں ہاں وہ تو مجھے نظر آ رہا ہے اس کی خوشی دیکھ کر۔۔

وہ لوگ گھر کے اندر گئے۔۔منال اور امن کی تو باتیں ہی ختم نہیں ہو رہی تھی۔۔

امی ناشتہ بنائیں جلدی سے بہت بھوک لگی ہے۔۔

،امن نے کہا

ایسے اچانک کیسے آ گئی تم امی نے بھی نہیں ذکر کیا کہ تم آ رہی ہو۔۔

ندا کی شادی ہے نہ تو زریار لینے آیا تھا میرال کو تو وہ مجھے بھی لے آئی ساتھ میں کہ

شادی انجوائے کرنی ہے مل کر سب نے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امن نے جواب دیا۔۔

اوہ اچھا تو ندا کی شادی ہے۔۔

کب ہے اس کی شادی ؟؟

مجھے نہیں بلایا میرال نے۔۔

،منال منہ بناتی ہوئی بولی

URDU NOVEL BANK

ارے اس نے سب کو بلایا ہے اور پرسوں مہندی ہے ندا کی تم بھی تیاری کرلو خوب مزے کریں گے۔۔

،امن بولی

نہیں بھئی پرسوں میرے دوست کی شادی ہے منال میرے ساتھ وہاں شرکت کرے گی ہم نہیں جائیں گے کہیں بھی۔۔

،شہمیر جھٹ سے بولا

کون سے دوست کی شادی ہے ؟؟

وہ بھی ایسے اچانک ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،منال نے حیرانگی سے کہا

جناب صوفی کی شادی ہے اور خاص طور پر اس نے کہا ہے بھابھی کو لے کر آنا ہے اور آپ کو ہر صورت جانا ہوگا میرے ساتھ۔۔

منال اب سوچ لو تمہیں شہمیر بھائی کے ساتھ جانا ہے یا میرے ساتھ ندا کی شادی میں اور جانتی ہو نہ خوب مزے کرنے ہیں ہم لوگوں نے بعد میں نہ کہنا۔۔

منال منھ بنا کر بیٹھ گئی۔۔

URDU NOVEL BANK

سالی صاحبہ میری بیگم میرے ساتھ ہی جائیں گی یہ بات تو تہہ ہے--

،شہمیر نے منال کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

چلو چلو بس کرو اب ناشتہ کرو آرام سے بیٹھ کر--

،منال کی امی کچن سے نکلتی ہوئی بولی

*****

ہائے ہمارے گھر کی رونق آگئی ہے--

،میرال کی امی نے اسے چومتے ہوئے کہا

امی ہادیہ کہاں ہے سب سے پہلے میں اس سے ملوں گی اسے دیکھوں گی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جاؤ اوپر ملو ہادیہ سے بھی صائمہ سے بھی--

میرال بھاگتی ہوئی اوپر گئی اور صائمہ کو مبارکباد دی--

کتنی پیاری ہے یہ معصوم سی بالکل حماد بھائی جیسی ہے--

میرال اسے بے حد پیار کرنے لگی--

لڑائی تو نہیں کی تم دونوں نے ؟؟

کیسا رہا سفر زریار ؟؟

URDU NOVEL BANK

،ندا بولی

بس پوچھو نہ ایک منٹ بھی اس میرال کی زبان منھ میں نہیں رہی پورے راستے بولتی آئی ہے۔۔

زریار بہت زیادہ تھک گیا تھا۔۔

چلو میرے بھائی کھانا کھاؤ اور آرام کرو صبح سے تم یہاں وہاں بھاگ دوڑ کر رہے ہو۔۔

،ندا نے اس کے کندھے پر تھپکی دیتے ہوئے کہا

میں کمرے میں جا رہا ہوں پلیز کسی کو بھی مت آنے دینا میں تھوڑی دیر سکون چاہتا ہوں جب کھانا بن جائے تو مجھے بُلا لینا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زریار یہ کہہ کر اپنے کمرے میں چلاگیا۔۔

*****

دل چاہ رہا ہے بات کروں میرال سے مگر اس وقت وہ ڈیوٹی پر ہوگی۔۔

ماہیر چائے کا کپ لیے ٹیرس میں یہاں وہاں چکر لگا رہا تھا۔۔

آسمان کی طرف دیکھ کر وہ مُسکرانے لگا۔۔

اے میرے رب مجھے یہ کیا ہوگیا ہے کتنا خوبصورت احساس ہے یہ "محبت"۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کیا ہو رہا ہے بھائی ؟؟

کیا باتیں کر رہے ہیں آسمان کی طرف دیکھ کر۔۔

،رمشا نے ٹیرس میں آتے ہوئے کہا

امم۔۔نہیں تو کچھ بھی نہیں بس ایسے ہی ستاریں گن رہا تھا۔۔

،ماہیر ہنستا ہوا بولا

بھائی سچ بولیں نہ کیا باتیں کر رہے تھے بتائیں مجھے۔۔

کس نے کہا آپ سے کہ میں باتیں کر رہا تھا آسمان کی طرف دیکھ کر میں تو کچھ بولا ہی نہیں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،ماہیر نے کہا

آپ کے چہرے اور آپ کے ایکسپریشن دیکھ کر میں نے اندازہ لگا لیا ہے۔۔

اسی لیے کہہ رہی ہوں بتا دیں اور مجھے تو یہ سمجھ نہیں آ رہی کہ آپ نے پھپھو سے وہ سب کیوں بولا ہے ؟؟

اب وہ بس ماہیر ماہیر کرتی پھریں گی کہ میرے بھتیجے نے انکار نہیں کیا مان نہیں توڑا۔۔

URDU NOVEL BANK

ارے جب وقت آئے گا نہ سب کو سب کچھ معلوم ہو جائے گا فکر نہیں کرو۔۔

سب جان جائیں گے میں نے ایسا کیوں کہا تھا۔۔

،ماہیر نے کہا

تھوڑی دیر کے لیے میں آپ کے ساتھ جاؤں گی آپ کے دوست کی شادی میں اور پھر بعد میں آپ مجھے میری دوست کی طرف چھوڑ دیں گے۔۔

اگر منظور ہے تو بتائیں میں ریڈی ہو جاتی ہوں۔۔

منال ضد پر اڑ گئی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آج تو ہرگز نہیں جانے دوں گا میں آپ کو کل آپ جا سکتی ہیں اور ویسے بھی لڑکی کی مہندی پر کچھ خاص مزہ نہیں آتا میرے ساتھ چلیں خوب مزے کریں گے۔۔

شہمیر بس اُسے منانے میں لگا ہوا تھا۔۔

کبھی بھی میری بات نہیں مانتے ہو تم۔۔

منال اُٹھی اور ریڈی ہونے کے لیے چلی گئی۔۔

آآآ میری پیاری بیوی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،وہ ہنستا ہوا بولا

یہ اُن دونوں کی پہلی شادی تھی جس پر وہ ساتھ جا رہے تھے۔۔

منال کا فون بجنے لگا۔۔

ضرور اس کی بہن یا کسی دوست کی کال ہوگی۔۔

یہ کہتے ہوئے شہمیر فون کی جانب بڑھا تو اس نے دیکھا امن کی کال تھی۔۔

اگر منال نے اس سے بات کرلی تو وہ پھر سے کہے گی کہ مجھے دوست کے گھر ہی چھوڑ کر آؤ۔۔

شہمیر نے منال کا فون سائلنٹ پر لگا دیا اور کمرے سے باہر چلا گیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یااللہ پلیز اب میری پیاری بیوی کا مُوڈ چینج نہ ہو جائے ورنہ مجھ بیچارے کو اکیلا جانا پڑے گا صوفی کی شادی میں۔۔

وہ بڑبڑاتا ہوا باہر ٹی وہ لاؤنج میں جا کر بیٹھ گیا۔۔

کہاں کی تیاریاں ہو رہی ہیں بھئی ؟؟

،عائزہ نے صوفے پر بیٹھتے ہوئے کہا

صوفی کی مہندی ہے آج بس وہیں جا رہے ہیں۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس نے جواب دیا۔۔

مجھے بھی لے چلو نہ اپنے ساتھ۔۔

،وہ بیچارہ منھ بناتی ہوئی بولی

ارے نہیں تم وہاں کیا کرو گی۔۔

اچھا تو منال وہاں کیا کرے گی ؟؟

مجھے ساتھ لے جاؤ منال بھی بور نہیں ہوگی ہم دونوں ساتھ میں اچھا وقت گزاریں گے۔۔

وہ شہمیر کی منتیں کرنے لگی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا چلو ٹھیک ہے ہو جاؤ تم بھی تیار۔۔

شہمیر نے دل پر پتھر رکھ کر کہہ ہی دیا کیونکہ وہ جانتا تھا عائزہ منال کو بالکل بھی پسند نہیں کرتی ہے۔۔

شہمیر ؟؟

کہاں ہو ؟؟

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،منال اسے آواز دیتی ہوئی بولی

اُس کے منھ سے نام سُن کر وہ مُسکرانے لگا۔۔

جی جی میری پیاری بیگم میں یہاں بیٹھا ہوں باہر۔۔

وہ شہمیر کی آواز سنتے ہی کمرے سے باہر آئی۔۔

میں تیار ہوں چلو چلیں۔۔

،وہ اپنا ڈوپٹہ سیٹ کرتی ہوئی بولی

وہ اسے دیوانوں کی طرح بس دیکھے جا رہا تھا۔۔

شہمیر کہاں گُم ہو چلو اب۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ چیخی تو وہ ذرا سی ہوش میں آیا۔۔

بہت خوبصورت لگ رہی ہیں آپ۔۔پہلی بار آپ کو اس طرح تیار دیکھا ہے آپ نے تو تباہی مچا دی۔۔

،وہ اس کی طرف بڑھتا ہوا بولا

وہ ہنسنے لگی۔۔

چلو اب چلیں تب سے بول رہے تھے دیر ہو رہی ہے دیر ہو رہی ہے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ٹھہر تو جائیں نہ--

،وہ اسے اپنی طرف کھینچتا ہوا بولا

شہمیر یہ ٹی وہ لاؤنج ہے پیچھو ہٹ جاؤ مت کرو--

وہ اسے خود سے پیچھے کرتی بولی مگر شہمیر ہٹنے والا نہیں تھا--

اس نے منال کو اپنے سینے سے لگا لیا--

سامنے سے پروین شہمیر کی امی کو کمرے سے باہر لے کر آ رہی تھی--

اہمم اہمم-- شہمیر صاحب کمرے میں چلے جائیں--

پروین مسکراتی ہوئی بولی تو وہ دونوں جھٹ سے ایک دوسرے سے دُور ہٹ گئے--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

منال تو فوراً کمرے میں بھاگ گئی--

کوئی شرم نہیں ہے ان دونوں میں کہ گھر میں جوان بہن موجود ہے--

بول دو اسے کہ اپنے کمرے میں رہ کر کریں جو کچھ بھی کرنا ہے--

،شہمیر کی امی نے تلخ لہجے میں کہا

کیسی طبعیت ہے امی اب آپ کی ؟؟

شہمیر نے ہر بات کو اگنور کرتے ہوئے اپنی امی کا حال پوچھا--

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

چلے جاؤ یہاں سے میری نظروں سے دُور--

،اس کی امی نے شہمیر کو گھورتے ہوئے کہا

شہمیر کچھ بھی کہے بغیر کمرے میں چلاگیا--

کہا تھا نہ میں نے تم سے مت کرو اب مل گیا سکون کروا لی بے عزتی ؟؟

منال منھ بنا کر بیٹھ گئی--

میں کیا کرتا تم لگ ہی اتنی حسین رہی ہو میں خود کو چاہتے ہوئے بھی قابو نہیں کر پایا--

وہ منال کے پاس صوفے پر بیٹھا اور اسے اپنی جانب کھینچ لیا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آج کہاں جاؤ گی بچ کر کیوں اتنی حسین لگتی ہو تم مجھے ؟؟

یہ کہہ کر اس نے اس کے لبوں کو اپنے لبوں میں لے لیا--

******

تم تیار ہوگئی ہو تو تمہیں پک کرلوں ؟؟

زریار نے ساشا کو میسج کیا--

زریار بیٹا ندا میرال اور ثانیہ کو لے آؤ سیلون سے وہ تیار ہوگئی ہیں--

URDU NOVEL BANK

ندا کی امی نے کہا،

اچھا مامی جان بس نکل رہا ہوں۔۔

زریار نے جواب دیا۔۔

زریار کیا تم مجھے چھوڑ دو گے سیلون ؟؟

ہادیہ ابھی ابھی سوئی ہے اس لیے میں جا نہیں سکی۔۔

صائمہ زریار کے پاس آ کر بولی،

حماد بھائی سے کہیں نہ وہ لے کر جائیں گے آپ کو۔۔

زریار بولا،

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زریار تم جانتے تو ہو سب۔۔وہ کہہ رہے ہیں میرے پاس اور بھی بہت کام ہیں مجھ سے مت کہو یہ سب اس لیے تمہارے پاس آگئی میں فوراً۔۔

صائمہ نے دھیمے لہجے میں کہا،

اچھا چلیں آجائیں میں گاڑی میں آپ کو ویٹ کر رہا ہوں۔۔

صائمہ اپنی چیزیں لے کر گاڑی میں جا کر بیٹھ گئی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

تم بہت اچھے ہو زریار ساری ذمہ داری تمہارے کندھے پر ڈال دی ہے مامی جان اور ماموں جان نے۔۔

،صائمہ نے کہا

کوئی بات نہیں مجھے اچھا لگتا ہے یہ سب کرنا بس ماموں جان اور مامی جان مجھ سے خوش ہو جائیں یہی کافی ہے میرے لیے۔۔

تم سچ میں بہت اچھے ہو اگر آج میں حماد کے ساتھ اس گھر میں ہوں تو صرف تمہاری وجہ سے ہوں تم نے ہی سمجھایا تھا مجھے اور میں سمجھ بھی گئی تھی۔۔

بس آپ کوشش کرتی رہیں حماد کا دل جیتنے کی کبھی نہ کبھی تو اسے احساس ہو جائے گا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،زریار نے کہا

آپ جائیں اور انہیں بھیج دیں باہر تینوں کو جلدی سے۔۔

اور سُنیں جب آپ تیار ہو جائیں تو مجھے کال کر دینا میں آجاؤں گا لینے کے لیے۔۔

ساشا نے میسج کا جواب دیا کہ میں اپنی امی کے ساتھ آؤں گی۔۔

URDU NOVEL BANK

زریار سوچنے لگا کہ کیسے آئے گی وہ اپنی امی کو لے کر رات کے وقت۔۔

اس نے فوراً ساشا کو کال ملائی۔۔

تمہیں ایسے آنے کی ضرورت نہیں ہے میں خود لینے آؤں گا تمہیں۔۔

نہیں زریار میں آجاؤں گی تم آرام سے وہاں سب کام دیکھو۔۔

ساشا میں نے تم سے کہا ہے میں خود لینے آؤں گا یار کیسے رات کو تم اپنی امی کو لے کر آؤ گی اور میرے ساتھ اب بحث مت کرنا۔۔

یہ کہہ کر زریار نے کال بند کردی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پہلی بار میرا ویر جلدی آیا ہے۔۔

،میرال گاڑی میں بیٹھتی ہوئی بولی

تم دونوں پاگل ہو کیا ؟؟

مزے سے آ کر گاڑی میں بیٹھ گئی ہیں بیچاری دلہن باہر ہی کھڑی ہے اسے گاڑی میں بیٹھاؤ جلدی سے۔۔

ثانیہ تم پیچھے چل کر بیٹھو ندا آگے بیٹھے گی۔۔

URDU NOVEL BANK

زریار تم جانتے ہو نہ مجھے نہیں پسند پیچھے بیٹھنا۔۔

اُففففف میں پاگل ہو جاؤں گا ایک دن۔۔

وہ گاڑی سے اُترا اور ندا کا بازو پکڑ کر اسے گاڑی میں بیٹھانے لگا۔۔

اپنا لہنگا سمیٹو تم نے تینوں نے سارا میک اپ سارا فیشن آج کے مہندی کے دن ہی کر لینا ہے کیا؟؟

کل کے لیے بھی کچھ چھوڑ دیتی۔۔

ہلکا سا تو میک اپ کیا ہے میں نے۔۔

،میرال سرد لہجے میں بولی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اللہ معاف کرے۔۔

،زریار گاڑی اسٹارٹ کرتا ہوا بولا

ثانیہ منھ بنا کر بیٹھی تھی کہ اسے پیچھے کیوں بیٹھا دیا ہے۔۔

بہت بدتمیز ہو تم دونوں خود جلدی سے آ کر گاڑی میں بیٹھ گئیں۔۔یہ بھی نہیں سوچا کہ بیچاری دلہن پیچھے ہی کہیں رُل رہی ہوگی۔۔

ارے اب بس کرو بیٹھا تو دیا ہے تمہیں تمہارے پیارے بھائی زریار نے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،میرال بولی

ثانیہ تمہیں کیا ہوا ہے ؟؟

تم کیوں اتنی خاموش بیٹھی ہو ؟؟

،ندا بولی

وہ زریار کے ساتھ بیٹھنا چاہتی تھی مگر زریار نے اسے کہا کہ پیچھے جا کر بیٹھو یہاں ندا بیٹھے گی اسی لیے وہ اب ناراض ہے زریار سے۔۔

زریار چلو منا لینا اب ثانیہ کو۔۔

یہ کوئی وجہ تو نہیں ہے ناراضگی کی خود ٹھیک ہو جائے گی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،زریار بولا

ہاں اسے کہاں کوئی فرق پڑتا ہے ایک میں ہی پاگل ہوں اس کے پیچھے۔۔

ثانیہ بس رونے ہی والی تھی۔۔

ارے فکر نہ کرو ہو جائے گا ٹھیک میں اسے سہی کردوں گی دیوانہ کر دوں گی تمہارے پیار میں۔۔

میرال نے زریار کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تو وہ اُسے گھورنے لگا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

دماغ خراب--

،وہ تلخ لہجے میں بولا

میرال خاموش ہو کر بیٹھ جاؤ یار--کیوں تم نے اس کا موڈ خراب کرنا ہے ؟؟

اگر زریار کا موڈ خراب ہوگیا تو ڈانس کون کرے گا میری مہندی پر ؟؟

،ندا جھٹ سے بولی

ندا جانتی تھی کہ زریار ساشا کو پسند کرتا ہے اور بے حد پسند کرتا ہے--

چلو اب تم بھی اندر چلو ہمارے ساتھ اور ریڈی ہو جاؤ--

،ندا نے زریار سے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں میں ریڈی ہو کر ساشا اور اس کی امی کو لینے جا رہا ہوں--

،زریار بولا

ہاں لے آؤ وہ بیچاری کیسی آئے گی اس وقت آنٹی کے ساتھ--

،ندا نے کہا

دیکھ لو یہ کتنی بدتمیز ہے ابھی بھی خود اُتر کر اندر چلی گئی ہیں--

،زریار غصے سے بولا

URDU NOVEL BANK

کوئی بات نہیں تم غصہ نہ کرو میں خود چلی جاتی ہوں۔۔

،ندا نے گاڑی کا دروازہ کھولتے ہوئے کہا

نہیں رُکو بیٹھی رہو میں لہنگا پکڑتا ہوں تمہارا۔۔

زریار ندا سے سگی بہنوں سے بڑھ کر پیار کرتا تھا۔۔

اس کا لہنگا پکڑ کر اسے آرام سے گاڑی سے اُتارا۔۔

دھیان سے گر نہ جانا ہم کیا جواب دیں گے فہد بھائی کو ؟؟

،زریار نے ہنستے ہوئے کہا

ندا بھی ہنسنے لگی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

*****

اتنا دل چاہ رہا ہے میرال سے بات کرنے کو مگر ہمت ہی نہیں ہو رہی اسے کال کرنے کی۔۔

وہ ٹیرس میں یہاں وہاں چکر لگا رہا تھا۔۔

اپنے گھر کا ٹیرس اس کی فیورٹ جگہ تھی جہاں اسے بہت سکون ملتا تھا۔۔

تم یہاں ہو اور میں تمہیں پورے گھر میں ڈھونڈ آیا ہوں۔۔

URDU NOVEL BANK

اسفند بھی وہیں پر آگیا تھا۔۔

ہاں کیا ہوا میں یہاں ہی ہوتا ہوں اس وقت۔۔

،ماہیر نے کہا

یار وہ امن کال ہی نہیں اٹینڈ کررہی ہے تم میرال سے کال کر کے پوچھ دو ذرا۔۔

،اسفند نے اُداس لہجے میں کہا

میں نے اسے ایک بار بھی کال نہیں کی اور نہ ہی میری ہمت ہوتی ہے اسے کال کرنے کی نہ جانے کیوں۔۔

،ماہیر بولا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ارے یار کر کے تو دیکھو ایک بار۔۔

نہیں یار میں نہیں کر رہا ہو سکتا ہے وہ مصروف ہو اس لیے کال اٹینڈ نہ کررہی ہو جب فری ہوگی تو کرلے گی کال بیک۔۔

اچھا چل ٹھیک ہے میں ویٹ کر لیتا ہوں۔۔

یہ بتاؤ تم نے پھپھو سے وہ سب کیوں کہا ؟؟

تم تو میرال کو چاہتے ہو نہ پھر وہ سب کیوں کہا ؟؟

URDU NOVEL BANK

اسفند نے حیرانگی سے کہا،

وہ سب میں نے اس لیے کہا تھا کہ پھپھو بار بار آ کر امی ابو کو پریشان نہ کریں۔۔ کچھ وقت کے بعد میں افشاں کو ہی سمجھا دوں گا کہ میں میرال کو پسند کرتا ہوں اور اسی سے شادی بھی کرنا چاہتا ہوں اور مجھے اُمید ہے وہ سمجھ جائے گی اور اپنی امی کو بھی سمجھا دے گی۔۔

ماہیر نے جواب دیا۔۔

*****

منال کا پہلے ہی مُوڈ بہت خراب ہو چکا تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں بھائی کے ساتھ بیٹھوں گی تم پیچھے بیٹھ جاؤ۔۔

منال کو بہت غصہ آ رہا تھا اُس پر۔۔

عائزہ تم پیچھے بیٹھ جاؤ نہ منال کو آگے بیٹھنے دو۔۔

آؤ منال آگے آؤ۔۔

شہمیر بولا،

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

نہیں بھائی آپ کو پتا ہے نہ میں جب بھی آپ کے ساتھ کہیں جاتی ہوں آگے ہی بیٹھتی ہوں۔۔

عائزہ جان بوجھ کر ضد لگا کر بیٹھ گئی تھی۔۔

کوئی بات نہیں شہمیر میں پیچھے ہی بیٹھ جاتی ہوں آپ آرام سے ڈرائیونگ کریں۔۔

،منال پیچھے بیٹھتی ہوئی بولی

شہمیر کو بہت شدید غصہ آرہا تھا اس کا بس نہیں چل رہا تھا وہ گاڑی سے اُترے اور منال کو لے کر چلا جائے۔۔

اس نے غصے سے گاڑی اسٹارٹ کی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

منال بھی پیچھے منھ بنا کر بیٹھی تھی۔۔

دونوں کا سارا پلان سارا مزہ تو یہاں پر ہی خراب ہوگیا تھا۔۔

مہندی میں جانے کے بعد بھی شہمیر نے منال کا مُوڈ ٹھیک کرنے کی بہت کوشش کی۔۔

منال صوفی کی امی اور اس کی فیملی سے ملی۔۔

شہمیر تو بس منال کو دیکھ دیکھ کر ہی خوش ہو رہا تھا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میری جان یہ لیں آپ کے لیے گول گپے۔۔

،شہمیر نے پلیٹ منال کے آگے ٹیبل پر رکھتے ہوئے کہا

اس سے اچھا تھا میں میرال کی طرف چلی جاتی پتا نہیں میں نے کیوں یہاں آنے کے لیے کہہ دیا تھا۔۔

،منال سرد لہجے میں بولی

منال مجھے بھی بہت غصہ ہے یار مگر میں کیا کرتا اس وقت ؟؟

اسے خود عقل ہونی چاہیے ہے نا کہ وہ کیا کر رہی ہے۔۔

اب آپ نے ٹھیک کریں اور یہ سارے گول گپے کھا لیں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

منال نے منہ بناتے ہوئے ایک گول گپا پکڑا اور میرے منہ میں ڈال لیا۔۔

شہمیر اسے دیکھ کر ہنسنے لگا۔۔

ہنس کیوں رہے ہو اب ہاں ؟؟؟

،وہ غصے سے بولی

ارے تم تو گول گپے کھاتے ہوئے بھی اتنی پیاری لگتی ہو۔۔

،وہ اس کی طرف سے آکر مسکراتا ہوا بولا

URDU NOVEL BANK

اُففففف۔۔بس کر دیا کرو۔۔

اتنے میں عائزی بھی وہاں آ کر بیٹھ گئی۔۔

شہمیر بھائی آپ یہاں کیا کر رہے ہیں ؟؟

جائیں ڈانس کریں آپ جا کر اپنے دوستوں کے ساتھ۔۔

منال آپ آرام سے بیٹھ کر یہ کھاؤ میں ابھی آتا ہوں ٹھیک ہے۔۔

شہمیر یہ کہ کر چلا گیا۔۔

غلام بنا رکھا ہے تم نے میرے بھائی کو۔۔

میرا بھائی ہی ملا تھا کیا تمہیں اس پوری دنیا میں ؟؟

،عائزہ نے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بلال نے اس کی بات کو اگنور کیا اور مزے سے اپنے گول گپے کھاتی رہی۔۔

امم بہت مزے کے ہیں یہ گول گپے تو یار۔۔۔

،اس نے املی کا پانی پیتے ہوئے کہا

میں تم سے بات کر رہی ہوں میری بات کا جواب دو۔۔

،عائزہ نے منال کا بازو پکڑتے ہوئے کہا

URDU NOVEL BANK

ہاتھ لگانے کے لیے جرات مت کرنا مجھے سمجھی۔۔

بہت برداشت کرلیا میں نے تمہیں۔۔

،منال نے تلخ لہجے میں اپنا بازو اس سے چھڑواتے ہوئے کہا

****

ارے واہ میرا بیٹا کتنا اچھا لگ رہا ہے۔۔

زریار نے کالے رنگ کا شلوار قمیز پہنا ہوا تھا۔۔

سب کی نظریں اس پر اٹک گئی تھی۔۔

صائمہ کہاں ہے ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہادیہ کب سے روئی جارہی ہے اسے خبر بھی ہے کہاں ہے وہ ؟؟

حماد چیخنے لگا۔۔

کیا ہوگیا ہے حماد سیلون گئی ہے وہ آجاتی ہے ابھی۔۔

لاؤ ہادیہ کو مجھے دو۔۔

،حماد کی امی نے کہا

کیوں گئی ہے وہ سیلون ؟؟

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اسے پتہ بھی ہے کہ اس کی چھوٹی بچی ہے پھر بھی وہ چلی گئی پاگل کر دیا ہے اس عورت نے مجھے۔۔

حماد بس خاموش۔۔

قابو کرو اپنے غصے پر۔۔

حماد کی امی نے اس سے ہادیہ کو لے لیا۔۔

میں لے کر آتا ہوں انہیں آپ ہادیہ کو سنبھال لیں تب تک مامی جان۔۔

زریار فوراً صائمہ کو لینے کے لیے نکل گیا۔۔

راستے میں اُسے ساشا کی بھی کالز آ رہی تھی۔۔

جلدی سے بیٹھیں بہت دیر ہو گئی ہے پہلے ہی حماد بہت چیخ رہا تھا آپ کو سب سے پہلے تیار ہو کر چلے جانا چاہئیے تھا۔۔

زریار نے کہا،

کیوں کیا ہوا ہے ؟؟

وہ کیوں بول رہے تھے ؟؟

صائمہ بولی،

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہادیہ رو رہی تھی اس لیے بول رہا تھا کہ کہاں گئی ہے صائمہ پھر مامی جان نے ہادیہ کو پکڑا۔۔

چلو جی اب گھر جا کر میری تو خوب کلاس لگے گی۔۔

وہ جو بھی کہے جو بھی بولے آپ خاموش رہنا اُف تک نہ کرنا خود ٹھیک ہو جائے گا۔۔

،زریار بولا

ٹھیک ہے ٹھیک ہے۔۔

وہ بہت پریشان ہوگئی تھی۔۔

زریار نے اُسے گھر چھوڑا اور فوراً ساشا کے گھر کی طرف نکل گیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہت غصہ کرے گی ساشا اب۔۔

اس نے فُل اسپیڈ میں گاڑی دوڑائی اور ساشا کے گھر کے پاس پہنچ کر اسے کال کی۔۔

وہ بھی غصے سے اپنی مرضی سے نکل کر آئی۔۔

آنٹی آپ آگے بیٹھ جائیں۔۔

،زریار بولا

URDU NOVEL BANK

نہیں میں اور امی پیچھے ہی ٹھیک ہیں۔۔

ساشا سرد لہجے میں بولی تو زریار کو ہنسی آگئی مگر اس نے اپنی ہنسی پر بہت کنٹرول کیا کیونکہ اگر وہ ہنستا تو ساشا شاید واپس گھر چلی جاتی وہ اس قدر غصہ تھی۔۔

چلیں ؟؟

،زریار بولا

ہاں ہاں بیٹا چلو۔۔

،ساشا کی امی نے کہا

آنٹی آپ غصہ ہوں گی میں اتنا لیٹ جو آیا ہوں وہ اصل میں گھر میں کامبہت زیادہ ہیں میرال کو ندا کو بھابھی کو پہلے سیلون چھوڑ کر آیا پھر انہیں واپس گھر چھوڑا اور یہاں آگیا اس کے علاوہ گھر میں سو کام ہیں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں نہیں بیٹا کوئی بات نہیں بلکہ میں تو ساشا سے کہہ رہی تھی کیوں وہ بچہ تکلف کررہا ہے ہم خود چلے جاتے ہیں۔۔

،ساشا کی امی نے کہا

نہیں آنٹی کوئی بات نہیں آپ لوگ کیسے آتی رات کو تو کوئی رکشہ بھی نہیں ملتا۔۔

URDU NOVEL BANK

،زریار بولا

دھیان سے اُتارنا آنٹی کو۔۔

،زریار ساشا کی طرف دیکھ کر مُسکراتا ہوا بولا

ساشا زریار سے ناراض تھی اس لیے اس نے زریار کی بات کا کوئی جواب نہیں دیا۔۔

وہ ماں بیٹی گاڑی سے اُتری اور اندر چلی گئی۔۔

ارے میری جان۔۔

میرال بھاگتی ہوئی ساشا کی طرف آئی اور اس کے گلے سے لگ گئی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اللہ اتنے مہینوں کے بعد ملاقات ہو رہی ہے ہماری۔۔

بہت یاد کرتے تھے ہم دونوں تم دونوں کو۔۔

میرال اور ساشا تھوڑی ایموشنل ہوگئی تھی۔۔

میں اور منال بھی تم دونوں کو بہت زیادہ مس کرتے تھے۔۔

،ساشا بولی

کیسی ہیں آنٹی ؟؟

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میرال ساشا کی امی سے بھی ملی۔۔

آؤ آؤ اندر آؤ امی سے ملو۔۔

میرال نے ساشا کو سب سے ملوایا۔۔

زریار کہاں ہے ؟؟

میں کب سے اس کا ویٹ کر رہی ہوں میں نے فوٹوز کلک کروانی ہیں اس کے ساتھ۔۔

ثانیہ نے یہاں وہاں دیکھتے ہوئے کہا تو ساشا نے جھٹ سے اس کی طرف دیکھا۔۔

یہ کون ہے اور زریار کو کیوں بُلا رہی ہے ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،ساشا نے دل ہی دل میں کہا

کچھ دیر کے بعد جب زریار اندر آیا تو ثانیہ بھاگتی ہوئی اس کے پاس گئی۔۔

کہاں تھے اتنی دیر سے تم ہاں ؟؟

کب سے ویٹ کررہی ہوں تمہارا چلو آؤ جلدی سے فوٹوز کلک کروا لیں اچھی اچھی سی۔۔

نہیں مجھے نہیں بنوانی میں بہت بزی ہوں تم بنوا لو۔۔

زریار ایسے نہ کرو ورنہ میں غصہ کروں گی بہت۔۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،وہ زریار کا ہاتھ پکڑتی ہوئی بولی

زریار بیٹا بنوا لو نہ فوٹوز وہ بیچاری کب سے آپ کا ویٹ کر رہی تھی۔۔

،زریار کی امی نے کہا

ساشا اور امن جیسے ہی وہاں آئی تو اُن کی نظر ثانیہ اور زریار پر پڑی۔۔

ساشا تو غصے سے آگ بگولہ ہوگئی تھی۔۔

چلو امن یہاں سے۔۔

وہ امن کا بازو پکڑ کر اسے باہر لے آئی۔۔

کیا ہوا ہے ایسے باہر کیوں آگئی ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،امن نے کہا

مجھے نہیں جانا اندر تمہیں جانا ہے تو چلی جاؤ۔۔

امن کو معلوم تو ہو ہی گیا تھا کہ یہ زریار کو دیکھ کر واپس آئی ہے۔۔

*****

ماہیر بیٹا کل تیار ہو جانا شادی میں جانے کے لیے۔۔

URDU NOVEL BANK

آج کچھ کام کی وجہ سے میں جا نہیں سکا مہندی پر اور جناب صاحب ناراض ہوگئے ہیں مجھ سے۔۔

،طاہر شاہ نے کہا

ٹھیک ہے ابو۔۔

تھوڑی دیر کے لیے چلے جانا چاہئیے تھا آپ کو۔۔

دس سال کی دوستی ہے آپ کی ان کے ساتھ۔۔

،ماہیر بولا

جانا تھا میں نے بس ایک ضروری کام میں پھنس گیا تھا میں۔۔

اچھا کل مجھے بھی لے جانا ساتھ میں وہاں کوئی لڑکی دیکھ لوں گی اپنے بیٹے کے لیے۔۔

،ماہیر کی امی جھٹ سے بولی

ارے امی بس کر دیا کریں نہ۔۔

ہر وقت لڑکی لڑکی پہلے ہی پھپھو کو بہت مشکل سے سمجھایا ہے۔۔

،ماہیر نے کہا

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ماہیر دیکھو شادی تو میں آپ کی اپنی پسند کی لڑکی سے کروں گی بیٹا پہلے ہی بتا رہی ہوں میں۔۔

،ماہیر کی امی نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

ماہیر کے ذہن میں ایک دم میرال کا خیال آیا۔۔

امی کی پسند یا میری محبت ؟؟

اُففففف کیا کروں ؟؟

وہ بیٹھا ہوا یہ سوچنے لگا۔۔

******

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حماد کیسی لگ رہی ہوں میں ؟؟

،صائمہ نے حماد کے پاس جا کر کہا

،حماد نے اس کی بات کو اگنور کیا تو صائمہ پھر سے بولی

حماد بتاؤ نہ یار کیسی لگ رہی ہوں میں ؟؟

مجھے نہیں پتا کیسی لگ رہی ہو۔۔جس کے لیے یہ اتنی تیار ہوئی ہو اسی سے پوچھو جا کر۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،وہ سرد لہجے میں بولا

جس کے لیے تیار ہوئی ہوں اس وقت میں اسی کے سامنے کھڑی ہوں اور اسی سے پوچھ رہی ہوں۔۔

،صائمہ حماد کے پاس بیٹھتی ہوئی بولی

صائمہ جاؤ یہاں سے مجھے تنگ مت کرو۔۔

،وہ منہ موڑتا ہوا بولا

کیوں نہ کروں تنگ شوہر ہو آپ میرے آپ کو نہیں کروں گی تو کس کو کروں گی ؟؟

،وہ جھٹ سے بولی

صائمہ میں تم سے اتنی نفرت کرتا ہوں اتنا اگنور کرتا ہوں تمہیں مگر پھر بھی تم میرے آگے پیچھے پھرتی ہو مجھے منانے کی ہر وقت کوشش کرتی ہو۔۔

،وہ اس کی طرف دیکھتا ہوا بولا

ہاں کیونکہ میں آپ سے محبت کرتی ہوں وہ غلطی مجھ سے ہوئی ہے لیکن اب مجھے اپنی غلطی کا احساس ہوگیا ہے میں جان گئی ہوں کہ آپ ہی میرے لیے سب کچھ ہیں۔۔

،وہ حماد کا ہاتھ پکڑتی ہوئی بولی

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

شاید مجھے وہ سب بھولنے میں کچھ وقت لگے گا ابھی۔۔

وہ یہ کہہ کر وہاں سے اُٹھ کر چلا گیا۔۔

جاؤ اس کے پاس اب میرے پاس کیا لینے آئے ہو ؟؟

،ساشا نے غصے سے گھورتے ہوئے کہا

میری جان وہ تو پاگل ہے میرے پیچھے پڑ گئی ہے میری محبت تو صرف آپ ہیں۔۔

،زریار اس کا ہاتھ پکڑ کر چومتا ہوا بولا

زریار تم مجھے دھوکہ دے رہے ہو نہ ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتی ہوئی بولی

ساشا کیسی باتیں کر رہی ہو یار تم ؟؟

اگر میں نے کبھی تمہیں دھوکا دینے کے بارے میں سوچا بھی ہو تو میں ابھی کے ابھی مر جاؤں۔۔

زریار چیخا تو ساشا ایک دم ڈر گئی۔۔

میں تم سے سچی محبت کرتا ہوں وہ میری امی کی دوست کی بیٹی ہے۔۔

URDU NOVEL BANK

ہاں وہ مجھ سے پیار کرتی ہوگی مگر میں صرف تم سے محبت کرتا ہوں۔۔

زریار کو بہت غصہ آگیا تھا۔۔

اچھا اچھا غصہ تو نہ کرو۔۔

وہ دونوں اس وقت زریار کے کمرے میں موجود تھے۔۔

یہاں بیٹھو۔۔

اس نے زریار کا بازو پکڑ کر اسے بیٹھایا اور خود بھی اس کے پاس بیٹھ گئی۔۔

ریلیکس میری جان۔۔

تم نے تو میری تعریف بھی نہیں کی آج۔۔

،وہ منھ بناتی ہوئی بولی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زریار نے غصے سے اسے اپنی طرف کھینچا اور اس کے لبوں کو چومنے لگا۔۔

امم زریار کوئی آجائے گا چھوڑو مجھے۔۔

وہ خود کو چھڑوانے کی بے حد کوشش کررہی تھی مگر زریار اس کے ہونٹوں کو چھوڑ ہی نہیں رہا تھا۔۔

وہ اس کے سینے پر مکے مارنے لگی۔۔

URDU NOVEL BANK

اتنی سزا کافی ہے ابھی کے لیے آئندہ ایسے الفاظ منھ ست نکالنے سے پہلے ہزار بار سوچ لینا ورنہ اس سے بھی بُری سزا دوں گا اور لپسٹک سہی کرلو ساری اُتر گئی ہے۔۔

وہ ہنستا ہوا یہ کہہ کر کمرے سے باہر چلا گیا۔۔

ظالم انسان۔۔

وہ جلدی سے واش روم گئی اور لپسٹک سہی کرنے لگی۔۔

غلطی اس کی اپنی تھی چپک خود رہا تھا اس کے ساتھ اور سزا مجھے دے کر چلا گیا اسے تو میں چھوڑوں گی نہیں اب۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

منال بھی آجاتی نہ تو بہت مزہ آتا۔۔

بہت دل کر رہا ہے اسے دیکھنے کو۔۔

،میرال نے کہا

فکر نہ کرو کل آجائے گی وہ آج شہمیر بھائی کے ساتھ انجوائے کررہی ہو وہ میڈم۔۔

،امن بولی

آؤ ساشا یہاں بیٹھو۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کہاں گئی تھی تم ؟؟

،میرال نے کہا

وہ میں واش روم گئی تھی۔۔

دیکھو ذرا کتنے اچھے لگ رہے ہیں سب لڑکے ڈانس کرتے ہوئے۔۔

زریار بھی اپنے سب کزنز کے ساتھ ڈانس کررہا تھا۔۔

ساشا تو بس بیٹھی اسی کو گھور رہی تھی۔۔

زریار کو دیکھو ویسے آج یہ اچھا لگ رہا ہے۔۔

،میرال ہنستی ہوئی بولی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ارے زریار بھائی تو ہے ہی بہت ہینڈسم۔۔

،امن نے ساشا کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

آؤ لڑکیوں ہم بھی کریں ڈانس۔۔

میرال امن اور ساشا کا ہاتھ پکڑ کر لے گئی۔۔

ارے نہیں مجھے نہیں کرنا ڈانس تم لوگ کرو۔۔

ساشا شرما رہی تھی کیونکہ سامنے زریار تھا۔۔

URDU NOVEL BANK

******

آج کے بعد مجھے کہیں نہیں جانا تمہارے ساتھ سُن لو کام کھول کر۔۔

شہمیر موبائل میں مگن تھا۔۔

کیوں کیا ہوا ؟؟

،اس نے موبائل سائڈ پر رکھتے ہوئے کہا

سمجھتی کیا ہے یہ تمہاری بہن خود کو ؟؟

وہاں بھی یہ مجھے ذلیل کرنے کی پوری کوشش کررہی تھی وہ تو میں نے اسے اگنور کیا

پھر کہیں جا کر چُپ ہوئی۔۔

پہلی بار تمہارے ساتھ شادی میں گئی تھی اور وہ بھی تمہاری بہن نے سارا مزہ خراب

کردیا۔۔

منال بولی جا رہی تھی اور شہمیر بس سُنی جا رہا تھا اس کی باتیں۔۔

تم کچھ بول کیوں نہیں رہے ؟؟

منال ڈریسنگ کے سامنے کھڑی ہاتھوں پر لوشن لگا رہی تھی۔۔

وہ اُٹھا اور منال کے پاس گیا اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے بیڈ پر بیٹھایا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

جتنا ہرٹ آج تم ہوئی ہو نہ اس سے زیادہ ہرٹ میں ہوا ہوں اور بات رہی عائزہ کی اسے کچھ بھی کہنا کوئی بھی بات سمجھانی بیکار ہے اب میں اچھا سا رشتہ دیکھوں گا اور اس کی شادی کر دوں گا ایسے یہ نہ خود خوش رہتی ہے اور نہ ہمیں رہنے دیتی ہے۔۔

ہاں سہی کہہ رہے ہو تم شادی ہو جائے گی تو اپنے گھر میں خوش رہے گی اپنے شوہر کے ساتھ اور تمہاری امی بھی سہی ہو جائیں گی کیونکہ یہی ان کو ہمارے خلاف کرتی ہے۔۔

،منال بولی

منال ایک بات کہوں میں آپ سے ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،شہمیر نے محبت بھرے لہجے میں کہا

ہاں کہو۔۔

،وہ اس کی طرف دیکھتی ہوئی بولی

اب مجھے بیٹا یا بیٹی چاہئیے ہے اب ہمیں دو سے تین ہو جانا چاہئیے۔۔

،وہ اس کے بالوں میں انگلیاں پھیرتا ہوا بولا

وہ اس کی طرف حیران کن نظروں سے دیکھنے لگی۔۔

URDU NOVEL BANK

کیا ہوا میں نے کچھ غلط کہا کیا ؟؟؟

،شہمیر بولا

منال اُٹھ کر جانے لگی تو شہمیر نے اس کا بازو پکڑ کر اسے اپنی گود میں بیٹھا لیا۔۔

تم ایسا نہیں کرسکتی منال۔۔

اس نے منال کو اپنی لبوں کے قریب کیا۔۔

شہمیر مت کرو ایسا چھوڑ دو مجھے میں بہت پیار سے کہہ رہی ہوں۔۔

شہمیر نے اس کی ایک نہ سُنی اور اسے بیڈ پر لیٹا کر اس کے ہونٹوں کو اپنی دسترس میں لے لیا منال کا سانس بند ہو رہا تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے اسے اپنی بانہوں میں دبوچ لیا تھا۔۔

******

اللہ تمہیں خوش رکھے میرے بچے تم بہت اچھے ہو ہمیں لینے بھی آئے اور اب چھوڑنے بھی آگئے ہو۔۔

اللہ تمہیں صدا خوش رکھے۔۔

ساشا کی امی نے زریار کو پیار دیا اور اسے ڈھیر ساری دعائیں دی۔۔

URDU NOVEL BANK

زریار کے من میں تو لڈو پھوٹ رہے تھے۔۔

آنٹی کل بھی میں آپ کو خود لینے آؤں گا کیونکہ جہاں پر سارا ارینجمنٹ کیا ہے وہ بہت دور ہے اس لیے آپ نے فکر نہیں کرنی آپ کا بیٹا حاضر ہے۔۔

،زریار نے ساشا کی طرف دیکھ کر مُسکراتے ہوئے کہا

ساشا میڈم کا ابھی تک مُوڈ آف تھا۔۔

گھر میں داخل ہوتے ہوئے اس نے زریار کی طرف گھورا اور اسے مکہ مار کر اندر بھاگ گئی۔۔

زریار ہنستا ہوا گاڑی میں بیٹھا اور چلا گیا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آگئے تم لوگ ؟؟

کب سے انتظار کررہا تھا میں۔۔

،ساشا کا بھائی بولا

ہاں بھائی آگئے ہیں کیا ہوا سب خیریت انتظار کیوں کر رہے تھے ہمارا ؟؟

،ساشا نے اپنا بیگ ٹیبل پر رکھتے ہوئے کہا

URDU NOVEL BANK

تمہیں پتا تو ہے تمہارے ہاتھ کی چائے پیے بغیر مجھے نیند نہیں آتی چلو اب جلدی سے بنا دو میرے لیے چائے۔۔

بیٹا اب اپنے لیے بیوی لے آؤ کیونکہ ساشا کی تو اب ہم شادی کریں گے اب یہ عادت ختم کرلو خود چائے بنانی سیکھ لو ساشا سے۔۔

واہ امی واہ لگتا ہے وہاں کوئی لڑکا دیکھ آئی ہیں آپ ساشا کے لیے۔۔

ہاں زریار بہت اچھا بچہ ہے مجھے تو بہت پسند آیا وہ اتنی عزت کرتا ہے بڑوں کی۔۔

کون زریار امی ؟؟

وہ جو میرال ہے ساشا کی دوست اس کا کزن ہے پھپھو کا بیٹا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ساشا کی امی نے کہا،

امی وہ بہت امیر لوگ ہیں وہ ہم جیسے لوگوں کے ہاں رشتہ کیوں کریں گے بھلا ؟؟

ساشا جھٹ سے بولی،

امیر ہیں تو کیا ہوا بات کرنے میں کیا حرج ہے ؟؟

ساشا کی امی نے کہا،

URDU NOVEL BANK

ہاں امی ٹھیک کہہ رہی ہیں اگر وہ اچھا لڑکا ہے تو ایک بار بات ضرور کر کے دیکھ لینی چاہئیے--

،ساشا کے بھائی نے کہا

ساشا کا دل گارڈن گارڈن ہو رہا تھا--

پہلے تم اپنی شادی کرلو میری شادی کی زیادہ فکر نہ کرو--

،ساشا نے اپنے بھائی سے کہا

پہلے تمہاری اور بھائی کی شادی کریں گے بعد میں میری شادی ہوگی تاکہ تم میری بیوی کے آنے سے پہلے ہی اپنے گھر کی ہو جاؤ ورنہ تم تو اس سے ہر روز لڑا کرو گی--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،وہ ہنستا ہوا بولا

امی دیکھ لیں اس کو کیسی باتیں کررہا ہے یہ--

،ساشا بولی

بھائی اتنا تیار ہونے کی کیا ضرورت تھی ویسے لڑکیاں تو دیوانی ہو جائیں گی آپ کی--

،رمشا نے ماہیر کو دیکھتے ہی کہا

URDU NOVEL BANK

ارے ایسی بھی کوئی بات نہیں ہے اب بس کر دیا کرو۔۔

،ماہیر مُسکراتا ہوا بولا

میرا شہزادہ بیٹا ہے ہی اتنا خوبصورت کیسے کہ فدا ہوں گی اس پر لڑکیاں اور ہے بھی آرمی کیپٹن۔۔

،ماہیر کی امی نے اس پر سے پیسے وارتے ہوئے کہا

رمشا یہ پیسے پکڑو ماسی آئے تو اسے دے دینا یاد سے۔۔

ماہیر گاڑی نکالو جلدی سے پہلے ہی بہت دیر ہوگئی ہے۔۔

،ماہیر کے ابو نے اپنے کمرے سے نکلتے ہوئے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میرا دل چاہ رہا ہے میں بھی آپ لوگوں کے ساتھ جاؤں شادی پر۔۔

،رمشا منہ بناتی ہوئی بولی

چُپ کر کے گھر بیٹھو اور آرام سے پڑھا کرو تب سے نکلی نہیں کمرے میں اور اب میڈم کو یاد آیا ہے ہمارے ساتھ جانا۔۔

،ماہیر بولا

URDU NOVEL BANK

بھائی آپ ایسے ہی کرتے ہو شروع سے ہی مجھے گھر میں چھوڑ جاتے ہو خود تینوں ہر جگہ چلے جاتے ہو۔۔

رمشا منھ بنا کر اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔

بنانے دو اسے منھ اس نے ایسے ہی کرنا ہوتا ہے ہر بار۔۔

ماہیر ہنسنے لگا۔۔

اسے میں آ کر منا لوں گا۔۔

وہ لوگ شادی پر جانے کے لیے نکل گئے۔۔

*****

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زریار کام میں بہت زیادہ مصروف تھا وہ اب تک خود بھی تیار نہیں ہوا تھا۔۔

ارے یار ابھی اُن لوگوں کو بھی سیلون سے پک کرنا ہے ساشا کو بھی پک کرنا ہے کیا کیا کروں میں ؟؟

وہ بیچارہ سوچ میں پڑ گیا تھا۔۔

اس کے ذہن میں خیال آیا کہ وہ ساشا کے گھر ڈرائیور کو بھیج دے اور ندا میرال ثانیہ اور صائمہ کو خود پک کرلے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس نے ساشا کو میسج کیا کہ میں گاڑی بھیجنے لگا ہوں اس میں آجانا میں مصروفیت کی وجہ سے نہیں آ سکتا۔۔

اب ساشا میڈم اور بھی زیادہ ناراض ہو جائیں گی۔۔

میں تو سوچ رہی ہوں زریار کے ساتھ آؤ ٹ ڈور شوٹ کرواؤ ں اچھا سا۔۔

ثانیہ نے کہا،

شوٹ میرا اور فہد کا ہونا چاہئیے جو ہو ہی نہیں رہا ہے فہد سے میں نے بولا بھی تھا کہ جلدی آجانا مگر وہ سنتے ہی کہاں ہیں میری۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ندا منھ بناتی ہوئی بولی،

زیادہ ناشکری نہ کرو سمجھی ندا اب جب بھائی بارات لے کر آئیں گے تب ہی کروا لینا تھوڑا بہت شوٹ اور باقی کل ولیمے پر کروا لینا دل کھول کر۔۔

اچھا ٹھیک ہے زریار کو کال کرو اسے بولو جلدی آؤ۔۔

زریار صاحب سیلون میں بیٹھے اپنے بال بنوا رہے تھے اس نے میرال کی کال بزی کردی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بال بنوانے کے بعد وہ فوراً انہیں سیلون سے پک کرنے چلا گیا۔۔

صائمہ اور میرال ندا کا لہنگا پکڑے اس کے ساتھ آرہی تھی گاڑی کی طرف۔۔

ثانیہ پہلے ہی گاڑی میں آ کر بیٹھ گئی تھی۔۔

تمہیں پتا ہے نہ آگے ندا بیٹھے گی پھر کیوں بیٹھی ہو آگے آ کر۔۔

زریار میرے ساتھ آرام سے اور پیار سے بات کیا کرو میں اتنے پیار سے تمہارے پاس آ کر بیٹھی تھی اور تم ہر بار مجھے ڈانٹتے ہو۔۔

میں نے سوچا ہم دونوں یہاں باہر فوٹوز کلک کرواتے ہیں دیکھو کتنا اچھا سیٹ اپ ہے مگر تم تو پتا نہیں کیا ہو۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کہاں بیٹھنا ہے ندا نے؟؟

میرال بولی،

جلدی پیچھے جا کر بیٹھو۔۔

زریار نے ثانیہ کو پچھلی سیٹ پر بھیج دیا۔۔

آگے لے آؤ پیاری دلہن کو۔۔

زریار ہنستا ہوا بولا،

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

صائمہ اور میرال نے ندا کو آگے بیٹھا دیا۔۔

ثانیہ کا آج بھی کل کی طرح اتنا بڑا منھ بن گیا تھا۔۔

دیکھاؤ ندا کتنے کلو میک اپ ہے تمہارے منھ پر ؟؟

،زریار قہقہ لگا کر ہنستا ہوا بولا

ندا نے زریار کے بازو پر مکہ مارو۔۔

شرم کرو آج تو مجھے بخش دو اور تم کیوں اتنے پیارے لگ رہے ہو ہاں ؟؟

شادی میری اور فہد کی ہے اور صرف ہم دونوں کو ہی پیارا لگنا چاہئیے۔۔

،ندا مسکراتی ہوئی بولی

دیکھ لینا سب مجھے دلہا سمجھیں گے فہد کو تو کوئی دیکھے گا بھی نہیں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زریار ندا کو خوب ستا رہا تھا۔۔

اگر اس وقت میں یہ اتنا بھاری لہنگا جیولری نہ پہن کر بیٹھی ہوتی تو بتاتی تمہیں اچھے سے۔۔

ندا نے کہا تو زریار ہنسنے لگا۔۔

URDU NOVEL BANK

ارے میری پیاری بہن میں تو بس تنگ کررہا ہوں اپنی بہن کو اللہ تمہیں ہمیشہ خوش رکھے اپنے گھر میں تمہارے نصیب اچھے کرے۔۔

پیچھے سے صائمہ اور میرال فوراً آمین بولی۔۔

مجھے تو لگتا ہے ہم سب سے پہلے آگئے ہیں۔۔

،ماہیر نے گاڑی پارک کرتے ہوئے کہا

چلو یہ تو اچھی بات ہے اب کل کی ناراضگی ختم ہو جائے گی آپ کے ابو کے دوست کی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،ماہیر کی بولی

ہاں یہ تو سہی بات کی ہے آپ نے۔۔

،ماہیر کے ابو نے ہنستے ہوئے کہا

جیسے ہی یہ لوگ اندر گئے میرال لوگ بھی آگئے۔۔

دھیان سے اُترنا ندا۔۔

،زریار بولا

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

زریار بارات کا کیا سین ہے بھئی کس ٹائم تک پہنچ جائیں گے وہ لوگ ؟؟

،میرال نے پوچھا

بارات بس دس منٹ تک پہنچ جائے گی تم لوگ جلدی سے جاؤ استقبال کی تیاری کرو--

،زریار بولا

ساشا اور امن بھی پہنچ گئی تھی--

منال کیوں نہیں آئی ان تک یار ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میرال بے صبری سے اس کا انتظار کررہی تھی--

ابھی اس کی کال آئی تھی بول رہی تھی بس پانچ دس منٹ تک پہنچ جاؤں گی اب نہ جانے کہاں رہ گئی ہے--

وہ تینوں باہر کھڑی اس کا ویٹ کررہی تھی--

تم لوگ باہر کیوں کھڑی ہو ؟؟

،زریار نے انہیں دیکھتے ہی کہا

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

منال کا ویٹ کررہے ہیں ہم بس آنے ہی والی ہے وہ۔۔

وہ تو بس ساشا کو دیکھنے کے بہانے سے باہر آیا تھا۔۔

ساشا نے جب اس کی طرف دیکھا تو اس نے آنکھ ونک کی۔۔

ساشا نے جلدی سے منھ موڑ لیا کہ کہیں میرال اور امن کو معلوم نہ ہو جائے جو زریار اور اس کے بیچ چل رہا تھا۔۔

امن نے انہیں دیکھ لیا تھا اس نے بھی مُسکراتے ہوئے نظریں پھیر لی۔۔

آگئی منال آگئی۔۔

مس منال بڑی سی گاڑی میں اپنے شوہر شہمیر خان کے ساتھ آئی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

گاڑی رُکی تو وہ تینوں گاڑی کی طرف بھاگتی ہوئی گئی۔۔

رُکو منال میں کھولتا ہوں دروازہ بیٹھی رہو۔۔

بیٹھیں رہیں آپ میری دوستیں آ رہی ہیں مجھے لے جانے کے لیے دروازہ بھی آج گاڑی کا وہی کھولیں گی۔۔

منال کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں تھا۔۔

گاڑی کا دروازہ کھولتے ہی میرال جھٹ سے اس کے گلے لگ گئی۔۔

URDU NOVEL BANK

اتنا مس کیا تمہیں کہ تمہاری سوچ ہے مگر تم بے وفا مجھ سے ملنے تک نہ آئی رات۔۔

،میرال بولی

بے وفا میں نہیں تم اور امن ہو جو مجھے اور ساشا کو بتائے بغیر ہی چلی گئی تھی کیوں ساشا ؟؟

ہاں سہی بولا تم نے۔۔

،منال نے ساشا سے ملتے ہوئے کہا

منال نے مڑ کر شہمیر کی طرف دیکھا جو گاڑی میں بیٹھا بس ان چاروں کو دیکھ رہا تھا کہ ایک ساتھ کتنا خوش ہیں یہ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ کیا دیکھ رہے ہیں جائیں اب۔۔

،منال نے شہمیر کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

اوئے ہوئے بڑی بات ہے بھئی بڑا آپ آپ ہو رہا ہے واہ واہ واہ۔۔

وہ تینوں قہقہ لگا کر ہنسنے لگی۔۔

کہاں جا رہے ہیں آپ جیجو ؟؟

اُتریں گاڑی سے اور اندر چلیں۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،میرال جھٹ سے بولی

نہیں وہ انہیں اپنے دوست کی بارات میں جانا ہے وہ بس مجھے چھوڑنے آئے تھے۔۔

ٹھیک ہے منال مجھے کال کر دینا جب آنا ہوا میں حاضر ہو جاؤں گا۔۔

ٹھیک ہے آرام سے جائیں آپ۔۔

ویسے تو منال رات کی خفا تھی شہمیر سے مگر سب کے سامنے وہ نارمل طریقے سے بات کررہی تھی۔۔

ارے یہ کیا بات ہوئی بھلا شہمیر بھائی بھی آتے ہم ان سے تمہارے بارے میں ڈھیر ساری باتیں پوچھتے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،میرال منھ بناتی ہوئی بولی

میری جان پھر کبھی سہی کرلینا بلکہ اب تم تینوں کو آنا ہے ہمارے گھر پھر بیٹھ کر آرام سے ڈھیر ساری باتیں بھی کریں گے اور مزہ بھی۔۔

وہ چاروں جب اندر گئی تو میرال نے منال کو سب سے ملوایا ان چاروں نے ڈھیر ساری فوٹوز بنوائی۔۔

شادی کے بعد اور بھی زیادہ پیاری ہوگئی ہو منال تم۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،میرال نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

ہاں ہاں بس بس جب تم لوگوں کی شادی ہوگی نہ لگ جائے گا پتہ سب۔۔

،منال ہنستی ہوئی بولی

ہائے کیا لگ جائے گا پتہ ہمیں بھی بتاؤ نہ ؟؟

،امن بولی

بتاتی ہوں تمہیں میں بڑے اچھے سے شرم ہی نہیں آتی۔۔

وہ چاروں ہنسنے لگی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میرال بیٹا بات سُنو میری۔۔

میرال کے ابو اس کے پاس آئے۔۔

جی ابو جی کہیں۔۔

میرال آؤ میں آپ کو اپنے دوست ان کی بیگم اور بیٹے سے ملواتا ہوں۔۔

اُففففف اللہ ابو جی میں نے نہیں جانا۔۔

میرال منمنائی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

جاؤ جاؤ جلدی مل کر آؤ ہوسکتا ہے ان کا بیٹا تمہیں پسند آجائے یا ان کے بیٹے کو تم پسند آجاؤ۔۔

،منال نے ہنستے ہوئے کہا

ایسے نہ کہو یار میں آئی بس دو منٹ میں مل کر۔۔میرال دوسری سائڈ پر اپنے ابو کے ساتھ گئی تو وہاں ماہیر کے امی ابو کھڑے تھے۔۔

ان سے ملیں یہ ہیں میرے میرے دوست طاہر شاہ اور ان کی زوجہ۔۔

شاہ کا لفظ سُن کر میرال کے ذہن میں جھٹ سے ماہیر آگیا تھا۔۔

یہ ہے میری بیٹی میرال جو آرمی ڈاکٹر بن رہی ہیں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ارے واہ ماشااللہ بہت پیاری ہے آپ کی بیٹی۔۔

کہاں سے پڑھ رہی ہیں آپ ؟؟

ماہیر کے ابو نے پوچھا۔۔

میرال نے انہیں سب بتایا تو وہ حیران رہ گئے سُن کر۔۔

ارے ہمارا بیٹا بھی وہاں پر ہی ہوتا ہے۔۔

،اس کی امی جھٹ سے بولی

URDU NOVEL BANK

کہاں ہے ماہیر ؟؟

جب میرال کے ابو نے ماہیر کا نام لیا تو میرال نے جھٹ سے حیران کن نظروں سے اپنے ابو کی طرف دیکھا۔۔

کہیں ماہیر ان کا بیٹا تو نہیں ؟؟

میرال سوچنے لگی۔۔

وہ آگیا ہے ماہیر۔۔

ماہیر سامنے سے فون پر بات کرتا ہوا آ رہا تھا اس کی نظر اب تک میرال پر نہیں پڑی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میرال نے جب سامنے دیکھا تو وہ ماہیر کو وہاں دیکھ کر ہکی بکی رہ گئی۔۔

ماہیر ان سے ملو یہ ہیں ڈاکٹر میرال خان۔۔

دونوں ایک دوسرے کو دیکھ کر حیران رہ گئے۔۔

کیپٹن ماہیر شاہ ؟؟

ڈاکٹر میرال خان ؟؟

،وہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھتے ہی جھٹ سے بولے

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

آپ تو دوسرے کو جانتے ہیں ماہیر بیٹا ؟؟

،ماہیر کی امی نے حیرانگی سے کہا

ج--جی امی یہ وہاں پر ہی پڑھتی ہیں آرمی میڈیکل کالج میں میری ملاقات ہوئی ہے ان سے ایک دو بار--

ماہیر کا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا اسے تو یقیں تو نہیں آ رہا تھا کہ وہ میرال کی بہن کی شادی میں آیا ہے--

جی جی کیپٹن ماہیر خان میرے ٹرینر بھی رہ چکے ہیں--

،میرال گھبراتی ہوئی بولی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماہیر کی نظریں ہی نہیں ہٹ رہی تھی میرال پر سے--

میں یہ کوئی خواب تو نہیں دیکھ رہی کہیں ؟؟

،میرال نے دل ہی دل میں کہا

ارے واہ بھئی یہ تو بہت اچھی بات ہے--

،میرال کے ابو نے کہا

جاؤ ماہیر کو سب سے ملواؤ میرال بیٹا امی سے ملواؤ زریار سے بھی ملواؤ--

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،میرال کے ابو نے کہا

ماہیر میرال کے ساتھ گیا میرال کا دل دھک دھک کررہا تھا کہ اس کی دوستیں بھی دیکھ لیں گی اور سو سوال کریں گی۔۔

امی تو شاید مہمانوں کے ساتھ بزی ہیں آئیں میں آپ کو زریار سے ملواتی ہوں۔۔

،میرال نے یہاں وہاں دیکھتے ہوئے کہا

بہت اچھی لگ رہی ہیں آپ۔۔

،ماہیر نے دھیمے لہجے میں کہا

یااللہ یہ سب کیا ہو رہا ہے سب ہماری طرف دیکھ رہے ہیں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ویسے کیا آپ نے سوچا تھا کہ ہم ایسے ملیں گے وہ بھی آپ کی بہن کی شادی میں ؟؟

،ماہیر پھر سے بولا

ن۔۔ نہیں بالکل نہیں سوچا تھا مجھے تو یہ ایک معجزہ لگ رہا ہے۔۔

،میرال بولی

ہمم ایسا ہی ہے آپ نے تو بتایا بھی نہیں کہ آپ کی بہن کی شادی ہے اور آپ بھی گھر جا رہی ہیں۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہاں وہ بس دھیان میں ہی نہیں رہا تھا۔۔

میرال کی تینوں دوستوں نے اسے ماہیر ہے ساتھ باتیں کرتے ہوئے دیکھ لیا تھا۔۔

امن تو ماہیر کو دیکھ کر حیران رہ گئی تھی کہ یہ یہاں کیا کررہا ہے ؟؟

یہ میرال لگتا ہے انہی کے بیٹے کے ساتھ باتیں کررہی ہے۔۔

ساشا اور منال ہنسنے لگی۔۔

زریار زریار۔۔

،میرال اسے روکتی ہوئی بولی

ان سے ملو یہ ہیں کیپٹن ماہیر شاہ ابو کے دوست کے بیٹے اور میرے ٹرینر بھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اوہ اچھا۔۔

کیسے ہیں آپ ؟؟

زریار ماہیر سے ملا اور دونوں باتیں کرنے لگے اتنے میں ساشا منال اور امن بھی وہاں آگئی۔۔

یہ کون ہے بھئی ؟؟

،منال تمسخرانہ انداز میں بولی

URDU NOVEL BANK

یہ کیپٹن ماہیر ہیں۔۔

امن نے میرال کو اشارہ کیا کہ یہ یہاں کیسے ؟؟

ہائے سر کیسے ہیں آپ ؟؟

،امن بولی

اوہ تو آپ بھی آئی ہوئی ہیں۔۔

ماہیر کے منھ سے یہ سن کر ساشا اور منال حیران رہ گئے۔۔

کیا تم دونوں جانتی ہو انہیں ؟؟

،منال نے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں ہاں ہم جانتے ہیں انہیں۔۔

،امن بولی

یہ دونوں میری دوستیں ہیں یہ ساشا اور یہ منال۔۔

بہت اچھا لگا آپ سب سے مل کر۔۔

ماہیر نے چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ لائی۔۔

URDU NOVEL BANK

کب سے بلا رہا ہوں آ کیوں نہیں رہی تھی ؟؟

کیسے آتی منال امن اور میرال میرے ساتھ تھی۔۔ابھی بھی ناراض ہو کیا ؟؟

یہاں آؤ۔۔

زریار نے ساشا کو اپنی طرف کھینچا۔۔

یہاں دیکھو میڈم۔۔

زریار مجھے نہیں لینی کوئی فوٹو تمہارے ساتھ سمجھے تم۔۔

،وہ غصے سے بولی

زریار نے سڑیل ساشا کے ساتھ ایسے غصے میں ہی سیلفی کلک کرلی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا مسئلہ ہے اتنی اچھی لگ رہی ہو غصہ کس بات کا ہے ؟؟

،زریار بولا

تمہیں جیسے معلوم نہیں نہ کس بات پر غصہ ہوں میں کل سے میں تمہیں دیکھ رہی ہوں کیسے گھوم رہی ہے تمہارے اردگرد وہ تمہاری دوست۔۔

،ساشا نے سرد لہجے میں اسے گھورتے ہوئے کہا

گھومنے دو گھوم رہی ہے تو میں تو صرف تمہارے اردگرد گھومتا ہوں نہ۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

مجھے تو لگتا ہے وہ تمہیں لینے آئی ہے اور لے کر ہی جائے گی۔۔

ارے ایسا کچھ بھی نہیں ہے میں تم سے شادی لیے بنا کہیں بھی نہیں جاؤں گا سمجھی تم۔۔

ہاں ہاں دیکھ لیں گے اور میرے پاس تمہارے لیے ایک خوشخبری بھی ہے۔۔

خوشخبری ؟؟

کیسی خوشخبری ؟؟

بتاؤ جلدی سے مجھے۔۔

،وہ حیرانگی سے بولا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رات کو امی اور بھائی بات کررہے تھے کہ اب ساشا کی شادی کرنی ہے امی نے بھائی سے کہا کہ مجھے زریار بہت پسند آیا ہے مگر میں نے کہا امی وہ بہت امیر ہیں وہ نہیں کریں گے ہمارے ہاں رشتہ امی نے کہا کہ بات کرنے میں جاتا ہے۔۔

یہ سن کر زریار خوش ہوگیا۔۔

مطلب کے میں تمہاری امی کو پسند آ گیا ہوں۔۔

ارے واہ جی واہ۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،زریار مسکراتا ہوا بولا

میں تمہیں بتا بھی نہیں سکتا کہ میں کتنا خوش ہوں اب بس یہ شادی ختم ہو جائے پھر میں امی سے تمہارے اور اپنے رشتہ کی بات کرتا ہوں۔۔

ہاں چلو جلدی سے کرلو اب تاکہ ہم بھی شادی کرلیں۔۔

،ساشا شرماتی ہوئی بولی

کاش کہ میں بھی چلا جاتا شادی میں۔۔

کاش کاش کاش۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،اسفند شاہ نے ٹیبل پر زور سے اپنا ہاتھ مارتے ہوئے کہا

ارے یار ریلیکس ہو جاؤ معلوم تو ہوگیا ہے نہ کہ وہ دونوں اسی شہر کی رہنے والی ہیں اور مزے کی بات جان پہچان بھی نکل آئی ہے۔۔

،ماہیر نے کہا

ماہیر مجھے امن سے ملنا ہے اور آج ہی ملنا ہے۔۔

پاگل ہوگیا ہے تو۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بات وہ تجھ سے کر نہیں رہی ملے گی کیسے ؟؟

ماہیر یار تُو کچھ کر۔۔

میرال سے بات کرو اسے بولو امن سے کہے مجھ سے بات کرے۔۔

اچھا اچھا میں کروں گا اس سے بات پر ابھی نہیں۔۔

شادی سے فری ہوئی ہے بیچاری ابھی تھکی ہوگی اور یاد رہے پرسوں ہمیں واپس بھی جانا ہے۔۔

،ماہیر نے کہا

جب تک امن واپس نہیں جائے گی میں بھی نہیں جاؤں گا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،اسفند منھ بناتے ہوئے بولا

جی جی چاچو کو بتاتا ہوں میں تم زیادہ ہی جنونی ہو رہے ہو۔۔

،ماہیر غصے سے بولا

ایک بار ٹرائی کرتا ہوں کیا پتا اٹھالے امن کال۔۔

اسفند نے یہ کہتے ہوئے کال ملائی۔۔

اللہ کرے اب تو اُٹھا ہی لے تمہاری جان کو سکون آئے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،ماہیر بولا

امن نے کال آخر کال اٹینڈ کر ہی لی۔۔

ہیلو کون ؟؟

امن نیند میں تھی۔۔

امن کہاں ہیں آپ ؟؟

میں آپ کو پچھلے دو دن سے کال کر رہا ہوں مجال ہے آپ نے ایک بار بھی میری کال اٹینڈ کی ہو۔۔

بہت ہی غلط بات ہے امن۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ بس سُنی جا رہی تھی اسفند کو۔۔

کچھ بول کیوں نہیں رہی ہیں آپ ؟؟

،اسفند نے سرد لہجے میں کہا

میں اتنے مہینوں کے بعد اپنے گھر آئی ہوں مجھے تھوڑا ٹائم چاہئیے تھا اپنے لیے اپنے گھر والوں کے لیے میں شادی میں مصروف تھی میں نے نہیں دھیان دیا موبائل کی طرف۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

امن نے جواب دیا۔۔

امن آپ جانتی بھی ہیں میں کتنا پریشان ہوں اور آپ نے بتایا تو نہیں کہ آپ یہاں پر شادی میں آ رہی ہیں ؟؟

مجھے خود بھی تب معلوم نہیں تھا کہ میں جاؤں گی میرال مجھے اپنے ساتھ لے آئی تھی زبردستی۔۔

اچھا ٹھیک ہے۔۔

مجھے تو ماہیر نے بتایا ہے یہ سب میں تو سن کر حیران رہ گیا تھا۔۔

میں بھی کیپٹن ماہیر کو دیکھ کر حیران رہ گئی تھی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا وہ امن میں آپ سے ملنا چاہتا ہوں پلیز منع مت کیجئیے گا۔۔

اسفند نے کہا،

ملنا چاہتے ہیں مگر کیوں ؟؟

امن نے حیرانگی سے کہا،

بس میں ملنا چاہتا ہوں مل کر سب بتاؤں گا آپ یہ بتائیں کب ملیں گی ؟؟

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کیپٹن اسفند شاہ مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے آپ کرنا کیا چاہ رہے ہیں ایسے اچانک ملنے کا کیوں آیا آپ کے مائنڈ میں ؟؟

امن آپ ایک بار مجھ سے ملے تو سہی یار سب کچھ بتاؤں گا میں۔۔

اچھا چلو ٹھیک ہے میں سوچ کر بتاؤں گی ملنا ہے یا نہیں۔۔

ٹھیک ہے سوچ لیں مگر مجھے جواب ہاں میں ہی چاہیے ہے۔۔

اب خوش ہے بات کر کے اس سے ؟؟

،ماہیر جھٹ سے بولا

ہاں بہت سکون مل گیا ہے دل کو اور مجھے معلوم ہے وہ مجھ سے ضرور ملیں گی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،اسفند نے کہا

جو بھی کرنا ہے سوچ سمجھ کر کرنا کیونکہ یہاں ایسے ملنا تھوڑا خطرناک بھی ہو سکتا ہے۔۔

ارے کچھ دیر کی تو بات ہے بیٹھ کر بات کریں گے اور بس۔۔

اسفند نے جواب دیا۔۔

*****

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اب میرال بھی چلی جائے گی گھر بالکل ویران ہو جائے گا۔۔

،میرال کی امی نے اداس لہجے میں کہا

کیا کریں بھابھی بیٹیاں ہیں ایک نہ ایک دن تو جانا ہی ہوتا ہے بیٹیوں نے اپنے گھر۔۔

،زریار کی امی نے کہا

اب تم مت چلی جانا ورنہ یہ گھر اور بھی ویران ہو جائے گا۔۔

،میرال کی امی بولی

میں تو سوچ رہی ہوں زریار کی منگنی کردوں ثانیہ کے ساتھ پاکستان میں ہی کیونکہ سارے رشتہ دار تو یہاں پر ہی ہے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،زریار کی امی نے کہا

ثانیہ کے ساتھ ؟؟

یہ تم کیا کہہ رہی ہو ؟؟

زریار کو یہ بات معلوم ہے کیا ؟؟

،انہوں نے حیرانگی سے کہا

ثانیہ بہت پسند کرتی ہے زریار کو اور شادی بھی کرنا چاہتی ہے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اچھا تو کیا زریار بھی ثانیہ کو پسند کرتا ہے ؟؟

تم پہلے زریار سے تو پوچھ لو وہ اُسے پسند کرتا بھی ہے یا نہیں۔۔

ارے بھابھی جب ثانیہ پسند کرتی ہے اُسے تو ظاہر ہے وہ بھی کرتا ہوگا نا۔۔

اتنے میں زریار بھی وہاں آ کر بیٹھ گیا۔۔

کیا باتیں چل رہی ہیں بھئی دونوں نند بھابھی میں ؟؟

،زریار بولا

زریار بیٹا میں اور آپ کی مامی جان آپ کے بارے میں ہی بات کر رہے تھے میں انہیں بتا رہی تھی کہ زریار اور ثانیہ کی منگنی کر دینی چاہئیے ہمیں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیاااا ؟؟؟

امی یہ کیا کہہ رہی ہیں آپ ؟؟

میں کبھی بھی ثانیہ سے شادی نہیں کروں گا۔۔

اس کی مامی جان بھی جانتی تھی کہ زریار کسی اور لڑکی کو پسند کرتا ہے۔۔

کیوں نہیں کرنا چاہتے آپ اس سے شادی ؟؟

URDU NOVEL BANK

کتنا چاہتی ہے وہ آپ کو آپ اچھے سے جانتے ہو بیٹا اور وہ اسی لیے میرے ساتھ یہاں آئی ہے تاکہ آپ دونوں کی منگنی ہو سکے۔۔

زریار کو سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ وہ کیا کہے اپنی امی سے۔۔

وہ غصے سے آگ بگولہ ہوگیا تھا۔۔

زریار غصہ نہ کرو بیٹا۔۔

،زریار کی مامی نے کہا

غصہ کیسے نہ کرو میں مامی جان ؟؟

امی نے مجھ سے پوچھنا بھی گوارا نہیں کیا کہ میری کیا مرضی ہے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں بالکل بھی اس سے شادی نہیں کروں گا سن لیں آپ۔۔

،زریار نے سخت لہجے میں کہا

جہاں تک مجھے لگتا ہے آپ بھی اسے پسند کرتے ہو زریار کافی انڈرسٹینڈنگ ہے آپ دونوں میں پھر مسئلہ کیا ہے آپ کو ؟؟

امی میں کسی اور لڑکی کو پسند کرتا ہوں اور اسی سے شادی بھی کروں گا یہ میرا آخری فیصلہ ہے جو آپ کو قبول کرنا ہوگا۔۔

URDU NOVEL BANK

زریار یہ کہہ کر وہاں سے چلا گیا۔۔

کون ہے وہ لڑکی ؟؟

کسے پسند کرتے ہو آپ ؟؟

کیسے جا سکتے ہو میری مرضی کے خلاف ؟؟

کیا جواب دوں گی میں ثانیہ اور اس کی امی کو وہاں۔۔

چُپ ہو جاؤ ابھی وہ غصے میں ہے جب اس کا موڈ ٹھیک ہو جائے گا پھر پیار سے پوچھ لینا سب کچھ اس سے۔۔

،زریار کی مامی جان نے اس کی امی سے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

****

سب آپ کا پوچھ رہے تھے آپ کو بھی آ جانا چاہئیے تھا۔۔

،منال نے کہا

جیسے آپ کے لیے آپ کی دوست امپورٹنٹ تھی ویسے ہی میرے لیے میرا دوست امپورٹنٹ ہے اور میں صوفی کی شادی بالکل بھی مس نہیں کرنا چاہتا تھا۔۔

،شہمیر نے کہا

URDU NOVEL BANK

ہاں ہاں یہ تو میں اچھے سے جانتی ہوں کتنا اہم ہے صوفی آپ کے لیے۔۔

صوفی میرال بچپن کا دوست ہے اور ہم نے کبھی ایک دوسرے کا ساتھ نہیں چھوڑا۔۔

اچھا جی کیا بات ہے آپ کی دوستی کی۔۔

آج امن آئے گی شام کو وہ کہہ رہی تھی شہمیر کو گھر پر ہی رکھنا۔۔

،منال نے کہا

ارے واہ یہ تو بہت اچھی بات ہے پروین سے کہو کھانا تیار کرے اچھا سا میرے سسرال سے آرہے ہیں آج۔۔

،شہمیر نے ہنستے ہوئے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں خود بناؤں گی کھانا آج۔۔

،منال نے نظریں جھکاتے ہوئے کہا

یااللہ تیرا شکر میں آج اپنی بیوی کے ہاتھ سے بنا کھانا کھاؤں گا۔۔پروین کی ہیلپ لے لینا سارا کام اکیلی مت کرنے لگ جانا۔۔

،شہمیر نے کہا

منال کو اچانک ایسے محسوس ہوا جیسے اُسے اُلٹی آنے والی ہے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ منہ پر ہاتھ رکھ کر بھاگتی ہوئی واش روم میں چلی گئی۔۔

منال کیا ہوا ؟؟

شہمیر اس کے پیچھے گیا اور واش روم کا دروازہ نا کرنے لگا۔۔

منال کیا ہوا ہے ایسے اچانک ؟؟

آپ ٹھیک تو ہیں نہ ؟؟؟

صبر کرو شہمیر۔۔

،وہ اندر سے بولی

شہمیر یہاں وہاں پریشان حال چکر لگانے لگا کہ اچانک اسے کیا ہوگیا ہے ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

منال جب واش روم سے نکل کر باہر آئی تو وہ بہت لو محسوس کررہی تھی آتے ہی وہ بیڈ پر لیٹ گئی۔۔منال کیا ہوا ہے کچھ تو بتاؤ مجھے ؟؟

چلو ڈاکٹر کے پاس چلتے ہیں اُٹھو جلدی سے۔۔

نہیں شہمیر میں بالکل ٹھیک ہوں وہ بس ویسے ہی عجیب سا کچھ ہو رہا تھا تو اُلٹی آگئی۔۔

تم فکر نہ کرو میری۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،منال نے دھیمے لہجے میں کہا

منال پلیز چلو ہاسپٹل چلیں ڈاکٹر کو چیک کرواتے ہیں۔۔

،وہ پریشان لہجے میں بولا

ابھی بالکل ٹھیک ہوں میں اگر دوبارہ ایسا کچھ ہوا تو پھر چلیں گے ابھی میں کچھ دیر آرام کرنا چاہتی ہوں۔۔

اچھا ٹھیک ہے تم آرام کرو میں یہاں ہی ہوں تمہارے پاس۔۔

وہ صوفے پر بیٹھ گیا۔۔

اس کا سارا دھیان صرف منال پر ہی تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کچھ دیر کے بعد منال کو پھر بے چینی سی لگ گئی اور وہ اُٹھ کر فوراً واش روم کی طرف بھاگی۔۔

اب نہیں سنوں گا میں اس لڑکی کی اب ہم فوراً ہاسپٹل جائیں گے۔۔

منال بہت ڈھیلی پڑ گئی تھی اس سے اب چلا بھی نہیں جا رہا تھا۔۔

شہمیر نے اسے بیڈ پر بیٹھایا۔۔

اس کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میری بہت عجیب طبعیت ہو رہی ہے شہمیر--

میں آپ سے کہہ رہا تھا نہ کہ ہاسپٹل چلتے ہیں مگر آپ نے میری بات نہیں مانی--

ایسے تو آپ اور زیادہ بیمار ہو جائیں گی--

ہمت کریں میری جان--

شہمیر نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اسے باہر لے گیا--

گاڑی میں بیٹھے اور دونوں ہاسپٹل چلے گئے--

*****

مجھے تو بہت پسند آئی ہے وہ لڑکی آپ کو بات کرنی چاہئیے ہے اپنے دوست سے اس بارے میں--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،ماہیر کی امی نے کہا

ہاں بہت سلجھی ہوئی اور سمجھدار بیٹیاں ہیں ان کی وہ خود اتنا اچھا ہے ظاہر ہے بیٹیاں بھی اچھی ہوں گی نہ--

،ماہیر کے ابو بولے

URDU NOVEL BANK

ہاں اب تو ماہیر بھی آیا ہوا ہے ان کی بیٹی بھی آئی ہوئی ہے آپ بات کریں ہم رسم کر آئیں گے جا کر ایسے رشتے بار بار نہیں ملتے ہیں۔۔

،ماہیر کی امی نے کہا

امی پھپھو کو کیا جواب دیں گے ؟؟

اگر پھپھو نے پھر سے لڑائی ڈال دی آ کر تو ؟؟

،رمشا جھٹ سے بولی

ایک تو اسے ہر وقت بس اپنی پھپھو کی پڑی رہتی ہے جو بھی بات ہو انہیں اُٹھا کر بیچ میں لے آتی ہے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،اس کی امی سرد لہجے میں بولی

رمشا سہی کہہ رہی ہے آپا کو بھی تو کوئی جواب دینا ہے نہ۔۔

آپ فکر نہ کریں ماہیر خود جواب دے گا انہیں آپ بس اب اپنے دوست سے بات کریں۔۔

اچھا ٹھیک ہے میں کرتا ہوں بات۔۔

URDU NOVEL BANK

میرال اورماہیر نے ایک بار بھی فون پر بات نہیں کی تھی اب تک۔۔

وہ دونوں باقی سب سے کچھ الگ ہی تھے۔۔

امی کیا ہوا تھا پھپھو کیوں بول رہی تھی ؟؟

،میرال نے اپنی امی کے پاس بیٹھتے ہوئے کہا

زریار کا رشتہ وہ ثانیہ کے ساتھ کرنا چاہتی ہیں اور زریار راضی نہیں ہے بالکل بھی بلکہ زریار کیا میں خود بھی راضی نہیں ہوں اتنا پیارا بچہ ہے ہمارا اتنا سلجھا ہوا اور ثانیہ کیا ہے نہ اسے اٹھنے بیٹھنے کا پتہ ہے عجیب طرح کے وہ کپڑے پہنتی ہے۔۔

ہاں سہی کہہ رہی ہیں آپ ظاہر ہے وہ دُبئی کی رہنے والی ہے اسے کہاں سمجھ ہوگی ان چیزوں کی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،میرال نے کہا

ندا اچھے سے جانتی ہے زریار کس لڑکی کو پسند کرتا ہے کیونکہ وہ ہر بات ندا سے شئیر کرتا ہے۔۔

،امی نے کہا

اب ندا آئے گی تو بتائے گی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،میرال نے ہنستے ہوئے کہا

ہاں آج شام میں آئیں گے وہ لوگ ڈنر پر۔۔

ارے واہ یہ تو اچھی بات ہے پھر تو آج رات خوب مزے کریں گے ہم لوگ۔۔

،میرال بولی

ہاسپٹل میں روم میں کے باہر شہمیر یہاں وہاں چکر لگا رہا تھا۔۔

جیسے ہی منال روم سے باہر آئی تو وہ منال کی طرف بڑھا۔۔

منال نے شہمیر کی طرف دیکھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا ہوا ایسے کیوں دیکھ رہی مجھے سب ٹھیک تو ہے نہ ؟؟

کیا کہا ڈاکٹر نے ؟؟

بتاؤ مجھے منال ؟؟

،شہمیر نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پریشان لہجے میں کہا

وہ۔۔

وہ ڈاکٹر نے کہا ہے کہ۔۔

URDU NOVEL BANK

یہ کہہ کر منال خاموش ہوگئی۔۔

وہ کیا وہ ؟؟

کیا کہا ہے ڈاکٹر نے ؟؟

آپ بتا رہی ہیں یا میں خود اندر جا کر پوچھ لوں ڈاکٹر سے۔۔

،وہ سرد لہجے میں بولا

ابا بننے والے ہیں آپ۔۔۔

،منال نے نظریں جھکاتے ہوئے کہا

کیاااااااااا ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

واقع ہی ؟؟

سچ کہہ رہی ہو نہ ؟؟

اس نے منال کو فوراً اپنے سینے سے لگالیا۔۔

یار اتنی بڑی خوشخبری دی ہے آپ نے مجھے۔۔

اس نے منال کا ماتھا چوما۔۔

منال بھی اس کی طرف دیکھ کر مسکرانے لگی۔۔

URDU NOVEL BANK

میں اتنا پریشان ہوگیا تھا کہ میری بیوی کو کیا ہوگیا ہے ایسے اچانک سے مگر مجھے کیا معلوم تھا کہ اتنی بڑی خوشی ملنے والی ہے مجھے۔۔

بہت خوش نصیب ہوں میں جو مجھے آپ جیسی بیوی ملی۔۔

اس نے پھر سے منال کو سینے سے لگالیا۔۔

آس پاس سب لوگ انہیں دیکھ کر ہنس رہے تھے۔۔

بس کرو نہ شہمیر سب ہمیں دیکھ رہے ہیں یہ ہاسپٹل ہے۔۔

،منال دھیمے لہجے میں بولی

دیکھنے دو دیکھنے دو جو بھی دیکھ رہے ہیں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ دوائی لیں جلدی سے اور گھر چلیں۔۔

،منال نے سلپ شہمیر کو پکڑاتے ہوئے کہا

دوائی لی اور دونوں گاڑی میں جا کر بیٹھ گئے۔۔

شہمیر کے چہرے پر سے مسکراہٹ ہی ختم نہیں ہو رہی تھی۔۔

میں بہت خوش ہوں آج اتنا خوش کہ بتا بھی نہیں سکتا۔۔

،اس نے منال کا ہاتھ پکڑ کر چومتے ہوئے کہا

URDU NOVEL BANK

آپ کی خوشی مجھے آپ کے چہرے پر صاف نظر آ رہی ہے۔۔

،وہ بھی مسکراتی ہوئی بولی

****

کیا ہوا ہے تمہیں منھ بنا کر کیوں بیٹھے ہو ؟؟

میرال زریار کے کمرے میں گئی۔۔

کچھ نہیں۔۔اس وقت میں کسی سے بات نہیں کرنا چاہتا جاؤ یہاں سے۔۔

زریار غصے میں بھرا بیٹھا تھا۔۔

نہیں جاؤں گی جو کرنا ہے کر لو۔۔

میرال بیڈ کی دوسری سائڈ پر جا کر بیٹھ گئی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آخر مسئلہ کیا ہے تمہارے ساتھ پھپھو کے ساتھ کیوں لڑ کر آئے ہو ؟؟

کونسی لڑکی پسند آ گئی ہے تمہیں جس کے بارے میں مجھے نہیں معلوم اب تک ؟؟

،میرال اسے تکیہ مارتی ہوئی بولی

اے جاؤ میرا دماغ نہ کھاؤ ایک تم ہی تو رہ گئی تھی جسے میں نے بتانا تھا یہ سب۔۔

،زریار سرد لہجے میں بولا

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

زریار مجھے بتاؤ اگر تم مجھے بتا دو گے تو میں پھپھو سے بات کر کے تمہارا رشتہ کروا دوں گی وہاں۔۔

زریار نے میرال کے منہ پر تکیہ پھینک کر مارا۔۔

جانا ہے تم نے یہاں سے یا نہیں ؟؟

زریار اور میرال لڑنے لگ گئے اتنے میں ثانیہ کمرے میں آئی اور زریار کو گھورنے لگی۔۔

کیا کہا ہے تم نے آنٹی سے کہ تم مجھ سے شادی نہیں کرنا چاہتے ہو ہاں۔۔

آخر تم چاہتے کیا ہو کیوں میرے اتنا قریب آئے جب شادی نہیں کرنی تھی تو۔۔

دیکھو میرے ساتھ آرام سے اور تمیز سے بات کرو۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں بالکل بھی تمہارے قریب نہیں آیا تم ہی میرے پیچھے پڑی ہو میں نے تمہیں کبھی بھی شادی کا نہیں بولا ہمیشہ سے میں تمہیں اپنی اچھی دوست مانتا آیا ہوں کبھی بھی تمہارے ساتھ اس طرح کی بات نہیں کی۔۔

کیا کبھی میں نے تم سے بولا کہ مجھے تم سے پیار ہے ؟؟

کیا کبھی تمہارے ساتھ آ کر چپکا میں ؟؟

بولو جواب دو ؟؟

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،زریار نے سرد لہجے میں کہا

تم مجھے سے محبت نہیں کرتے مگر میں تو تم سے کرتی ہوں نہ میری محبت کا کیا

ہاں ؟؟؟

ثانیہ چیخی--

تم لوگ لڑ کیوں رہے ہو آرام سے بیٹھ کر بات کرلو نہ--

،میرال نے کہا

جاؤ اسے لے جاؤ یہاں سے میں اس وقت بالکل بھی بات کرنے یا بحث کے مُوڈ میں

نہیں ہوں--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،زریار نے منھ موڑتے ہوئے کہا

کون ہے وہ لڑکی جس سے تم شادی کرنا چاہتے ہو ؟؟؟

کون ہے وہ جس کے پیچھے تم نے مجھے ہرٹ کیا مجھے ٹھکرایا ؟؟

بہت جلدی معلوم ہو جائے گا تمہیں کون ہے وہ--

زریار یہ کہہ کر کمرے سے باہر جانے لگا تو ثانیہ نے پیچھے سے اس کی شرٹ کو پکڑ لیا--

تمہیں مجھ سے ہی شادی کرنی ہوگی سمجھے تم ؟؟

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کوئی بھی لڑکی تمہیں اتنی محبت نہیں کر سکتی ہے جتنی محبت میں تم سے کرتی ہوں۔۔

دیکھو ثانیہ میں تم سے اگر شادی کر بھی لوں تو نہ کبھی تم خوش رہ سکو گی اور نہ ہی میں تو پھر فائدہ کیا ہے بہتری اسی میں ہے کہ ہم دونوں کو ایک دوسرے کی زندگیوں سے دور چلے جانا چاہئیے۔۔

تم دُبئی جاؤ واپس اور وہاں مجھ سے بھی بہتر اچھا لڑکا تلاش کرو اور شادی کر کے اپنی لائف انجوائے کرو۔۔

ثانیہ نے زریار کے منھ پر زور دار تھپڑ مارا۔۔

ثانیہ یہ کیا کررہی ہو تم ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میرال نے اسے زریار سے دور کیا۔۔

زریار خاموش کھڑا تھا۔۔

میں پاگل ہوں جو تمہارے ساتھ زندگی گزارنے کا سوچ کر بیٹھی ہوں تمہارے ساتھ لائف انجوائے کرنا چاہتی ہوں جو تم مجھے آگے سے مشورے دے رہے ہو۔۔

زریار کچھ بھی کہے بغیر وہاں سے چلا گیا۔۔

ثانیہ اپنے بال پکڑ کر اونچی اونچی رونے لگی۔۔

URDU NOVEL BANK

پاگل تھی جو میں اس سے محبت کر بیٹھی تھی بہت ہی بے وقوف تھی میں۔۔

ثانیہ ریلیکس کرو یار کچھ نہیں ہوتا صبر کرو سب اچھا ہوگا۔۔

،میرال نے اسے تھپکی دیتے ہوئے کہا

کچھ اچھا نہیں ہوگا اس کی ذندگی میں کوئی اور لڑکی آ چکی ہے اسے مجھ سے کبھی محبت تھی ہی نہیں۔۔

دیکھنا چاہتی ہوں میں اب کون ہے وہ لڑکی جس سے اسے محبت ہے۔۔

کیا ہوا تم دونوں کے درمیان ؟؟

،زریار کی امی نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے سرد لہجے میں کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دونوں بحث رہے تھے ثانیہ نے غصے میں آ کر زریار کو تھپڑ مار دیا تو وہ یہاں سے چلا گیا۔۔۔

ثانیہ بیٹا کیا ہوگیا ہے آپ کو میں نے آپ سے کہا تھا نہ میں بات کروں گی زریار سے پھر آپ نے کیوں اس سے ایسی باتیں کی ؟؟

میرال پانی دو ثانیہ کو۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

مجھے ایک دن بھی اور یہاں نہیں رہنا ہے آپ میری ٹکٹ کروائیں ابھی اور اسی وقت مجھے واپس دُبئی جانا ہے۔۔

ثانیہ ہوش سے کام لو اگر آپ چلی گئی تو اسے موقع مل جائے گا اس لڑکی سے شادی کرنے کا اور میں بالکل بھی نہیں چاہتی ہوں یہ۔۔

مجھے نہیں کرنی اب آپ کے بیٹے سے شادی۔۔

ثانیہ غصے سے یہ کہہ کر کمرے سے باہر چلی گئی۔۔

پھپھو جانے دیں ابھی اُسے غصے میں ہے وہ آپ پریشان نہ ہوں سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میرال نے اپنی پھپھو کو حوصلہ دیا۔۔

*****

امی ابو کہاں ہیں ؟؟

ماہیر نے رمشا سے کہا،

امی ابو ابھی ابھی نکلے ہیں آپ کا رشتہ دیکھنے گئے ہیں۔۔

رمشا نے جواب دیا۔۔

URDU NOVEL BANK

رشتہ دیکھنے ؟؟

کہاں پر اور کیوں ؟؟

،ماہیر نے حیرانگی سے کہا

وہاں پر ہی جہاں آپ لوگ شادی میں بھی گئے تھے جو لڑکی آپ کو جانتی بھی ہے جس کے آپ ٹرینر بھی رہ چکے ہیں--

یہ سُن کر ماہیر حیران رہ گیا--

کیا واقع ہی ؟؟

،اس نے گہرا سانس لیتے ہوئے دل ہی دل میں خوش ہوتے ہوئے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جی ہاں--

آپ کو کوئی مسئلہ تو نہیں ؟؟

،رمشا نے کہا

امم نہیں مجھے کوئی مسئلہ نہیں ہے--

ماہیر نے مُسکراتے ہوئے کہا تو رمشا فوراً بول پڑی--

بھائی مسکرانا بند کریں اور یہ سوچیں پھپھو سے کیا کہنا ہے--

URDU NOVEL BANK

ماہیر کچھ بھی بولے بغیر وہاں سے چلاگیا کیونکہ ابھی اسے صرف اس بات کی خوشی تھی کہ اس کے امی ابو میرال کے گھر رشتہ لے کر گئے ہوئے ہیں ابھی وہ بس یہی سوچ کر خوش ہونا چاہتا تھا۔۔

میں پہنچ گئی ہوں مگر وہ ابھی تک نہیں آیا مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے میرال۔۔

،امن نے یہاں وہاں دیکھتے ہوئے کہا

تم ڈرو نہیں اور اسے کال کرو پوچھو کہاں ہے وہ آیا کیوں نہیں اب تک۔۔

،میرال نے کہا

کاش تم بھی میرے ساتھ ہوتی یہاں کسی نے مجھے دیکھ لیا تو سارا معاملہ بگڑ جائے گا۔۔

،امن بولی

یار میں چلی جاتی تمہارے ساتھ مجھے کوئی مسئلہ نہیں تھا مگر تمہیں بتایا ہے نہ گھر میں بہت مسئلہ بنا ہوا ہے۔۔

ندا اور فہد بھائی بھی آنے والے ہیں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،میرال نے اداس لہجے میں کہا

میرال وہ آگیا ہے میں تم سے بعد میں بات کرتی ہوں وہ سامنے سے آ رہا ہے میری طرف۔۔

امن نے اسفند کی دیکھتے ہوئے کہا جو اس کی جانب آ رہا تھا۔۔

اچھا ٹھیک ہے دھیان سے ہاں۔۔

ہاں ہاں ٹھیک ہے۔۔

یہ کہہ کر امن نے کال بند کر دی۔۔

سوری میں لیٹ ہوگیا۔۔اصل میں ٹریفک بہت زیادہ تھا اسی لیے وقت پر پہنچ نہیں سکا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کافی انتظار کروایا میں نے آپ کو ہاں نہ ؟؟

امن اسے گھور رہی تھی۔۔

ویسے ہیں آپ کیپٹن۔۔ اور بالکل بھی وقت کے پابند نہیں ہیں۔۔

،امن نے طنزیہ لہجے میں کہا

اچھا سوری آئندہ نہیں ہوگا ایسا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،اسفند نے اس بات کو ختم کرتے ہوئے کہا

وجہ جان سکتی ہوں ملنے کی ؟؟

بہت بڑا رسک لے کر آئی ہوں میں یہاں آپ سے ملنے۔۔

کچھ دن آپ سے دور رہ کر مجھے محسوس ہوا کہ میں آپ کے بغیر نہیں رہ سکتا ہوں۔۔

،وہ امن کی طرف دیکھتا ہوا بولا

آپ ایسے اچانک کیوں چلے گئے تھے گھر ؟؟

،امن نے کہا

اصل میں وہ ہماری پھپھو نے بہت تنگ کیا ہوا تھا امی ابو کو تایا کو تائی کو۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ کیوں ؟؟

،امن نے حیرانگی سے کہا

وہ اس لیے کہ میری پھپھو کی دو بیٹیاں ہیں ایک کا رشتہ وہ میرے ساتھ کرنا چاہتی ہیں اور دوسری کا ماہیر کے ساتھ۔۔

میں نے تو صاف انکار کر دیا ہے ماہیر بھی جلد کر دے گا۔۔

اوہ اچھا تو یہ بات تھی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ویسے آپ نے انکار کیوں کیا ؟؟

،امن بولی

کیونکہ میں آپ سے محبت کرتا ہوں آپ کو بے حد چاہنے لگا ہوں۔۔

میں بہت سٹیٹ فارورڈ بند ہوں جو بات دل میں ہوتی ہے کہہ دیتا ہوں اسی لیے آج آپ سے مل کر آپ کو کہنے آیا ہوں کہ آپ کے گھر رشتہ بھیجنا چاہتا ہوں۔۔

اجازت ہے ؟؟؟

،وہ اس کی طرف دیکھتا ہوا محبت بھرے لہجے میں بولا

امن ایک دم خاموش ہوگئی اور اسے حیران کن نظروں سے دیکھنے لگی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا ہوا کیا آپ کو میری بات بُری لگی ہے ؟؟

نہیں ایسا نہیں ہے مجھے کچھ وقت دیں سوچنے کا میں گھر میں کسی سے بات کروں گی اس بارے میں پھر آپ کو بتاؤں گی۔۔

،امن نے کہا

ٹھیک ہے کوئی مسئلہ نہیں ہے آپ آرام سے سوچ سمجھ کر فیصلہ کریں ہم آپ کے فیصلے کے منتظر رہیں گے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،اسفند نے مسکراتے ہوئے کہا

****

میں کسی کو نہیں بتاؤں گی پلیز بتا دو کسے پسند کرتا ہے زریار ؟؟

میرال ندا کی منتیں کررہی تھی یہ جاننے کے لیے کہ زریار کس لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہے مگر ندا اسے بتا نہیں رہی تھی۔۔

امی اسے کہیں مجھ سے اس بارے میں بات نہ کرے میں زریار کے لیے پہلے ہی بہت پریشان ہوں۔۔

،ندا نے اپنی امی سے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ندا بیٹا تم اسے کال کرو ہوسکتا ہے تمہاری کال اٹینڈ کر لے۔۔

ٹھیک ہے امی میں کرتی ہوں۔۔

ندا نے زریار کو کال ملائی تو اس نے کال اٹینڈ کرلی۔۔

زریار میرے پیارے بھائی کہاں ہو تم؟؟

میں تم سے ملنے گھر آئی ہوں اور تم گھر پر ہی نہیں ہو جلدی سے گھر آجاؤ۔۔

نہیں ندا میں نہیں آ سکتا۔۔

URDU NOVEL BANK

،زریار نے اداس لہجے میں کہا

تم ہو کہاں اس وقت یہ تو بتاؤ مجھے ؟؟

،ندا نے کہا

مجھے خود بھی نہیں معلوم میں کہاں ہوں اس وقت۔۔

زریار ایسے نہ کرو سب بہت پریشان ہیں گھر آجاؤ بس ایک بار پلیز۔۔۔

میں سب سے بات کروں گی میں اس لڑکی کے گھر جاؤں گی اپنے بھائی کا رشتہ لے کر تم بس گھر آجاؤ ایک بار۔۔

کس لڑکی کے گھر مجھے تو بتادو یار۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،میرال جھٹ سے بولی

ندا نے میرال کے منہ پر ہاتھ رکھ دیا۔۔

میں اور فہد تمہارا ویٹ کررہے ہیں جلدی سے آجاؤ۔۔

زریار نے کال بند کردی۔۔

کیا کہا ہے اس نے ؟؟

،ندا کی امی بولی

URDU NOVEL BANK

اس نے کال بند کردی ہے مجھے لگتا ہے وہ آ رہا ہے۔۔

ندا نے جواب دیا۔۔

****

آپ کمرے میں چلو پروین کر لے گی سب کچھ آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے سب کچھ وقت پر تیار ہو جائے گا۔۔

شہمیر پلیز ایسے نہ کرو مجھے بنانے دو کھانا۔۔

نہیں بالکل بھی نہیں اب بس آپ کو ریسٹ کرنا ہے جو چیز چاہئیے ہو پروین کو آواز دے دینا وہ آپ کو دے جائے گی آپ کو اُٹھنے کی بالکل بھی ضرورت نہیں ہے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا اپنی امی کو تو بتا دو جا کر انہیں بھی تو معلوم ہونا چاہئیے ہے نہ۔۔

اچھا ٹھیک ہے میں انہیں بتا کر آتا ہوں۔۔

شہمیر اپنی امی کے کمرے میں گیا وہ بیٹھی تسبیح پڑھ رہی تھی۔۔

امی میں آپ کے لیے بہت بڑی خوشخبری لایا ہوں۔۔

وہ اپنی امی کے قدموں میں بیٹھ گیا۔۔

اس کی امی نے اس کی بات کا کوئی جواب نہیں دیا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

امی میری طرف دیکھیں۔۔

اس نے اپنی امی کے پیر دبانا شروع کردیے۔۔

امی آپ دادی بننے والی ہیں۔۔

،وہ اپنی امی کی طرف دیکھتا ہوا بولا

یہ سنتے ہی اس کی امی نے اس کی طرف حیران کن نظروں سے دیکھا۔۔

ارے ماشاءاللہ بہت بہت مبارک ہو۔۔

اس کی امی نے مسکراتے ہوئے کہا تو شہمیر اُٹھا اور فوراً اپنی امی کے سینے سے لگ گیا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کہاں ہے میری بہو ؟؟

لے کر جاؤ مجھے اس کے پاس۔۔

اس نے اپنی کا ہاتھ پکڑا اور دھیرے دھیرے انہیں منال کے پاس لے گیا۔۔

منال دیکھو امی آئی ہیں آپ سے ملنے۔۔

،شہمیر نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا

منال فوراً اٹھی اور انہیں صوفے پر بیٹھایا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

مجھے معاف کر دو بیٹا میں نے بہت بُرا کیا تمہارے ساتھ۔۔

شہمیر کی امی نے منال کو گلے لگا لیا۔۔

ایسے نہ کہیں آپ بڑی ہیں ہماری بس آپ شہمیر کے ساتھ پہلے جیسی ہو جائیں میرے لیے یہی کافی ہوگا۔۔

،منال نے کہا

بیٹا تم نے ہمیں بہت بڑی خوشخبری دی ہے میں بہت خوش ہوں شہمیر منال کا صدقہ دو بیٹا نظر نہ لگ جائے میری بہو کو۔۔

صدقہ تو ہم نے ہاسپٹل سے واپسی پر ہی دے دیا تھا امی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شہمیر نے جواب دیا۔۔

******

میرال جلدی جاؤ اور اچھا سا کوئی سُوٹ پہن کر آؤ۔۔

،ندا نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا

کیوں جی اس سُوٹ کو کیا ہے جو میں نے پہنا ہوا ہے ؟؟

،میرال نے سرد لہجے میں کہا

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بیٹا جی تمہارا رشتہ آیا ہے تمہیں دیکھنے آئے ہیں کچھ خاص لوگ جلدی سے تیار ہو جا کر اور باہر آؤ جلدی سے ابو کا آرڈر ہے۔۔

کیاااا ؟؟

کون آیا ہے ؟؟

میں نہیں آؤں گی باہر تم پاگل ہوگئی ہو ندا سچ بتاؤ کون آیا ہے ؟؟

میرال کا رونے والا منھ ہوگیا تھا۔۔

اتنے میں میرال کی امی بھی کمرے میں آگئی۔۔

تیار ہو جلدی سے میرال تمہیں دیکھنے آئے ہیں تمہارے ابو کے دوست اور ان کی بیگم۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کون ہیں وہ امی ؟؟

وہی ہیں جن کے لڑکے کو تم اس دن سے ملوا رہی تھی۔۔

،میرال کی امی نے کہا

کیپٹن ماہیر ؟؟

،میرال نے حیرانگی سے کہا

ہاں ہاں وہی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یہ سُن کر میرال کے دل کو تھوڑی تسلی ہوئی اور بھاگتی ہوئی واش روم میں چلی گئی۔۔

لگتا ہے اسے وہ پسند آگیا تھا اس دن اسی لیے تو بھاگی ہوئی گئی ہے۔۔

ندا ہنستی ہوئی بولی،

میرے دل کو ایک دم ماہیر کا نام سُن کر تسلی کیوں ہوئی ؟؟

اس نے پانی کی ٹونٹی بند کی اور واش روم میں کھڑی ہو کر سوچنے لگی۔۔

کہیں مجھے پیار ویار تو نہیں ہوگیا ان سے ؟؟

ویسے کتنا چالاک نکلا یہ لڑکا رشتہ ہی بھیج دیا میرے گھر واہ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میرال جلدی کرلو۔۔

ندا نے واش روم کا دروازہ ناک کیا۔۔

ایک تو یہ میرے پیچھے پڑ گئی ہے۔۔

میرال نے جلدی جلدی منھ دھویا اور باہر آگئی۔۔

یہ خوشی کے آنسو ہیں میری جان تم نے آج دل خوش کردیا ہے ہمارا۔۔

منال کے امی ابو یہ خوشخبری سُن کر بہت خوش ہوئے۔۔

URDU NOVEL BANK

میں خالہ بننے والی ہوں بھئی سب مجھے مبارکباد دو۔۔

امن نے ہنستے ہوئے منال کو گلے سے لگایا۔۔

یہ سب کون ہیں اور اتنا شور کیوں مچا رکھا ہے ہمارے گھر میں ؟؟

عائزہ باہر سے آتی ہی بولنا شروع ہوگئی تھی۔۔

میری امی ابو اور بہن ہیں مجھ سے ملنے آئے ہیں۔۔

،منال فوراً بولی

یہ کیوں آئے ہیں یہاں پر کس نے انہیں اجازت دی ہے اس گھر میں آنے کی۔۔

وہ تلخ لہجے میں بولی تو منال کو یہ سُن کر بہت غصہ آیا۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

یہ میرے ماں باپ ہیں اور یہ گھر ان کی بیٹی کا ہے ان کا جب دل چاہے گا یہ اس گھر میں آئیں گے انہیں یہاں آنے کی تمہاری جیسی لڑکی کی اجازت کی ضرورت نہیں ہے سمجھی تم۔۔

منال نے اسے خوب سُنائی تو سڑ بُھن کر اپنی ماں کے پاس بھاگ گئی۔۔

منال ہمیں یہاں آنا ہی نہیں چاہیئے تھا فضول میں تماشا کرے گی یہ لڑکی اب تمہارے ساتھ۔۔

URDU NOVEL BANK

،منال کی امی نے کہا

منال اس لڑکی کی ہمت کیسے ہوئی تمہارے ساتھ اس طریقے سے بات کرنے کی۔۔

اسے تو میں بتاتی ہوں۔۔

،امن نے غصے سے کہا

اتنے میں شہمیر بھی آگیا۔۔

سب کو ایسے خاموش بیٹھا دیکھ کر اسے تھوڑا سا عجیب محسوس ہوا۔۔

کیا ہوا اتنے خاموش کیوں ہیں سب ؟؟

منال نے شہمیر کی طرف غصے سے دیکھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کوئی بات ہوئی ہے کیا؟؟

،اس نے منال سے کہا

پہلی بار میرے ماں باپ بہن اس گھر میں آئے ہیں اور آپ کی بہن اتنی بے عزتی کر کے گئی ہے اسے ذرا لحاظ نہیں ہے۔۔

یہ سن کر شہمیر نے اپنے ماتھے پر ہاتھ رکھا اور گہرا سانس لیا۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میں معافی مانگتا ہوں آنٹی انکل امن آپ سے وہ ہے ہی ایسی اسے بڑے چھوٹے کی تمیز ہی نہیں رہی۔۔

شہمیر نے دونوں ہاتھ جوڑتے ہوئے کہا تو منال کے امی ابو نے اس کے ہاتھ پکڑ لیے۔۔

نہیں بیٹا تم معافی مت مانگو۔۔

کوئی بات نہیں ہمیں بس منال کی فکر ہوئی تھی کہ یہ اُس کے ساتھ بولی ہے کہیں بعد میں منال کے لیے مسئلہ نہ ہو جائے۔۔

جب تک میں منال کے ساتھ ہوں نہ کوئی اسے نقصان پہنچانے کا سوچ بھی نہیں سکتا ہے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،شہمیر نے منال کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

کھانا لگ گیا ہے شہمیر صاحب۔۔

،پروین نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا

ہاں ہاں آ رہے ہیں۔۔

چلو آؤ سب کھانا کھاتے ہیں شہمیر امی کو بھی لے آؤ کمرے سے وہ بھی ہمارے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھا لیں گی۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

،منال بولی

ہاں آپ لوگ بیٹھو کھانا شروع کرو میں لے کر آتا ہوں امی کو۔۔

شہمیر جب اپنی امی کے کمرے میں گیا تو عائزہ اپنی امی کے کان بھر رہی تھی منال اور اس کے گھر والوں کے خلاف۔۔

تم کچھ بھی کرلو اب امی تمہاری باتوں میں نہیں آئیں گی اب۔۔

،شہمیر نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا

بیوی کے غلام ہو تم۔۔

،عائزہ نے کہا

Visit for more novels: www.urdunovelbank.com

امی اسے سمجھا لیں یہ منال اور اس کے گھر والوں کی اتنی بے عزتی کر کے آئی ہے میں اسے صرف برداشت کر رہا ہوں اور اس لیے چُپ ہوں کہ مہمانوں کے سامنے گھر میں کوئی تماشا نہ لگے۔۔

،شہمیر نے تلخ لہجے میں است گھورتے ہوئے کہا

جتنا جلدی ہو سکے کوئی اچھا سا رشتہ دیکھو اور اسے اپنے گھر کا کرو بس بہت ہوگیا ہے اب۔۔

URDU NOVEL BANK

،اس کی امی نے کہا

امی آپ میری سائڈ کیوں نہیں لے رہی ؟؟

کیا ہوگیا ہے آپ کو ؟؟

،عائزی نے سرد لہجے میں کہا

میری بہو کو اب کسی قسم کی کوئی بھی ٹینشن دینے کی ضرورت نہیں ہے میں نہیں چاہتی وہ اس حالت میں پریشان ہو یا غصہ کرے سمجھی تم--

کس حالت میں ؟؟

یہ کس بارے میں بات کررہی ہیں آپ ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم پھپھو بننے والی ہو--

یہ سُن کر عائزہ حیران رہ گئی--

یہ کیسے ہو سکتا ہے امی ہم نے تو شہمیر کی دوسری شادی کرنی تھی نہ--

،وہ جھٹ سے بولی

بس چُپ اب ایک بھی لفظ منہ سے ایسا مت نکالنا سمجھی سب بھول جاؤ اور جا کر اپنی بھابھی سے معافی مانگو--

URDU NOVEL BANK

،اس کی امی نے کہا

ہرگز نہیں--

میں مر جاؤں گی مگر اس سے معافی نہیں مانگوں گی--

،عائزہ نے تلخ لہجے میں کہا

اب تم مجھے منال کے آس پاس بھی بھٹکتی ہوئی نظر نہ آؤ--

شہمیر یہ کہہ کر اپنی امی کو وہاں سے باہر سب کے پاس لے کر چلا گیا--

******

ہمیں تو پہلی نظر میں ہی بہت پسند آگئی تھی میرال--

میرال بہت گھبرائی ہوئی بیٹھی تھی سب کے سامنے--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہت ہی تیز نکلا یہ کیپٹن ماہیر بہت ہی زیادہ ایک بار ملنے دو اسے تو میں بتاؤں گی--

میرال دل ہی دل میں یہ سب سوچ رہی تھی--

اب آپ لوگ بھی آئیں ہمارے گھر ماہیر کو دیکھنے پھر بات کو آگے بڑھاتے ہیں--

،ماہیر کی امی نے کہا

ندا تو بس میرال کو دیکھ دیکھ کر خوش ہو رہی تھی--

URDU NOVEL BANK

یہاں زریار ہوتا نہ اگر اس وقت تو اس نے میرال کو بخشنا نہیں تھا ابھی تو یہ بہت سیریس بیٹھی ہے نہ زریار نے اس کو ہنسا ہنسا کے پاگل کر دینا تھا۔۔

ندا نے صائمہ سے دھیمی آواز میں کہا،

ہاں سہی کہا تم نے اور جب اسے پتا چلے گا میرال کا رشتہ آیا ہے تب بھی اس نے میرال کو بہت تنگ کرنا ہے۔۔

صائمہ نے ہنستے ہوئے کہا،

م۔۔میں آتی ہوں وہ مجھے ایک کام یاد آگیا ہے۔۔

میرال یہ کہہ کر وہاں سے اُٹھ کر اپنے کمرے میں بھاگ گئی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ندا اور صائمہ بھی اس کے پیچھے کمرے میں گئی۔۔

اُففففف میرا تو دم گھُٹ رہا تھا سانس لینا بھی مشکل ہو رہا تھا۔۔

میرال نے ڈوپٹہ سر سے اُتار کر بیڈ پر پھینکا۔۔

ندا اور صائمہ قہقہ لگا کر ہنسنے لگی۔۔

انہوں نے کونسا تمہیں کھا جانا تھا جو سانس لینا بھی مشکل ہو رہا تھا۔۔

صائمہ نے کہا،

URDU NOVEL BANK

بھابھی آپ نہیں جانتی میں بہت ان کمفرٹیبل فیل کررہی تھی۔۔

،میرال بولی

اب اللہ کرے تمہارا بھی رشتہ تہہ ہو جائے جلدی سے پھر تم بھی اپنے گھر کی ہو جاؤ گی۔۔

،ندا بولی

ہیلو مس ندا مجھے نہیں کرنی ابھی شادی اور یہ بات میں امی ابو سے بھی کہہ دوں گی کیونکہ پہلے مجھے اپنی پڑھائی مکمل کرنی ہے اس کے بعد شادی۔۔

،میرال نے ندا کو گھورتے ہوئے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زریار آگیا ہے ندا۔۔

،فہد نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا

واقع ہی ؟؟

یااللہ تیرا شکر ہے۔۔

ندا کمرے سے باہر گئی اور یہاں وہاں دیکھنے لگی۔۔

یہاں تو کہیں نظر نہیں آرہا وہ مجھے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بڑبڑاتی ہوئی وہ باہر لان کی طرف گئی تو زریار وہاں ہی بیٹھا ہوا تھا۔۔

میرا شہزادہ بھائی آگیا۔۔

پتا بھی ہے کتنا پریشان تھے ہم سب تمہارے لیے۔۔

زریار خاموش بیٹھا تھا۔۔

بتاؤ کیا بات ہے کیا پریشانی ہے میرے بھائی کو ؟؟

امی ثانیہ سے کرنا چاہتی ہیں میری منگنی اور تم جانتی ہو نہ میں ساشا سے محبت کرتا ہوں اور اسی سے شادی بھی کرنا چاہتا ہوں۔۔

،زریار نے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا تو اس میں پریشان ہونے والی کیا بات ہے ایسے گھر سے جانے والی کیا بات ہے میں کروں گی پھپھو سے بات میں جاؤں گی تمہارا رشتہ لے کر ساشا کے گھر۔۔

،ندا نے کہا

ثانیہ نے میرے منہ پر تھپڑ مارا میں نے کیسے برداشت کیا میں ہی جانتا ہوں میں کچھ بھی کہے بغیر وہاں سے چلا گیا اگر میں بھی اسے تھپڑ مار دیتا تو کیا عزت رہ جاتی اس کی۔۔

URDU NOVEL BANK

،زریار نے کہا

اس نے تمہیں تھپڑ مارا ؟؟

،ندا نے حیرانگی سے کہا

ہاں اس نے مجھے تھپڑ مارا اور اس وقت میرال بھی وہاں پر ہی موجود تھی۔۔

لگتا ہے ان لوگوں نے یہ بات نہیں بتائی تمہیں۔۔

انہوں نے مجھے صرف یہ بتایا ہے کہ زریار غصے سے چلاگیا ہے گھر سے بیچ کی بات تو

انہوں نے مجھے بتائی ہی نہیں آنے دو اس میرال کو۔۔

،ندا غصے سے بولی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ندا امی کو منا لو پیار سے ورنہ میں ساشا کو بھگا کر لے جاؤں گا سچ کہہ رہا ہوں میں۔۔

چُپ ہو جاؤ ایسے تو نہ بولو جو بھی کرنا ہے عزت سے کرنا ہے اس طرح کا کوئی بھی

غلط قدم اُٹھانے کی ضرورت نہیں ہے سمجھے تم۔۔

،ندا بولی

آجاؤ اندر مہمان چلے گئے ہیں۔۔

،صائمہ نے ندا کو آواز دیتے ہوئے کہا

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

چلو اُٹھو شاباش اندر چلو۔۔

ندا نے زریار کا ہاتھ پکڑا اور اسے اپنے ساتھ اندر لے گئی۔۔

مہمان کون آئے ہوئے تھے ؟؟

،زریار نے کہا

میرال میڈم کو دیکھنے آئے تھے ابو کے دوست اور ان کی بیگم۔۔

شادی پر دیکھا تھا میرال کو انہوں نے پسند آگئی ہے انہیں ہماری بچی۔۔

یہ سُن کر زریار کی ہنسی نکل گئی۔۔

کیا ہوا ؟؟

،ندا نے بھی ہنستے ہوئے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں ملا تھا اُس لڑکے سے تمہاری شادی والے دن اور میرال نے ہی ملوایا تھا مجھے اس سے بیچارے کی تو ذندگی برباد ہو جائے گی۔۔

زریار اپنی ہنسی کو کنٹرول کرتا ہوا بولا۔۔

کیا واقع ہی ؟؟

،ندا نے حیرانگی سے کہا

URDU NOVEL BANK

ہاں سچی یار۔۔

اچھا چلو اب چپ ہو جاؤ ورنہ تمہارا سر پھاڑ کر رکھ دے گی وہ۔۔

،ندا نے ہنستے ہوئے کہا

آگئے آپ زریار ؟؟

آپ کو ذرا شرم نہیں آتی کہ آپ کی امی کتنا پریشان ہو گی آپ کے لیے۔۔

مجھے بالکل بھی معلوم نہیں تھا کہ پاکستان جاکر آپ یہ سب کرو گے میری مرضی سے ہی آپ کی شادی ہوگی سمجھے آپ ؟؟

میں آپ سے پہلے بھی کہہ چکا ہوں امی میں اپنی پسند کی لڑکی سے شادی کروں گا مجھے نہیں کرنی ثانیہ سے شادی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا چلو بتاؤ کون ہے وہ لڑکی ؟؟

ہمیں بھی تو پتہ چلے آپ نے کس لڑکی کو پسند کیا ہے۔۔

زریار ندا کی طرف دیکھنے لگا۔۔

میں آپ کو بتاتی ہوں زریار کس کو پسند کرتا ہے۔۔

،ندا نے سرد لہجے میں کہا

URDU NOVEL BANK

اتنے میں ثانیہ بھی وہاں آ گئی۔۔

آ گئے تم ؟؟

،ثانیہ نے زریار کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

زریار نے اسے فل اگنور کیا۔۔

پھپھو زریار جس لڑکی کو پسند کرتا ہے وہ میرال کی دوست ہے اور اس کا نام ساشا ہے۔۔

ساشا ؟؟؟

میرال یہ سُن کر حیران رہ گئی۔۔

مطلب اُس وقت میں سہی شک کرتی تھی زریار پر ساشا کے حوالے سے۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ یہ سوچنے لگی۔۔

کون ہے وہ ساشا بتاؤ مجھے میرال ؟؟

،زریار کی امی نے کہا

پھپھو میری دوست ہے وہ شادی پر بھی آئی تھی شاید آپ نے دیکھا ہی ہوگا اسے میرے ساتھ ساتھ ہی تھی۔۔

،میرال نے دھیمے لہجے میں کہا

URDU NOVEL BANK

اسے بلاؤ گھر پر کسی بہانے سے میں بھی تو دیکھوں آخر میرے بیٹے نے کس لڑکی کو پسند کیا ہے۔۔

کوئی ضرورت نہیں ہے میرال اسے یہاں بلانے کی سمجھی تم۔۔

،زریار غصے سے بولا

پھپھو زریار میرا بھائی ہے یہ ہمیں سگی بہنوں سے بڑھ کر پیار کرتا ہے اور اگر آپ نہیں جائیں گی اس لڑکی کے گھر رشتہ لے کر تو میں چلی جاؤں گی۔۔

،ندا نے سخت لہجے میں کہا

تم کون ہوتی ہو اس کا رشتہ لے جانی والی ؟؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،ثانیہ نے تلخ لہجے میں کہا

میں بہن ہوں زریار کی سمجھی تم ؟؟

اگر ایک بار اس نے انکار کر دیا ہے تو کیوں اس کے پیچھے پڑ گئی ہو تم ؟؟

،ندا نے ثانیہ کو گھورتے ہوئے کہا

بس کر دو بس کر دو۔۔

،زریار کی امی نے ندا اور ثانیہ دونوں کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

URDU NOVEL BANK

زریار اب تو میں تم پر تھوکتی بھی نہیں شادی کرنا تو دُور کی بات ہے۔۔

یہ کر ثانیہ وہاں سے چلی گئی۔۔

زریار تم نے کچھ نہیں کہنا کسی سے جاؤ کمرے میں جاؤ۔۔

زریار میرال کے کمرے میں چلا گیا۔۔

میرال بھی اس کے پیچھے بھاگتی ہوئی کمرے میں چلی گئی۔۔

میری سمجھ سے باہر ہے سب کچھ پتہ نہیں کیا ہو رہا ہے ذندگی میں۔۔

پھپھو آپ پریشان نہ ہوں آپ کو وہ کرنا چاہئیے ہے جس میں زریار کی خوشی ہے وہ لڑکی بہت اچھی ہے آپ اس سے اور اس کے گھر والوں سے ملیں بات کریں رشتے کی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ندا اپنی پھپھو کو سمجھا رہی تھی۔۔

****

سمائل چیک کریں بھائی کی آپ بس۔۔

،رمشا بولی

ایسے ہی مسکراتے رہا کرو ماہیر کیونکہ آپ ایسے ہی اچھے لگتے ہو اور اب آپ نے کل نہیں جانا کیونکہ کل وہ لوگ ہماری طرف آ رہے ہیں آپ کو دیکھنے۔۔

URDU NOVEL BANK

،ماہیر کی امی نے کہا

چلیں میں اسفند سے کہتا ہوں کہ پرسوں چلے جائیں گے ویسے جانا تو کل ہی چاہئیے تھا بہت چھٹیاں منا لی ہیں۔۔

،ماہیر نے کہا

بیٹا آپ آئے بھی تو اتنے مہینے بعد ہو نہ کچھ نہیں ہوتا اگر ایک دو چُھٹی زیادہ بھی ہو جائے گی تو۔۔

چلیں امی آپ کہہ رہی ہیں تو مان لیتے ہیں۔۔

،ماہیر نے ہنستے ہوئے کہا

بس جلدی سے بھائی کی شادی ہو پھر میں نے خوب مزے کرنے ہیں اپنی بھابھی کے ساتھ مل کر۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،رمشا نے کہا

چُپ کر کے بیٹھ جاؤ اور یہ بتاؤ ابو کہاں ہیں ؟؟

،ماہیر نے کہا

ابو تو چاچو کی طرف گئے ہیں آپ کے رشتے کے بارے میں بتانے۔۔

URDU NOVEL BANK

رمشا کے جواب دیا۔۔

اوہ اچھا۔۔

میں اپنے کمرے میں جا رہا ہوں میرے لئے چائے بنا دو پلیز۔۔

اچھا ٹھیک ہے آپ جاؤ میں آپ کے لیے بنا کر لاتی ہوں اچھی سی مزیدار سی چائے۔۔

وہ اپنے کمرے میں بیٹھا میرال کی یاد میں مست تھا اس وقت اسے ہر جگہ بس وہی دکھائی دے رہی تھی۔۔

اسے یقین ہی نہیں آ رہا تھا کہ اس کی زندگی میں وہ لڑکی آنے والی ہے جسے پہلی نظر دیکھتے ہی اسے پیار ہوگیا تھا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماہیر کو لڑکیوں میں بالکل بھی دلچسپی نہیں تھی وہ ایک سادہ سا معصوم لڑکا تھا میرال اسے پہلی نظر میں ہی دلکش لگی تھی اور وہ اس کی محبت میں دیوانہ ہوگیا تھا۔۔

کتنا کریم ہے میرا رب۔۔

پہلی بار مجھے کوئی لڑکی اتنی اچھی لگی تھی اور رب نے ایسا وسیلہ بنا دیا کہ اب رشتہ تہہ ہونے جا رہا ہے۔۔

یااللہ تیرا کروڑ بار شکر ہے۔۔

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بھائی سو تو نہیں گئے ؟؟

،رمشا نے دروازہ ناک کرتے ہوئے کہا

نہیں نہیں آجاؤ اندر۔۔

،ماہیر جھٹ سے بولا

یہ لیں آپ کی مزیدار سی گرم گرم چائے۔۔

واپس جا کر آپ کو میرے ہاتھ کی بنی چائے یاد تو ضرور آئے گی ویسے۔۔

،رمشا نے چائے ٹیبل پر رکھتے ہوئے کہا

ہاں یہ تو ہے یاد آئے گی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

،ماہیر نے کہا

ماہیر ؟؟؟

ماہیررر ؟؟

اسفند نے ماہیر کو آواز دی۔۔

ہاں ہاں آ جاؤ میں اوپر ہی ہوں۔۔

وہ آتے ہی ماہیر لے گلے لگ گیا۔۔

URDU NOVEL BANK

بہت بہت مبارک ہو بھئی مجھے تو سُن کر بہت خوشی ہوئی جیسے ہی مجھے پتہ چلا میں تو بھاگتا ہوا یہاں آگیا۔۔

ابھی امی ابو گئے تھے ان کے گھر ابھی وہ لوگ کل آئیں گے اس کے بعد ہی فائنل ہوگا ابھی زیادہ خوش مت ہو۔۔

ماہیر بولا،

انہوں نے کل فائنل ہی کر کے جانا ہے مجھے پتہ ہے اور میں تو یہ سوچ کر خوش ہو رہا ہوں تم دونوں کا رشتہ تہہ ہو جائے گا تو میرا اور امن کا بھی سارا معاملہ سیٹ ہوتا آجائے گا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ خوش ہوتا ہوا بولا،

کون امن ؟؟

رمشا ان کے پاس کھڑی ساری باتیں سُن رہی تھی۔۔

ممم آپ یہاں ہی کھڑی ہو جاؤ نیچے میرے لیے بھی چائے بنا کر لاؤ۔۔

اسفند نے ڈرتے ہوئے لہجے میں کہا،

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میں بتاتی ہوں سب کو جا کر امن کے بارے میں اور مجھے تو لگتا ہے آپ لوگوں کا پہلا ہی چکر چل چلا رہا ہے ان لڑکیوں کے ساتھ۔۔

رمشا۔۔

ماہیر نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے سرد لہجے میں کہا تو وہ فوراً نیچے بھاگ گئی۔۔

یار میں اتنا ایکسائٹڈ ہوگیا تھا کہ آس پاس دیکھا ہی نہیں کہ رمشا بھی کھڑی ہے۔۔

،اسفند نے منھ بناتے ہوئے کہا

چلو کوئی بات نہیں وہ نہیں بتائے گی کسی کو بھی۔۔

،ماہیر نے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میری ملاقات ہوگئی ہے امن سے اور میں نے اسے بول دیا ہے میں رشتہ بھیجنا چاہتا ہوں اس کے گھر تو اس نے کہا ہے اسے کچھ وقت چاہئیے ہے سوچنے کے لیے بھی اور گھر میں کسی سے بات کرنے کے لیے بھی۔۔

ہاں ٹھیک ہے اچھی بات ہے وہ سوچ لے گھر بات کرلے اس کے بعد جب وہ ہاں کر دے تو تم فوراً رشتہ بھیج دینا۔۔

،ماہیر نے کہا

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

*****

ویسے زریار تم نے مجھے کبھی بتانا تک اچھا نہیں سمجھا کہ تم میری دوست کو پسند کرتے ہو اور نہ ہی ساشا نے کبھی مجھے بتایا۔۔

ایک دو بار مجھے اور امن کو شک ہوا بھی تھا مگر میں نے کہا نہیں ایسا نہیں ہوسکتا۔۔

لو جی اب تم نئی باتیں سنا لو مجھے پہلے کیا کم باتیں سن رہا ہوں میں۔۔

،زریار نے کہا

ساشا کو بتا دو کہ ہم کل اس کی طرف آئیں گے رشتہ لے کر۔۔

،ندا نے کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا میں اسے کہہ دوں گا مگر دھیان رکھنا ثانیہ یا امی کوئی گڑبڑ نہ کر دیں پلیز۔۔

،زریار نے پریشان لہجے میں کہا

تم فکر نہ کرو میں دیکھ لوں گی سب اور ویسے بھی ثانیہ چلی جائے گی اب واپس دُبئی۔۔

،ندا بولی

اس کا یہاں سے چلے جانا ہی بہتر ہے لڑائی ہی کرنے آئی تھی یہ یہاں پر۔۔

،میرال نے سرد لہجے میں کہا

Visit For More Novels: www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

فون بج رہا ہے تمہارا۔۔

،ندا نے میرال کو اس کا فون پکڑاتے ہوئے کہا

امن کی کال ہے۔۔

میرال کمرے سے باہر چلی گئی۔۔

میں تمہیں ہی کال کرنے والی تھی دو میرے پاس دو بہت بڑی نیوز ہیں تمہیں بتانے ہے لیے مگر پہلے تم بتاؤ مل آئی ہو اس سے ؟؟

میرال بات کرتی کرتی لان میں چلی گئی۔۔

ہاں میں مل آئی ہوں اور ابھی ہم منال کی طرف سے واپس آئے ہیں اور بہت بہت مبارک ہو ہم خالہ بننے والی ہیں۔۔

